پس بخشش کی گئی واسطے اوسکے بسبب اسکام کے کہا گیا کیا تحقیق ہمارے لیے بیچ احسان کرنیکے جانور پر ثواب ہے فرمایا بیچ احسان

اَجْرٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُذِّبَتِ

ثواب ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابن عمر اور ابہریرہ سے کہا دونو نے فرمایا رسول خدا صلعم نے عذاب کی گئی

امْرَاَةٌ فِيْ هِرَّةٍ اَمْسَكَتْهَا حَتّٰى مَاتَتْ مِنَ الْجُوْعِ فَلَمْ تَكُنْ تُطْعِمُهَا وَلَا تُرْسِلُهَا

ایک عورت بسبب بلی کے کہ باندہ رکہا تہا اوسکو یہانتک کہ مر گئی مارے بہوک کے پس نتہی عورت کہ کہلاتی اوس بلی کو

فَتَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ

کر کہاوے جانوروں زمین کے سے متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ رَجُلٌ بِغُصْنِ شَجَرَةٍ عَلَى ظَهْرِ طَرِيقٍ فَقَالَ لَأُنَحِّيَنَّ هٰذَا

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے گذرا ایک شخص ٹہنی درخت کی پر کہ تہی اوپر راہ کے پس کہا البتہ دور کرونگا اس ٹہنی کو

عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ لَا يُؤْذِيهِمْ فَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْهُ قَالَ

مسلمانوں کی راہ سے تا نہ ایذا دے انکو پس داخل کیا گیا بہشت میں متفق علیہ - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَأَيْتُ رَجُلًا يَتَقَلَّبُ فِي الْجَنَّةِ فِي شَجَرَةٍ قَطَعَهَا

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق دیکہا میں نے ایک شخص کو کہ پہرتا ہے اور چین کرتا ہے بہشت میں بسبب ایک درخت کے کہ

مِنْ ظَهْرِ الطَّرِيقِ كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي بَرْزَةَ قَالَ

راہ پر سے تہا درخت ایذا دیتا آدمیوں کو روایت کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی برزہ سے کہ کہا

قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ عَلِّمْنِي شَيْئًا أَنْتَفِعُ بِهِ قَالَ اعْزِلِ الْأَذَى عَنْ طَرِيقِ الْمُسْلِمِينَ

کہا میں نے ای نبی اللہ کے سکہلاؤ مجہکو ایک ایسی چیز کہ نفع پکڑوں میں ساتہ اوسکے فرمایا ایک طرف کیا کر موذی چیز کو راہ مسلمانوں کے سے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اتَّقُوا النَّارَ فِي بَابِ عَلَامَاتِ

روایت کی یہ مسلم نے اور ذکر کرینگے ہم حدیث عدی بن حاتم کی کہ سر اوسکا یہ ہے اتقوا النار بیچ باب علامات

النُّبُوَّةِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ

نبوت کے اگر چاہیگا اللہ تعالے - فصل دوسری روایت ہے عبد اللہ بن سلام سے

قَالَ لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ جِئْتُ فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ وَجْهَهُ عَرَفْتُ

کہ کہا جبکہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں حاضر ہوا میں پس جبکہ دیکہا میں نے چہرہ حضرت کا معلوم کیا میں نے

أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ فَكَانَ أَوَّلُ مَا قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَفْشُوا السَّلَامَ

یہ کہ چہرہ حضرت کا نہیں ہے چہرہ جہوٹہ کا پس تہا اول کلام یہ کہ فرمایا اے آدمیو افشا کرو سلام کو

وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْأَرْحَامَ وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

اور کہلاؤ کہانا اور سلوک کرو ناتیداروں سے اور پڑہو نماز رات کو اوسحالت میں کہ لوگ سوتے ہوں داخل ہوگے

بِسَلَامٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

ساتہ سلامتی کے نقل کی یہ ترمذی - اور ابن ماجہ اور دارمی نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اعبدوا الرحمن واطعموا الطعام وافشوا السلام

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بندگی کرو رحمان کی اور کھلاؤ کھانا اور فاش کرو سلام

تدخلوا الجنة بسلام رواه الترمذي وابن ماجة وعن انس قال قال رسول

داخل ہوگے بہشت میں ساتھ سلامتی کے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم ان الصدقة لتطفئ غضب الرب وتدفع ميتة السوء رواه

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق صدقہ کرنا البتہ بجھا دیتا ہے غضب پروردگار کے کو اور دور کرتا ہے مرنے بد کو نقل کی یہ

الترمذي وعن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم كل معروف صدقة

ترمذی نے۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نیکی ہے صدقہ ہے

وان من المعروف ان تلقى اخاك بوجه طلق وان تفرغ من دلوك في

اور بعضی نیکیوں میں سے یہ ہے کہ ملاقات کرے تو مسلمان بھائی اپنے سے ساتھ کشادہ چہرے کے اور یہ کہ ڈال دے ڈول اپنے سے پانی بیچ

اناء اخيك رواه احمد والترمذي وعن ابي ذر قال قال رسول الله

باسن بھائی اپنے کے نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صلى الله عليه وسلم تبسمك في وجه اخيك صدقة وامرك بالمعروف صدقة

صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرانا تیرا روبرو بھائی اپنے کے صدقہ ہے اور امر کرنا تیرا نیک بات کو صدقہ ہے

ونهيك عن المنكر صدقة وارشادك الرجل في ارض الضلال لك

اور منع کرنا تیرا بری بات سے صدقہ ہے اور بتلا دینا تیرا کسی کو بیچ زمین بے نشان کی واسطے تیرے

صدقة ونصرك الرجل الرديء البصر لك صدقة واماطتك الحجر و

صدقہ ہے اور مدد کرنی تیری اندھے کو تیرے لیے صدقہ ہے اور دور کرنا تیرا پتھر کا اور

الشوك والعظم عن الطريق لك صدقة وافراغك من دلوك

کانٹے کا اور ہڈی کا راہ سے تیرے لیے صدقہ ہے اور ڈالنا پانی کا ڈول اپنے سے

في دلو اخيك لك صدقة رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب

بیچ ڈول بھائی اپنے کے تیرے لیے صدقہ ہے نقل کیا یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے۔

وعن سعد بن عبادة قال يا رسول الله ان ام سعد ماتت فاي

اور روایت ہے سعد بن عبادہ سے کہ کہا اے رسول خدا کے تحقیق ماں سعد کی مر گئی پس کون سا

باب فضل الصدقة

الصدقة افضل قال الماء فحفر بئرا وقال هذه لام سعد رواه ابوداود

صدقہ بہتر ہے فرمایا پانی پس کھودا سعد نے کنواں اور کہا یہ کنواں صدقہ ہے واسطے ماں سعد کی نقل کی یہ ابوداؤد

والنسائی وعن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایما مسلم کسا

اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مسلمان پہناوے کسی

مسلما ثوبا علی عری کساہ اللہ من خضر الجنة وایما مسلم اطعم مسلما علی

مسلمان کو کپڑا اوپر حالت ننگی پن کے پہناویگا اوسکو اللہ بہشت کے سبز لباس سے اور جو مسلمان کھلاوے کسی مسلمان کو

جوع اطعمه اللہ من ثمار الجنة وایما مسلم سقی مسلما علی ظما سقاہ اللہ

بھوک پر کھلاویگا اوسکو اللہ میوون بہشت کے سے اور جو مسلمان پلاوے کسی مسلمان کو پیاس پر پلاویگا اوسکو اللہ

من الرحیق المختوم رواہ ابوداود والترمذی وعن فاطمة بنت

شراب مہر کیے ہوئے میں سے روایت کی یہ ابوداود اور ترمذی نے ۔ اور روایت ہے فاطمہ بیٹی

قیس قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان فی المال لحقا سوی الزکوة ثم

قیس کی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مال میں البتہ حق ہے سوا زکوۃ کے پھر

تلا لیس البر ان تولوا وجوھکم قبل المشرق والمغرب الآیة رواہ الترمذی

پڑھی (حضرت نے ساری یہ آیت) نہیں نیکی یہی کہ پھیرو مونہ اپنے طرف مشرق اور مغرب کے آخر آیت تک نقل کی یہ ترمذی

وابن ماجة والدارمی وعن بھیسة عن ابیھا قالت قال یا رسول اللہ ما

اور ابن ماجہ اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے بہیسہ سے نقل کی اوسنے اپنے باپ سے کہا بہیسہ نے کہ کہا باپ نے اوسکے یا رسول اللہ

الشیء الذی لا یحل منعه قال الماء قال یا نبی اللہ ما الشیء الذی لا یحل منعه

وہ چیز کہ نہیں حلال منع کرنا اسکو اوس نے فرمایا پانی کہا اے نبی اللہ کے اور کیا چیز ہے کہ نہیں حلال منع کرنا اسکو اور

قال الملح قال یا نبی اللہ ما الشیء الذی لا یحل منعه قال ان تفعل الخیر خیر لک رواہ ابوداود

فرمایا نمک کہا اے نبی اللہ کے اور کیا چیز ہے کہ نہیں حلال منع کرنا اوسکا فرمایا کرنا تیرا بھلائی کو بہتر ہے تیرے لیے نقل کی یہ ابوداود نے

وعن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احیی ارضا میتة فله فیھا اجر وما اکلت

اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسولخدا صلعم نے جو شخص کہ آباد کرے زمین خشک بس اوسکے لیے بیچ اوسکے ثواب ہے اور جو کچھ کہ کھاجاویں

العافیة منه فھو له صدقة رواہ الدارمی وعن البراء قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جانور نہیں تو پس وہ اوسکے لیے صدقہ ہے روایت کی یہ دارمی نے ۔ اور روایت ہے براء سے کہ کہا فرمایا رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم

باب افضل الصدقة

مَنْ مَنَحَ مِنْحَةَ لَبَنٍ اَوْ وَرِقٍ اَوْ هَدٰى زُقَاقًا كَانَ لَهٗ مِثْلُ عِتْقِ رَقَبَةٍ

جو شخص کہ دیوے عاریۃ جانور دودہ کا یا قرض دیوے چاندی یا راہ بتلادے کوچہ اور راہ مین ہوگا اوسکے لیے ثواب مانند آزاد کرنے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَعَنْ اَبِيْ جُرَيٍّ جَابِرِ بْنِ سُلَيْمٍ قَالَ اَتَيْتُ الْمَدِيْنَةَ

نقل کی یہ ترمذی نے - اور روایت ہے ابی جری سے کہ نام اونکا جابر بن سلیم ہے کہا آیا مین مدینہ مین

فَرَاَيْتُ رَجُلًا يَصْدُرُ النَّاسُ عَنْ رَاْيِهٖ لَا يَقُوْلُ شَيْئًا اِلَّا صَدَرُوْا عَنْهُ قُلْتُ

پس دیکھا مینے ایک شخص کو کہ پہرتے ہین لوگ عقل اوسکی سے نہین فرماتا کچہ مگر عمل کرتے ہین لوگ اوسپر کہا مینے

مَنْ هٰذَا قَالُوْا هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ عَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُوْلَ

کون ہے یہ کہا لوگون نے یہ ہین رسول خدا کے صلعم کہا راوی نے کہا مینے تجہپر سلام اے رسول

اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ قَالَ لَا تَقُلْ عَلَيْكَ السَّلَامُ عَلَيْكَ السَّلَامُ تَحِيَّةُ الْمَيِّتِ قُلْ

خدا کے دو بار فرمایا نہ کہہ علیک السلام کہ کہنا علیک السلام کا دعا ہے مردے کی کہہ

السَّلَامُ عَلَيْكَ قُلْتُ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ الَّذِيْ اِنْ

السلام علیک کہا مینے تم ہو رسولخدا کے پس فرمایا مین ہون رسول اللہ کا وہ اللہ کہ اگر

اَصَابَكَ ضُرٌّ فَدَعَوْتَهٗ كَشَفَهٗ عَنْكَ وَاِنْ اَصَابَكَ عَامُ سَنَةٍ فَدَعَوْتَهٗ

پہونچے تجکو ضرر پس پکارے تو اوسکو دور کرے ضرر کو تجسے اور اگر پہونچے تجکو قحط سالی پہر پکارے تو اوسکو

اَنْبَتَهَا لَكَ وَاِذَا كُنْتَ بِاَرْضٍ قَفْرٍ اَوْ فَلَاةٍ فَضَلَّتْ رَاحِلَتُكَ فَدَعَوْتَهٗ

پیدا کرے سبزہ زمین مین تیرے لیے اور جسوقت کہ ہو تو زمین مین کہ خالی ہو پانی اور درخت سے یا ہو جنگل مین کہ دور ہو آبادی سے

رَدَّهَا عَلَيْكَ قُلْتُ اعْهَدْ اِلَيَّ قَالَ لَا تَسُبَّنَّ اَحَدًا قَالَ فَمَا سَبَبْتُ بَعْدَهٗ

پہیر لاوے سواری تجہپر کہا جابر نے کہا مینے نصیحت کیجیے مجکو فرمایا نہ برا کہہ کسیکو کہا جابر نے پس برا کہا مینے پیچہے اوسکے

حُرًّا وَلَا عَبْدًا وَلَا بَعِيْرًا وَلَا شَاةً قَالَ وَلَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوْفِ

کسی آزاد کو اور نہ غلام کو اور نہ اونٹ کو اور نہ بکری کو فرمایا حضرت نے اور نہ حقیر جان کسی چیز کو نیکی سے اور

اَنْ تُكَلِّمَ اَخَاكَ وَاَنْتَ مُنْبَسِطٌ اِلَيْهِ وَجْهُكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنَ الْمَعْرُوْفِ

بات کر تو بہائی اپنے سے اور حال تیرا یہ ہو کہ خوش ہو طرف اوسکی منہ تیرا اسلیے کہ تحقیق یہ بہی نیکی سے ہے

وَارْفَعْ اِزَارَكَ اِلٰى نِصْفِ السَّاقِ فَاِنْ اَبَيْتَ فَاِلَى الْكَعْبَيْنِ وَاِيَّاكَ

اور بلند کر ازار اپنی آدہی پنڈلی تک پس اگر نہ مانے تو پس ٹخنون تک اور بچ تو

وَاِسْبَالَ الْاِزَارِ فَاِنَّهَا مِنَ الْمَخِيلَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمَخِيلَةَ وَاِنِ امْرُءٌ شَتَمَكَ

لٹکانا ازار کا تکبر سے ہے اور تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا تکبر کو اور اگر کوئی شخص گالی دے تجکو

وَعَيَّرَكَ بِمَا يَعْلَمُ فِيكَ فَلَا تُعَيِّرْهُ بِمَا تَعْلَمُ فِيهِ فَاِنَّمَا وَبَالُ ذٰلِكَ عَلَيْهِ رَوَاهُ

اور عار دلاوے تجکو ساتھ اوس عیب کے کہ جانتا ہے تجھ مین پس نہ عار دلا تو اوسکو ساتھ اوس عیب کے کہ جانتا ہے تو اوس مین سوا اسکے نہیں

اَبُو دَاوُدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ حَدِيثَ السَّلَامِ وَفِي رِوَايَةٍ فَيَكُونُ

ابو داؤد نے اور روایت کی ترمذی نے اس حدیث مین سے حدیث سلام کی اور ایک روایت مین یہ ہے

لَكَ اَجْرُ ذٰلِكَ وَوَبَالُهُ عَلَيْهِ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُمْ ذَبَحُوا شَاةً فَقَالَ النَّبِيُّ

کہ ہوگا تیرے لیے ثواب اوسکا اور ہوگا وبال اوسکا اوسپر - اور روایت ہے عائشہ سے یہ کہ اہلبیت نے ذبح کی ایک بکری پس

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ مِنْهَا قَالَتْ مَا بَقِيَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا قَالَ بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

صلعم نے کہ کیا باقی رہا اوس مین سے کہا عائشہ نے کہ نہیں باقی رہا اوس مین سے مگر شانہ اوسکا فرمایا باقی رہی ہے سب سوا اوسکے شانہ کے روایت کی اسکو ترمذی نے

وَصَحَّحَهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ

اور کہا یہ حدیث صحیح ہے - اور روایت ہے ابن عباس سے کہا سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہین کوئی مسلمان

كَسَا مُسْلِمًا ثَوْبًا اِلَّا كَانَ فِي حِفْظٍ مِنَ اللّٰهِ مَا دَامَ عَلَيْهِ مِنْهُ خِرْقَةٌ رَوَاهُ

کہ پہناوے مسلمان کو کپڑا مگر کہ ہوتا ہے بڑی حفاظت مین اللہ کی طرف سے جبتک کہ ہو اوسپر اوس کپڑے مین سے ایک ٹکڑا

اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ يَرْفَعُهُ قَالَ ثَلٰثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ

احمد اور ترمذی نے - اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ پہنچایا اسکو حضرت تک فرمایا حضرت نے تین

رَجُلٌ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَتْلُو كِتَابَ اللّٰهِ وَرَجُلٌ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ بِيَمِينِهِ يُخْفِيهَا

ایک وہ شخص کہ کھڑا ہوا رات کو سحال مین کہ تلاوت کرتا ہے قرآن کی اور ایک شخص وہ کہ دے کوئی صدقہ داہنے ہاتھ اپنے سے چھپاتا ہے اوسکو

اُرَاهُ قَالَ مِنْ شِمَالِهِ وَرَجُلٌ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ فَانْهَزَمَ اَصْحَابُهُ فَاسْتَقْبَلَ الْعَدُوَّ

کہا راوی نے گمان کرتا ہون مین حضرت نے کو فرمایا بائین ہاتھ اپنے سے اور ایک وہ شخص کہ تھا کسی لشکر مین پس شکست پائی یارون اوسکے

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيثٌ غَيْرُ مَحْفُوظٍ اَحَدُ رُوَاتِهِ اَبُو بَكْرِ بْنُ

روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غیر محفوظ ہے ایک روایت کرنیوالا اسکا ابو بکر بن

عَيَّاشٍ كَثِيرُ الْغَلَطِ وَعَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةٌ

عیاش ہے وہ بہت غلطی کرتا ہے - اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص دوست

يحبهم الله وثلاثة يبغضهم الله فاما الذين يحبهم الله فرجل اتى قوما

کو دوست رکھتا ہے ان کو اللہ اور تین شخص ہیں کہ دشمن رکھتا ہے ان کو اللہ پس وہ شخص کہ دوست رکھتا ہے ان کو سو ایک مرد ہے کہ آیا ایک قوم

فسالهم بالله ولم يسالهم لقرابة بينه وبينهم فمنعوه فتخلف رجل

پس مانگا ان سے ساتھ قسم اللہ کے اور نہ مانگا ان سے واسطے قرابت کے کہ درمیان اس کے اور درمیان ان کے ہے پس نہ دیا انہوں نے اس کو پس پیچھے رہ گیا ایک مرد

باعيانهم فاعطاه سرا لا يعلم بعطيته الا الله والذي اعطاه وقوم

چھوڑ کر قوم کو ایک شخص پس دیا اس کو چھپکے سے نہ جانا دینے اس کے کو مگر خدا نے اور اس نے کہ دیا اس کو اور دوسرا ایک قوم

ساروا ليلتهم حتى اذا كان النوم احب اليهم مما يعدل به فوضعوا رؤسهم

کہ چلے تمام رات یہاں تک کہ جس وقت ہوئی نیند بہت پیاری طرف ان کی ہر چیز سے کہ برابر ہو نیند کے پس رکھے سر اپنے قوم

فقام يتملقني ويتلو اياتي ورجل كان في سرية فلقي العدو فهزموا

پھر کھڑا ہوا وہ شخص گڑگڑاتا ہے میرے روبرو اور پڑھنے لگا آیتیں میری اور تیسرا وہ شخص کہ تھا لشکر میں پس ملاقات کی دشمن سے پس

فاقبل بصدره حتى يقتل او يفتح له والثلاثة الذين يبغضهم الله الشيخ

اور وہ شخص متوجہ ہوا ساتھ سینہ اپنے کے یہاں تک کہ مارا گیا یا فتح کی گئی واسطے اس کے اور وہ تین شخص کہ دشمن رکھتا ہے ان کو اللہ ایک تو بوڑھا ہو کر

الزاني والفقير المختال والغني الظلوم رواه الترمذي والنسائي مثله

زنا کرے اور دوسرا فقیر تکبر کرنیوالا اور تیسرا دولتمند ظلم کرنیوالا روایت کی یہ ترمذی اور نسائی نے مانند اس کے

ولم يذكر وثلاثة يبغضهم وعن انس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لما خلق

اور نہیں ذکر کی نسائی نے یہ عبارت وثلاثۃ یبغضہم اور روایت ہے انس سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جبکہ پیدا کی

الله الارض جعلت تميد فخلق الجبال فقال بها عليها فاستقرت فعجبت

اللہ نے زمین ہلنے لگی پھر پیدا کیے پہاڑ پس ٹھیرایا پہاڑوں کو زمین پر پھر ٹھہر گئی زمین پس تعجب کیا

الملائكة من شدة الجبال فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من

فرشتوں نے سختی پہاڑ کی سے پھر کہا فرشتوں نے ای پروردگار ہمارے کیا ہے مخلوقات تیری سے کوئی چیز سخت تر

الجبال قال نعم الحديد فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من الحديد

پہاڑوں سے فرمایا کہ ہاں لوہا ہے پھر عرض کیا فرشتوں نے ای پروردگار ہمارے کیا ہے مخلوقات تیری سے کوئی چیز سخت تر لوہے سے

قال نعم النار فقالوا يا رب هل من خلقك شيء اشد من النار قال نعم الماء

فرمایا کہ ہاں آگ ہے پھر عرض کیا فرشتوں نے ای رب ہمارے کیا ہے مخلوقات تیری سے کوئی چیز سخت تر آگ سے فرمایا ہاں پانی

فقالوا یا رب ھل من خلقک شیء اشد من الماء قال نعم الریح فقالوا یا

پھر عرض کیا فرشتوں نے اے رب ہمارے کیا ہے مخلوقات تیری سے کوئی چیز سخت تر پانی سے فرمایا ہاں ہوا پھر عرض کیا فرشتوں نے اے

رب ھل من خلقک شیء اشد من الریح قال نعم ابن ادم تصدق صدقۃ

رب ہمارے کیا ہے مخلوقات تیری سے کوئی چیز سخت تر ہوا سے فرمایا ہاں صدقہ دینا فرزند آدم کا کہ دیتا ہے صدقہ

بیمینہ یخفیھا من شمالہ رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب وذکر

ساتھ داہنے ہاتھ اپنے کے چھپاتا ہے اوسکو بائیں ہاتھ اپنے سے روایت کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث غریب ہے اور ذکر کی گئی

حدیث معاذ الصدقۃ تطفئ الخطیئۃ فی کتاب الایمان الفصل الثالث

حدیث معاذ کی صدقہ بجھاتا ہے گناہوں کو کتاب الایمان میں فصل تیسری

عن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من عبد مسلم ینفق من کل

روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی بندہ مسلمان کہ خرچ کرے ہر

مال لہ زوجین فی سبیل اللہ الا استقبلتہ حجبۃ الجنۃ کلھم یدعوہ

مال اپنے سے دو دو چیزیں اللہ کی راہ میں مگر کہ استقبال کریں گے اوسکا دربان بہشت کے سارے پکاریں گے اوسکو

الی ما عندہ قلت وکیف ذلک قال ان کانت ابلا فبعیرین وان کانت

طرف اوس چیز کی کہ نزدیک اونکے ہے کہا ابوذر نے کہ کہا میں نے کس طرح سے ہے یہ خرچ کرنا فرمایا اگر ہوں اونٹ پس دیوے دو اونٹ اور اگر ہوویں

بقرۃ فبقرتین رواہ النسائی وعن مرثد بن عبد اللہ قال حدثنی

گائیں تو دیوے دو گائیں روایت کی یہ نسائی نے ـ اور روایت ہے مرثد بن عبد اللہ سے کہ کہا حدیث کی مجکو

بعض اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول

بعضے صحابیوں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے نے یہ کہ سنا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے

ان ظل المؤمن یوم القیمۃ صدقتہ رواہ احمد وعن ابن مسعود قال

یہ کہ تحقیق سایہ مومن کا دن قیامت کے صدقہ اوسکا ہوگا روایت کی یہ احمد نے ـ اور روایت ہے ابن مسعود سے کہ کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من وسع علی عیالہ فی النفقۃ یوم عاشوراء وسع

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کشادگی کرے اپنے کنبے پر خرچ کرنے میں دن عاشورے کے کشادگی کریگا

اللہ علیہ سائر سنتہ قال سفیان انا قد جربناہ فوجدناہ کذلک رواہ

اللہ تعالی اوسپر باقی سال اوسکے میں کہا سفیان ثوری نے کہ تحقیق تجربہ کیا ہے ہمنے اسکا پس پایا ہمنے اسکو اسیطرح

(حاشیہ:) ۵۰ فرمایا کہ ان ہوا یعنی وہ پانی کو خشک کر دیتی ہے ۵۲ ان صدقہ زیادہ دینا فرزند آدم کا زیادہ سخت ہے اس لیے کہ سبب ہے مخالفت نفس کا اور موجب طبیعت اور شیطان کا ... ۵۳ سایہ مومن کا دن قیامت کے صدقہ اس کا ہوگا یعنی جیسے چھتری دھوپ کی گرمی سے بچاتی ہے ویسے ہی صدقہ قیامت کے دن آرام اور راحت کا موجب ہوگا ۱۲

رزین وروی البیہقی فی شعب الایمان عنه وعن ابی ھریرة وابی سعید

رزین نے اور روایت کی بیہقی نے شعب الایمان میں ابن مسعود سے اور ابو ہریرہ اور ابو سعید

وجابر وضعفه وعن ابی امامة قال قال ابو ذر یا نبی اللہ ارأیت

اور جابر سے اور ضعیف کہا ہے اسکو بیہقی نے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا ابو ذر نے اے نبی خدا کے خبر دو مجھکو

الصدقة ماذا ھی قال اضعاف مضاعفة وعند اللہ المزید رواہ احمد

کہ صدقہ کیا ہے ثواب اُسکا فرمایا چند در چند ہے اور نزدیک اللہ کے زیادہ بھی ہے روایت کی یہ احمد نے

باب افضل الصدقة

الفصل الاول

باب ہے بیچ بیان بہترین صدقہ کے ۔ فصل پہلی

عن ابی ھریرة وحکیم بن حزام قالا قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الصدقة ما کان عن

روایت ہے ابی ہریرہ اور حکیم بن حزام سے کہ کہا دونوں نے فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین صدقہ وہ ہے کہ ہو

ظھر غنی وابدأ بمن تعول رواہ البخاری ورواہ مسلم عن حکیم وحدہ

بے پروائی سے اور شروع کر ساتھ اوس شخص کے کہ لازم ہے تجھپر نفقہ اوسکا روایت کی یہ بخاری نے اور روایت کی مسلم نے حکیم سے

وعن ابی مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا انفق المسلم نفقة علی

اور روایت ہے ابی مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جسوقت کہ خرچ کرتا ہے مسلمان کچھ خرچ

اھلہ وھو یحتسبھا کانت لہ صدقة متفق علیہ وعن ابی ھریرة قال قال

اپنے اہل پر اور وہ اسمیں توقع رکھتا ہے ثواب کی ہوتا ہے اوسکے لیے صدقہ متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینار انفقته فی سبیل اللہ ودینار انفقته فی رقبة ودینار

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک دینار ہے کہ خرچ کرتا تو اوسکو اللہ کی راہ میں اور ایک دینار ہے کہ خرچ کرتا تو اسکو بیچ آزاد کرنے بردہ کے اور ایک

تصدقت بہ علی مسکین ودینار انفقته علی اھلک اعظمھا اجرا الذی

کہ تصدق دیتا تو مسکین کو اور ایک دینار ہے کہ خرچ کرتا تو اسکو اپنے اہل پر بڑی ان دیناروں میں از روی ثواب کے وہ دینار ہے

انفقته علی اھلک رواہ مسلم وعن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

کہ خرچ کیا تو نے اوسکو اپنے اہل پر روایت کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ثوبان سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

افضل دینار ینفقه الرجل دینار ینفقه علی عیاله ودینار ینفقه علی دابته

بہتر دینار کہ خرچ کرے اوسکو آدمی وہ دینار ہے کہ خرچ کرے اوسکو اوپر عیال اپنے کے اور وہ دینار کہ خرچ کرے اوسکو اپنے جانور پر

فِی سَبِیْلِ اللّٰہِ وَدِیْنَارٌ یُّنْفِقُہٗ عَلٰی اَصْحَابِہٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

کر یا لاہو اوسکو جہاد کے لیے اور وہ دینار کہ خرچ کرے اوسکو اوپر یاروں اپنے کے او صحابیوں کے وہ جہاد کرنے والے ہوں اللہ کی راہ میں نقل کی یہ مسلم نے

اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَلِیْ اَجْرٌ اَنْ اُنْفِقَ عَلٰی بَنِیْ اَبِیْ سَلَمَۃَ

ام سلمہ سے کہ کہا کہا میں نے یا رسول اللہ کیا واسطے میرے ثواب ہے خرچ کرنے میں اوپر بیٹوں ابی سلمہ کے

اِنَّمَا ھُمْ بَنِیَّ فَقَالَ اَنْفِقِیْ عَلَیْھِمْ فَلَکِ اَجْرُ مَا اَنْفَقْتِ عَلَیْھِمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ

سوا اسکے نہیں کہ وہ بیٹے میرے ہیں پس فرمایا خرچ کر اونپر پس تیرے لیے ثواب ہے اوسچیز کا کہ خرچ کرے گی تو اونپر متفق علیہ۔ اور روایت ہے

زَیْنَبَ امْرَاَۃِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقْنَ یَا

زینب بیوی عبد اللہ بن مسعود کی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تصدق کرو اے

مَعْشَرَ النِّسَاۗءِ وَلَوْ مِنْ حُلِیِّکُنَّ قَالَتْ فَرَجَعْتُ اِلٰی عَبْدِ اللّٰہِ فَقُلْتُ اِنَّکَ

گروہ عورتوں کی اگرچہ ہو زیوروں تمہارے سے کہا زینب نے پس پھر کر آئی میں طرف عبد اللہ بن مسعود کی پس کہا میں نے کہ تحقیق تو

رَجُلٌ خَفِیْفُ ذَاتِ الْیَدِ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَنَا بِالصَّدَقَۃِ فَاْتِہٖ

مرد ہے تنگ ہاتھ کا اور تحقیق رسول خدا صلعم نے حکم فرمایا ہے ہمکو ساتھ دینے صدقہ کے پس جا حضرت صلعم کے پاس

فَاسْئَلْہُ فَاِنْ کَانَ ذٰلِکَ یُجْزِیْ عَنِّیْ وَاِلَّا صَرَفْتُہَا اِلٰی غَیْرِکُمْ قَالَتْ فَقَالَ لِیْ

اور پوچھ اونسے پس اگر ہو یہ تصدق کرنا کہ کفایت کرے مجھسے اور اگر نہ کفایت کرے خرچ کر دوں اوسکو طرف غیر تمہارے کہا زینب نے

عَبْدُ اللّٰہِ بَلْ اِئْتِیْہِ اَنْتِ قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فَاِذَا امْرَاَۃٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ بِبَابِ

عبد اللہ نے بلکہ تو ہی جا حضرت صلعم کے پاس کہا زینب نے پس گئی میں حضرت صلعم کے پاس پس ناگہاں ایک عورت انصار میں سے کھڑی

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَاجَتِیْ حَاجَتُہَا قَالَتْ وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حاجت میری مانند حاجت اوسکی تھی کہا زینب نے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کہ تحقیق

اُلْقِیَتْ عَلَیْہِ الْمَہَابَۃُ قَالَتْ فَخَرَجَ عَلَیْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا لَہٗ اِئْتِ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

ڈالی گئی تھی اونپر ہیبت کہا پس نکلے ہمپر بلال پس کہا ہمنے اونکو جاؤ رسول خدا صلے اللہ

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبِرْہُ اَنَّ امْرَاَتَیْنِ بِالْبَابِ تَسْاَلَانِکَ اَتُجْزِئُ الصَّدَقَۃُ عَنْہُمَا عَلٰی

علیہ وسلم کے پاس پس خبر دو اونکو یہ کہ دو عورتیں دروازے پر پوچھتی ہیں آپسے کہ کیا کفایت کرتا ہے صدقہ دینا اونسے

اَزْوَاجِہِمَا وَعَلٰی اَیْتَامٍ فِیْ حُجُوْرِہِمَا وَلَا تُخْبِرْہُ مَنْ نَحْنُ قَالَتْ فَدَخَلَ بِلَالٌ

خاوندوں اونکے کو اور یتیموں کو کہ اونکی پرورش میں ہیں اور نہ خبر کر تو حضرت صلعم کو کہ کون ہیں ہم کہا زینب نے پس گئے بلال

علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فسألہ فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من هما قال

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس پوچھا حضرت نے اوس سے پس فرمایا بلال کو رسول خدا صلعم نے کہ کون ہیں وہ دونوں کہا بلال نے

امرأۃ من الانصار وزینب فقال لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الزیانب

ایک عورت ہے انصار میں سے اور ایک زینب ہے پس فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو کونسی زینب

قال امرأۃ عبد اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لهما اجران اجر القرابۃ واجر الصدقۃ

کہا عورت عبد اللہ کی پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے اونکو دوہرا ثواب ہے ایک ثواب قرابت کا اور

متفق علیہ واللفظ لمسلم وعن میمونۃ بنت الحارث انها اعتقت

متفق علیہ اور لفظ واسطے مسلم کے۔ اور روایت ہے میمونہ بیٹی حارث کی سے یہ کہ اونہوں نے آزاد کی

ولیدۃ فی زمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ

ایک لونڈی حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پس ذکر کیا میمونہ نے یہ روبرو رسول خدا صلے اللہ

علیہ وسلم فقال لو اعطیتها اخوالک کان اعظم لاجرک متفق علیہ وعن عائشۃ

علیہ وسلم کے پس فرمایا حضرت نے اگر دیتی تو یہ لونڈی اپنی ماموؤں کو تو ہوتا بہت بڑا ثواب تجھکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے عائشہ سے

قالت یا رسول اللہ ان لی جارین فالی ایهما اهدی قال الی اقربهما منک بابا

کہا اے رسول خدا کے تحقیق واسطے میرے ہیں دو ہمسائے پس کسکو اونمیں سے تحفہ بھیجوں فرمایا طرف اوسکی کہ بہت نزدیک ہو تجھسے

رواہ البخاری وعن ابی ذر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا طبخت مرقۃ

روایت کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو تو پکاوے تو شوربا

فاکثر ماءها وتعاهد جیرانک رواہ مسلم الفصل الثانی عن

پس بہت کر پانی اوسکا اور خبر گیری کر ہمسایوں اپنے کی روایت کی یہ مسلم نے۔ فصل دوسری روایت ہے

ابی هریرۃ قال یا رسول اللہ ای الصدقۃ افضل قال جهد المقل وابدأ بمن

ابی ہریرہ رضہ سے کہ کہا یا رسول اللہ کونسا صدقہ بہت سا ثواب رکھتا ہے فرمایا بہت کوشش کرنی کم مال والے کی اور پہلے

تعول رواہ ابو داود وعن سلمان بن عامر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نفقہ اوسکا روایت کی یہ ابوداود نے۔ اور روایت ہے سلمان بن عامر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

الصدقۃ علی المسکین صدقۃ وهی علی ذی الرحم ثنتان صدقۃ

صدقہ دینا مسکین کو ایک صدقہ ہے اور صدقہ دینا قرابتی کو دوہرا ثواب رکھتا ہے ایک صدقہ کا



وَصِلَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ

اور دوسرا سلوک کرنا ناطے دار کا نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے

اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِنْدِيْ دِيْنَارٌ قَالَ اَنْفِقْهُ

ابی ہریرہ سے کہ کہا آیا ایک شخص طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اور کہا میرے پاس ایک دینار ہے فرمایا خرچ کر اسکو

عَلٰى نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى وَلَدِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ

اپنے پر کہا اسنے میرے پاس ایک اور دینار ہے فرمایا خرچ کر اسکو اپنی اولاد پر کہا اسنے میرے پاس ایک اور دینار ہے فرمایا

اَنْفِقْهُ عَلٰى اَهْلِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ قَالَ عِنْدِيْ اٰخَرُ قَالَ

خرچ کر اسکو اپنے اہل پر کہا اسنے میرے پاس ایک اور دینار ہے فرمایا خرچ کر اسکو اپنے خادم پر کہا اسنے میرے پاس ایک اور دینار ہے فرمایا

اَنْتَ اَعْلَمُ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

تو تو دانا تر ہے نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ رَجُلٌ مُمْسِكٌ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا نہ خبر دوں مین تمکو ساتھ بہترین آدمی کے وہ شخص کہ پکڑنے ہوئی ہے لگام گھوڑے اپنی کی اللہ کی

اللهِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْ يَتْلُوْهُ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ غُنَيْمَةٍ لَهٗ يُؤَدِّيْ حَقَّ اللهِ

راہ مین کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھ اس شخص کے کہ قریب ہو مرتبے مین شخص مذکور کے وہ شخص کہ گوشہ پکڑا ہے اپنی چند بکریوں مین ادا کرتا ہے حق اللہ کا

فِيْهَا اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ رَجُلٌ يُسْاَلُ بِاللهِ وَلَا يُعْطِيْ بِهٖ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

اُنمین کیا نہ خبر دون مین تمکو ساتھ بدترین آدمیوں کے وہ شخص کہ سوال کیا جاتا ہے ساتھ قسم اللہ کے اور نہیں دیتا ساتھ اسکے نقل کی یہ ترمذی

وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ اُمِّ بُجَيْدٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا

اور نسائی اور دارمی نے اور روایت ہے ام بجید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے پھیر دو

السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ رَوَاهُ مَالِكٌ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ وَ

مانگنے والے کو اگرچہ ساتھ سم جلے ہوئے کے ہو نقل کی یہ مالک اور نسائی نے اور نقل کئے ترمذی اور

اَبُوْ دَاوٗدَ مَعْنَاهُ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَ

ابو داؤد نے معنے اسکے اور روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص پناہ مانگے

مِنْكُمْ بِاللهِ فَاَعِيْذُوْهُ وَمَنْ سَاَلَ بِاللهِ فَاَعْطُوْهُ وَمَنْ دَعَاكُمْ فَاَجِيْبُوْهُ

ساتھ اللہ کے پس پناہ دو اسکو اور جو کوئی مانگے ساتھ نام اللہ کے پس دو اسکو اور جو شخص کہ بلاوے تمکو پس قبول کرو بلانا اسکا

وَمَنْ صَنَعَ إِلَيْكُمْ مَعْرُوفًا فَكَافِئُوهُ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا مَا تُكَافِئُونَهُ فَادْعُوا لَهُ حَتَّى تَرَوْا

اور جو شخص کرے طرف تمہاری احسان پس بدلہ دو اسکو پس اگر نہ پاؤ مال کہ بدلہ دو اسکا پس دعا کرو واسطے محسن کے یہانتک کہ گمان کرو

أَنْ قَدْ كَافَأْتُمُوهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ

کہ بدلہ دیا تمنے اسکا نقل کی یہ احمد اور ابوداود اور نسائی نے اور روایت ہے جابر سے کہا فرمایا رسول

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُسْأَلُ بِوَجْهِ اللهِ إِلَّا الْجَنَّةُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلُ الثَّالِثُ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ مانگی جاوے ساتھ منہ اللہ کے مگر بہشت نقل کی یہ ابوداؤد نے فصل تیسری

عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ أَبُو طَلْحَةَ أَكْثَرَ الْأَنْصَارِ بِالْمَدِينَةِ مَالًا مِنْ نَخْلٍ وَكَانَ أَحَبُّ

روایت ہے انس سے کہا کہ تھے ابوطلحہ بہت مالدار انصار میں سے مدینہ میں قسم کھجوروں سے اور تھا بہت محبوب

أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بِيرُحَاءَ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مالوں انکے سے طرف انکی بیرحا اور تہا وہ سامنے مسجد کے اور تھے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيهَا طَيِّبٍ قَالَ أَنَسٌ فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ لَنْ تَنَالُوا

تشریف لیجاتے اسمیں اور پیتے پانی اسمیں کا کہ اچھا تھا کہا انس نے پس جب اتری یہ آیت ہرگز نہ پہونچو گے

الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ قَامَ أَبُو طَلْحَةَ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا

نیکی کو یہاں تک کہ خرچ کرو اس چیز سے کہ دوست رکھتے ہو کھڑے ہوئے ابوطلحہ طرف رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی اور کہا یا

رَسُولَ اللهِ إِنَّ اللهَ تَعَالَى يَقُولُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ وَإِنَّ

رسول اللہ تحقیق اللہ تعالے فرماتا ہے ہرگز نہ پہونچو گے نیکی کو یہاں تک کہ خرچ کرو اس چیز سے کہ دوست رکھتے ہو اور تحقیق

أَحَبَّ مَالِي إِلَيَّ بِيرُحَاءَ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ تَعَالَى أَرْجُو بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ

بہت دوست مال میرے سے طرف میری بیرحا ہے اور تحقیق وہ صدقہ ہے واسطے اللہ کے امید رکھتا ہوں نیکی اسکی کی اور ذخیرہ رکھنی اسکا نزدیک

اللهِ فَضَعْهَا يَا رَسُولَ اللهِ حَيْثُ أَرَاكَ اللهُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخْ بَخْ

اللہ کے پس رکھو اسکو اے رسول خدا کے جہاں دکھلاوے تمکو اللہ پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شاباش شاباش

ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْأَقْرَبِينَ فَقَالَ

یہ یعنی بیرحا مال ہے نفع دینے والا اور تحقیق سنا میں نے جو کہا تو نے اور تحقیق میں مناسب جانتا ہوں یہ کہ تقسیم کردے اسکو اپنے قرابتیوں میں

أَبُو طَلْحَةَ أَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللهِ فَقَسَمَهَا أَبُو طَلْحَةَ فِي أَقَارِبِهِ وَبَنِي عَمِّهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

ابوطلحہ نے کرونگا یا رسول اللہ پھر تقسیم کیا اس باغ کو ابوطلحہ نے اپنے قرابتیوں میں اور چچا کے بیٹوں میں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَۃِ اَنْ تُشْبِعَ کَبِدًا

اور روایت ہے انس سے کہ کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہترین صدقہ کا یہ ہے کہ پیٹ بھر دے تو ایک جگر

جَائِعًا رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ بَابُ الْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ

بھوکے کا نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں باب ہے بیچ تتمہ باب سابق کے فصل پہلی روایت ہے

عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَۃُ مِنْ طَعَامِ بَیْتِھَا

عائشہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ تصدق کرتی ہے عورت اپنے گھر کے طعام میں سے

غَیْرَ مُفْسِدَۃٍ کَانَ لَھَا اَجْرُھَا بِمَا اَنْفَقَتْ وَلِزَوْجِھَا اَجْرُہٗ بِمَا کَسَبَ وَلِلْخَازِنِ

اس حال میں کہ نہ اسراف کرنے والی ہو ہوتا ہے واسطے اسکے ثواب اسکا بسبب خرچ کرنے اسکے کے اور ہوگا اسکے خاوند کو ثواب اسکا بسبب

مِثْلُ ذٰلِکَ لَا یَنْقُصُ بَعْضُھُمْ اَجْرَ بَعْضٍ شَیْئًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ

مانند اسکی نہیں کم کرتی بعض انکی ثواب بعض کے کو کچھ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْفَقَتِ الْمَرْاَۃُ مِنْ کَسْبِ زَوْجِھَا مِنْ غَیْرِ اَمْرِہٖ

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ تصدق کرتی ہے عورت کمائی خاوند اپنے کی سے بغیر حکم اسکے کے

فَلَھَا نِصْفُ اَجْرِہٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ

پس واسطے اسکے ہے آدھا ثواب اسکا نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی موسی اشعری سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْاَمِیْنُ الَّذِیْ یُعْطِیْ مَا اُمِرَ بِہٖ کَامِلًا مُوَفَّرًا طَیِّبَۃً

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے داروغہ مسلمان امانت دار ایسا کہ دیوے اس چیز کو کہ حکم کیا گیا ساتھ اسکے پوری بدون نقصان کی خوشی

بِہٖ نَفْسُہٗ فَیَدْفَعُہٗ اِلَی الَّذِیْ اُمِرَ لَہٗ بِہٖ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقَیْنِ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ وَعَنْ

دل اپنے کے سے پس دیوے اس چیز کو طرف اسکی کہ حکم کیا گیا ہے اسکے لیے ساتھ اسکے ایک ہے دو تصدق کرنیوالوں کا متفق علیہ اور روایت ہے

عَائِشَۃَ قَالَتْ اِنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّیْ اُفْتُلِتَتْ نَفْسُھَا وَاَظُنُّھَا

عائشہ سے کہ تحقیق ایک شخص نے کہا واسطے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق ماں میری ناگہاں مرگئی اور گمان کرتا ہوں میں اسکو

لَوْ تَکَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ فَھَلْ لَھَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْھَا قَالَ نَعَمْ مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ

کہ اگر بولتی کچھ للہ دیتی پس کیا ہے واسطے اسکے ثواب اگر صدقہ دوں میں اسکی طرف سے فرمایا ہاں ہے متفق علیہ

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ عَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ

فصل دوسری روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے

فِي خُطْبَتِهِ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ لَا تُنْفِقُ امْرَأَةٌ شَيْئًا مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا إِلَّا بِإِذْنِ

بیچ خطبہ اپنے کے سال حجۃ الوداع کے نہیں کہ نہ خرچ کرے عورت کچھ گھر خاوند اپنے کے سے مگر ساتھ اذن

زَوْجِهَا قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَلَا الطَّعَامَ قَالَ ذٰلِكَ أَفْضَلُ أَمْوَالِنَا رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

خاوند اپنے کے کہا گیا یا رسول اللہ اور نہ خرچ کرے طعام بھی فرمایا یہ نفیس ترین ہے مالوں ہمارے سے نقل کی یہ ترمذی نے

وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ لَمَّا بَايَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النِّسَاءَ قَامَتِ امْرَأَةٌ جَلِيلَةٌ

اور روایت ہے سعد سے کہ جب بیعت لی پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عورتوں سے تو کھڑی ہوئی ایک عورت بزرگ قدر

كَأَنَّهَا مِنْ نِسَاءِ مُضَرَ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّا كَلٌّ عَلَى آبَائِنَا وَأَبْنَائِنَا وَأَزْوَاجِنَا

گویا کہ وہ قبیلہ مضر کی عورتوں سے تھی پس کہا اے نبی اللہ کے تحقیق ہم بھاری ہیں اپنے باپوں پر اور اپنے بیٹوں پر اور اپنے خاوندوں پر

فَمَا يَحِلُّ لَنَا مِنْ أَمْوَالِهِمْ قَالَ الرَّطْبُ تَأْكُلْنَهُ وَتُهْدِينَهُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

پس کیا حلال ہے ہمارے لیے مالوں انکے سے فرمایا تازہ کہ کھاؤ تم اسکو اور بطریق تحفہ کے بھیجو اسکو نقل کی یہ ابو داؤد نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ قَالَ أَمَرَنِي مَوْلَايَ أَنْ أُقَدِّدَ

فصل تیسری روایت ہے عمیر غلام آزاد آبی اللحم کے سے کہا حکم کیا مجھکو صاحب میرے نے کہ چیروں میں

لَحْمًا فَجَاءَنِي مِسْكِينٌ فَأَطْعَمْتُهُ مِنْهُ فَعَلِمَ بِذٰلِكَ مَوْلَايَ فَضَرَبَنِي فَأَتَيْتُ

گوشت کو پس آیا میرے پاس ایک مسکین پس کھلایا میں نے اسکو اسمیں سے پس جانا یہ صاحب میرے نے پس مارا مجھکو پھر آیا میں

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَدَعَاهُ فَقَالَ لِمَ ضَرَبْتَهُ قَالَ يُعْطِي

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس پس ذکر کیا میں نے یہ روبرو حضرت کے پس بلایا اسکو پھر فرمایا کیوں مارا تو نے اسکو کہا دیتا ہے

طَعَامِي بِغَيْرِ أَنْ آمُرَهُ فَقَالَ الْأَجْرُ بَيْنَكُمَا وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ كُنْتُ مَمْلُوكًا

طعام میرا بدون حکم میرے کے فرمایا ثواب درمیان تم دونوں کے ہے اور ایک روایت میں ہے کہا عمیر نے تھا میں غلام کسی کا

فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَصَدَّقُ مِنْ مَالِ مَوَالِيَّ بِشَيْءٍ قَالَ نَعَمْ وَالْأَجْرُ

پس پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کیا تصدق کروں میں مال مالکوں اپنے کے سے کچھ فرمایا کہ ہاں اور ثواب

بَيْنَكُمَا نِصْفَانِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ بَابُ مَنْ لَا يَعُودُ فِي الصَّدَقَةِ

درمیان تم دونوں کے ہو آدھوں آدھ نقل کی یہ مسلم نے باب بیچ بیان اس شخص کے کہ نہ لیوے صدقہ دیا ہوا اپنے کو

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ حَمَلْتُ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ

فصل پہلی روایت ہے عمر بن خطاب سے کہا کہ سوار کیا میں نے کسی کو گھوڑے پر راہ

اللّٰهِ فَاَضَاعَهُ الَّذِیْ کَانَ عِنْدَهٗ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَشْتَرِیَهٗ وَظَنَنْتُ اَنَّهٗ یَبِیْعُهٗ

خدا میں پس ضائع کیا اس شخص نے کہ تہا گہوڑا اس پاس پس چاہا مینے یہ کہ مول لوں میں اسکو اور گمان کیا مینے یہ کہ یہ بیچگا وہ اسکو

بِرُخْصٍ فَسَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَشْتَرِهٖ وَلَا تَعُدْ فِیْ صَدَقَتِكَ وَاِنْ

سستا پہر پوچہا مینے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پس فرمایا نہ خرید کر اسکو اور نہ عود کر اپنے صدقہ میں اگرچہ

اَعْطَاکَهٗ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِیْ صَدَقَتِهٖ کَالْکَلْبِ یَعُوْدُ فِیْ قَیْئِهٖ وَفِیْ رِوَایَةٍ

دیوی تجہکو بدلے ایک درہم کے اسلیے کہ رجوع کرنے والا اپنے صدقہ میں مانند کتے کی ہے کہ چاٹتا ہے اپنی قے کو اور ایک روایت میں ہے

لَا تَعُدْ فِیْ صَدَقَتِكَ فَاِنَّ الْعَائِدَ فِیْ صَدَقَتِهٖ کَالْعَائِدِ فِیْ قَیْئِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ

کہ نہ رجوع کر اپنے صدقہ میں اسلیے کہ رجوع کرنیوالا اپنے صدقہ میں مانند چاٹنے والے کی ہے اپنی قے کو نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے

وَعَنْ بُرَیْدَةَ قَالَ کُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ یَا

اور روایت ہے بریدہ سے کہ کہا تہا میں بیٹہا ہوا پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ناگہاں آئی انکے پاس ایک عورت پہر کہا اے

رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ تَصَدَّقْتُ عَلٰی اُمِّیْ بِجَارِیَةٍ وَاِنَّهَا مَاتَتْ قَالَ وَجَبَ اَجْرُكِ

رسول خدا کے تحقیق تصدق کی تہی مینے اپنی ماں کو ایک لونڈی اور تحقیق ماں مر گئی فرمایا ثابت ہوا ثواب تیرا

وَرَدَّهَا عَلَیْكِ الْمِیْرَاثُ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ کَانَ عَلَیْهَا صَوْمُ شَهْرٍ اَفَاَصُوْمُ

اور پہیر دیا لونڈی کو تجہپر میراث نے کہا عورت نے اے رسول خدا کے تحقیق تہی ماں پر روزی مہینہ بہر کے کیا روزہ رکہوں میں

عَنْهَا قَالَ صُوْمِیْ عَنْهَا قَالَتْ اِنَّهَا لَمْ تَحُجَّ قَطُّ اَفَاَحُجُّ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ حُجِّیْ عَنْهَا رَوَاهُ

اسکی طرف سے فرمایا کہ روزہ رکہ اسکی طرف سے کہا کہ تحقیق ماں میری نے نہیں حج کیا کبہی کیا حج کروں میں اسکی طرف سے فرمایا کہ ہاں حج کر

مُسْلِمٌ کِتَابُ الصَّوْمِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ

مسلم نے کتاب ہے بیچ بیان روزہ کے پہلی فصل روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَفِیْ رِوَایَةٍ فُتِحَتْ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جب داخل ہوتا ہے رمضان کہولے جاتے ہیں دروازے آسمان کے اور ایک روایت میں ہے کہولے جاتے ہیں

اَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّیَاطِیْنُ وَفِیْ رِوَایَةٍ

دروازے بہشت کے اور بند کیے جاتے ہیں دروازے دوزخ کے اور قید کیے جاتے ہیں شیاطین اور ایک روایت میں ہے

فُتِحَتْ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

کہولے جاتے ہیں دروازے رحمت کے نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

کتاب الصوم

الحدیث میں رمضان کی فضیلت کا بیان ہے ... دروازے رحمت کے ... دوزخ کے دروازے بند ہونے ... شیطان قید ہونے ... لوگ بہی رمضان میں روزہ رکہتے ہیں اور نماز شروع کرتے ہیں

صلی اللہ علیہ وسلم فی الجنۃ ثمانیۃ ابواب منہا باب یسمی الریان لا یدخلہ الا الصائمون

صلے اللہ علیہ وسلم نے بہشت میں آٹھ دروازے ہیں ان میں سے ایک دروازہ ہے کہ نام رکھا گیا اسکا ریان نہ داخل ہونگے اس میں مگر روزہ دار

متفق علیہ وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صام رمضان

نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے روزہ رکھا رمضان کا

ایمانا واحتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ ومن قام رمضان ایمانا و

ایمان سے اور واسطے طلب ثواب کے بخشے جاوینگے اسکے لیے جو کہ پہلے کیے گناہوں سے اور جو کوئی کھڑا ہوا رمضان میں ایمان سے اور

احتسابا غفر لہ ما تقدم من ذنبہ ومن قام لیلۃ القدر ایمانا واحتسابا

واسطے طلب ثواب کے معاف ہونگے جو کہ پہلے کیے ہیں گناہوں سے اور جو کوئی کھڑا ہوا شب قدر کو ایمان سے اور واسطے طلب ثواب کی

غفر لہ ما تقدم من ذنبہ متفق علیہ وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بخشے جاوینگے اسکے لیے جو پہلے کیے گناہ نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا کہ فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

کل عمل ابن آدم یضاعف الحسنۃ بعشر امثالہا الی سبعمائۃ ضعف قال

ہر نیک عمل بنی آدم کا زیادہ کیا جاتا ہے ثواب اسکا اسطرح کہ ایک نیکی برابر دس اسکی کے سات سو چند تک فرمایا

اللہ تعالی الا الصوم فانہ لی وانا اجزی بہ یدع شہوتہ وطعامہ من اجلی

اللہ تعالی نے مگر روزہ اسلیے کہ روزہ میرے ہی لیے ہے اور میں ہی جزا دونگا اسکی چھوڑتا ہے خواہش اپنی اور کھانا اپنا میرے لیے

للصائم فرحتان فرحۃ عند فطرہ وفرحۃ عند لقاء ربہ ولخلوف فم

اور روزہ دار کے لیے دو خوشیاں ہیں ایک خوشی نزدیک افطار اپنے کی اور ایک وقت ملاقات پروردگار اپنے کی اور البتہ بو منہ

الصائم اطیب عند اللہ من ریح المسک والصیام جنۃ فاذا کان یوم

روزہ دار کی خوشتر ہے نزدیک اللہ کے بو مشک کی سے اور روزہ سپر ہے پس جب ہو دن

صوم احدکم فلا یرفث ولا یصخب فان سابہ احد او قاتلہ فلیقل انی امرؤ

روزے ایک تمہارے کا پس نہ بات فحش کی کرے اور نہ آواز بلند کرے ساتھ بیہودگی کے پس اگر برا کہے اسکو کوئی یا ارادہ کرے لڑنے اسکے کا پس چاہیے کہ کہے تحقیق میں

صائم متفق علیہ الفصل الثانی عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ

روزہ دار ہوں نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان اول لیلۃ من شہر رمضان صفدت الشیاطین و

صلے اللہ علیہ وسلم نے جس وقت کہ ہوتی ہے پہلی رات مہینے رمضان کی سے قید کیے جاتے ہیں شیطان اور

مَرَدَةُ الْجِنِّ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ فَلَمْ يُفْتَحْ مِنْهَا بَابٌ وَفُتِّحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ

سرکش جنوں کے اور بند کیے جاتے ہیں دروازے دوزخ کے پس نہیں کھولا جاتا اس سے کوئی دروازہ اور کھولے جاتے ہیں دروازے جنت کے

فَلَمْ يُغْلَقْ مِنْهَا بَابٌ وَيُنَادِيْ مُنَادٍ يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ اَقْبِلْ وَيَا بَاغِيَ الشَّرِّ اَقْصِرْ وَ

پس نہیں بند کیا جاتا اس سے کوئی دروازہ اور پکارتا ہے پکارنے والا اے طلب کرنے والے خیر کے متوجہ ہو اور اے ارادہ کرنے والے برائی کے تھم جا اور

لِلّٰهِ عُتَقَاءُ مِنَ النَّارِ وَذٰلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ

واسطے اللہ کے ہیں آزاد کیے ہوئے آگ سے اور یہ پکارنا ہر شب ہوتا ہے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے اور روایت کی

اَحْمَدُ عَنْ رَجُلٍ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

احمد نے ایک شخص سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے فصل تیسری

عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاكُمْ رَمَضَانُ شَهْرٌ مُّبَارَكٌ

روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے آیا تمکو رمضان مہینہ بارکت

فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ تُفْتَحُ فِيْهِ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَتُغْلَقُ فِيْهِ اَبْوَابُ

فرض کیے اللہ تعالے نے تمپر روزے اسکے کھولے جاتے ہیں اسمیں دروازے آسمان کے اور بند کیے جاتے ہیں اسمیں دروازے

الْجَحِيْمِ وَتُغَلُّ فِيْهِ مَرَدَةُ الشَّيَاطِيْنِ لِلّٰهِ فِيْهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ مَنْ

دوزخ کے اور طوق پہنائے جاتے ہیں اسمیں سرکش شیطانوں کے واسطے اللہ کے اسمیں ایک رات ہے بہتر ہزار مہینوں سے جو کوئی

حُرِمَ خَيْرَهَا فَقَدْ حُرِمَ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ

محروم رہا بھلائی اسکی سے پس تحقیق محروم رہا ہر بھلائی سے نقل کی یہ احمد اور نسائی نے ۔ اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے کہ تحقیق

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الصِّيَامُ وَالْقُرْاٰنُ يَشْفَعَانِ لِلْعَبْدِ يَقُوْلُ الصِّيَامُ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزہ اور قرآن شفاعت کرینگے واسطے بندہ کے کہیگا روزہ

اَيْ رَبِّ اِنِّيْ مَنَعْتُهُ الطَّعَامَ وَالشَّهَوَاتِ بِالنَّهَارِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَيَقُوْلُ

اے رب میرے تحقیق میں نے منع کیا اسکو کھانے سے اور رغبت کی چیزوں سے دن میں پس شفاعت قبول کر میری اسکے حق میں اور کہیگا

الْقُرْاٰنُ مَنَعْتُهُ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ فَيُشَفَّعَانِ رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ

قرآن باز رکھا میں نے اسکو نیند سے رات کو پس قبول کر شفاعت میری اسکے حق میں پس قبول کیجاویگی شفاعت انکی نقل کی یہ بیہقی نے

شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلَ رَمَضَانُ فَقَالَ رَسُوْلُ

شعب الایمان میں اور روایت ہے انس بن مالک سے کہ کہا داخل ہوا رمضان پس فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّ ھٰذَا الشَّھْرَ قَدْ حَضَرَکُمْ وَفِیْهِ لَیْلَةٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق یہ مہینہ آیا ہے تمپر اور اسمین ایک رات ہے بہتر ہزار مہینون سے

مَنْ حُرِمَهَا فَقَدْ حُرِمَ الْخَیْرَ کُلَّهٗ وَلَا یُحْرَمُ خَیْرَهَا اِلَّا کُلُّ مَحْرُوْمٍ رَوَاهُ ابْنُ

جو شخص کہ محروم رہا اس سے پس تحقیق محروم رہا ہر خیر سے اور نہین محروم کیا جاتا خیر اسکی سے مگر ہر ایک بے نصیب نقل کی یہ ابن

مَاجَةَ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اٰخِرِ یَوْمٍ

ماجہ نے اور روایت ہے سلمان فارسی سے کہ کہا خطبہ فرمایا ہمکو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچ آخر دن

مِّنْ شَعْبَانَ فَقَالَ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ اَظَلَّکُمْ شَهْرٌ عَظِیْمٌ شَهْرٌ مُّبَارَکٌ شَهْرٌ

شعبان کے پس فرمایا اے لوگو تحقیق سایہ ڈالا تمپر مہینے بڑے نے مہینہ ہے بابرکت مہینہ ہے کہ

فِیْهِ لَیْلَةٌ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ جَعَلَ اللّٰهُ صِیَامَهٗ فَرِیْضَةً وَّقِیَامَ لَیْلِهٖ تَطَوُّعًا

اسمین ایک رات ہے بہتر ہزار مہینون سے کیے اللہ تعالے نے روزے اسکے فرض اور کیا قیام رات اسکی کا نفل

مَنْ تَقَرَّبَ فِیْهِ بِخَصْلَةٍ مِّنَ الْخَیْرِ کَانَ کَمَنْ اَدّٰی فَرِیْضَةً فِیْمَا سِوَاهُ وَمَنْ

جو کوئی نزدیکی ڈھونڈے اللہ کی اسمین ساتھ کسی خصلت کے نیکی کے ہوتا ہے مانند اسکی کہ ادا کیا فرض سوای رمضان کے اور جس نے

اَدّٰی فَرِیْضَةً فِیْهِ کَانَ کَمَنْ اَدّٰی سَبْعِیْنَ فَرِیْضَةً فِیْمَا سِوَاهُ وَهُوَ شَهْرُ

ادا کیا فرض رمضان مین ہوتا ہے مانند اسکی کہ ادا کیے ستر فرض سوائے رمضان کے اور وہ مہینہ

الصَّبْرِ وَالصَّبْرُ ثَوَابُهُ الْجَنَّةُ وَشَهْرُ الْمُوَاسَاةِ وَشَهْرٌ یُّزَادُ فِیْهِ رِزْقُ الْمُؤْمِنِ مَنْ

صبر کا ہے اور صبر ثواب اسکا بہشت ہے اور مہینہ غمخواری کا ہے اور مہینہ ہے کہ زیادہ کیا جاتا ہے اسمین رزق مومن کا جس نے

فَطَّرَ فِیْهِ صَائِمًا کَانَ لَهٗ مَغْفِرَةً لِّذُنُوْبِهٖ وَعِتْقَ رَقَبَتِهٖ مِنَ النَّارِ وَکَانَ لَهٗ

افطار کروایا رمضان مین روزہ دار کو ہوتا ہے اسکے لیے سبب بخشش کا واسطے گناہون اسکے کے اور سبب آزادی ذات اسکی کا اور ہوگا واسطے اسکے

مِثْلُ اَجْرِهٖ مِنْ غَیْرِ اَنْ یَّنْتَقِصَ مِنْ اَجْرِهٖ شَیْءٌ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَیْسَ کُلُّنَا نَجِدُ

ثواب مانند ثواب روزہ دار کی بغیر اسکے کہ کم ہو ثواب اسکے سے کچھ کہا ہمنے کہ یارسول اللہ نہین ہین سب ہمارے کہ پاوین اقتدار

مَا نُفَطِّرُ بِهِ الصَّائِمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُعْطِی اللّٰهُ هٰذَا الثَّوَابَ مَنْ

کہ افطار کرواوین ساتھ اسکے روزہ دار کو پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ دیتا ہے اللہ تعالے یہ ثواب اس شخص کو

فَطَّرَ صَائِمًا عَلٰی مَذْقَةِ لَبَنٍ اَوْ تَمْرَةٍ اَوْ شَرْبَةٍ مِّنْ مَّاءٍ وَمَنْ اَشْبَعَ صَائِمًا سَقَاهُ

کہ افطار کرواوے روزہ دار کو ساتھ ایک گھونٹ لسی کے یا ایک کھجور کے یا ایک گھونٹ پانی کے اور جو شخص کہ پیٹ بھر دیگا روزہ دار

اللہ من حوضی شربۃ لا یظمأ حتی یدخل الجنۃ وھو شھر اولہ رحمۃ و

اللہ حوض میرے سے پلا دیگا کہ نہ پیاسا ہوگا یہاں تک کہ داخل ہو بہشت میں اور وہ مہینا ہے کہ پہلا اسکا رحمت ہے اور

اوسطہ مغفرۃ و آخرہ عتق من النار ومن خفف عن مملوکہ فیہ غفر

بیچ میں اسکے بخشش ہے اور آخر اسکے آزادی ہے آگ سے اور جس شخص نے کہ ہلکا کیا بوجھ لونڈی غلام سے مہینے رمضان کے

اللہ لہ واعتقہ من النار وعن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ

اللہ تعالی واسطے اسکے اور آزاد کرتا ہے اسکو آگ سے اور روایت ہے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم

وسلم اذا دخل شھر رمضان اطلق کل اسیر واعطی کل سائل وعن ابن عمر ان

جس وقت کہ داخل ہوتا مہینا رمضان کا چھوڑ دیتے ہر قیدی کو اور دیتے ہر مانگنے والے کو۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق

النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان الجنۃ تزخرف لرمضان من راس الحول الی حول

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق بہشت زینت کرتی ہے واسطے آنے رمضان کے سر سال سے سال آئندہ

قابل قال فاذا کان اول یوم من رمضان ھبت ریح تحت العرش من

تک کہا پس جس وقت کہ ہوتا ہے پہلا دن رمضان کا چلتی ہے باؤ نیچے عرش کے

ورق الجنۃ علی الحور العین فیقلن یا رب اجعل لنا من عبادک

پتوں بہشت کے سے اوپر حور عین کے پھر کہتی ہیں حوریں اے رب ہمارے کر واں ہمارے لیے اپنے بندوں سے

ازواجا تقربھم اعیننا وتقر اعینھم بنا روی البیھقی الاحادیث الثلثۃ

خاوند ٹھنڈی ہوں بسبب انکی آنکھیں ہماری اور ٹھنڈی ہوں آنکھیں انکی بسبب ہمارے نقل کیں بیہقی نے یہ تینوں حدیثیں

فی شعب الایمان وعن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال یغفر لامتہ

شعب الایمان میں اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بخشش کی جاتی ہے واسطے امت

فی آخر لیلۃ فی رمضان قیل یا رسول اللہ اھی لیلۃ القدر قال لا ولکن

بیچ آخر رات رمضان کے کہا گیا یا رسول اللہ کیا وہ لیلۃ القدر ہے فرمایا نہیں ولیکن

العامل انما یوفی اجرہ اذا قضی عملہ رواہ احمد باب رؤیۃ

کام کرنیوالا سوائے اسکے نہیں کہ پوری دیا جاتا ہے مزدوری اپنی جس وقت کہ کر چکتا ہے کام اپنا نقل کی یہ احمد نے باب ہے بیچ بیان

الھلال الفصل الاول عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ

چاند کے فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُومُوا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوا

علیہ وسلم نے نہ روزہ رکھو یہاں تک کہ دیکھو چاند اور نہ افطار کرو یہاں تک کہ دیکھو اسکو پس اگر ڈھانکا جاوے چاند تم پر پس اندازہ کرو

لَهٗ وَفِي رِوَايَةٍ قَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً فَلَا تَصُومُوا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ

واسطے اسکے اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا حضرت نے مہینہ ہوتا ہے کبھی انتیس رات کا پس روزہ رکھو یہاں تک کہ دیکھو چاند پس اگر ابر کیا جاوے

عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلٰثِيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

تم پر پس پوری کرو گنتی تیس دن کی نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهٖ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهٖ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوْا

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھو بعد دیکھنے چاند کے اور افطار کرو بعد دیکھنے چاند کے پس اگر ابر کیا جاوے تم پر پس پوری کرو

عِدَّةَ شَعْبَانَ ثَلٰثِيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

گنتی شعبان کی تیس دن نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا اُمَّةٌ اُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ

صلے اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ہم جماعت ہیں امی کہ حساب وکتاب نہیں جانتے ہیں

الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَعَقَدَ الْاِبْهَامَ

مہینہ ایسا اور ایسا اور ایسا اور بند کیا انگوٹھے کو

فِي الثَّالِثَةِ ثُمَّ قَالَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا

تیسری بار میں پھر فرمایا مہینہ ہوتا ہے ایسا اور ایسا اور ایسا

يَعْنِيْ تَمَامَ الثَّلٰثِيْنَ يَعْنِيْ مَرَّةً تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ

یعنے پورا تیس دن کا مراد یہ کہ ایک دفعہ انتیس دن کا ہوتا ہے

وَمَرَّةً ثَلٰثِيْنَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ

اور ایک دفعہ تیس کا روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے اور روایت ہے ابی بکرہ سے کہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرَا عِيْدٍ لَا يَنْقُصَانِ رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ

کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دو مہینے عید کے نہیں ناقص ہوتے رمضان اور ذی حجہ

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَقَدَّمَنَّ

نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ آگے رکھے

أحدكم رمضان بصوم يوم أو يومين إلا أن يكون رجل كان يصوم

ایک تمہارا رمضان سے روزہ ایک دن کا یا دو دن کا مگر یہ کہ ہو ایک شخص کہ رکھتا ہو عادت

صوما فليصم ذلك اليوم متفق عليه الفصل الثاني عن أبي هريرة

اور نہ نفل عہد مسلمانونکا ایک ہی سعی کرسکتا ہے ساتھ اوسکے ادنا اونکا پس جو شخص کہ توڑے مسلمان
فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا
پس اوسپر ہے لعنت اللہ کی اور فرشتون کی اور سب آدمیون کی نہین قبول کیے جاتے اوس سے فرض اور نہ
عَدْلٌ وَمَنْ وَالَى قَوْمًا بِغَيْرِ إِذْنِ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ
نفل اور جو شخص کہ موالات کرے ایک قوم سے بغیر اذن صاحبون اپنے کے پس اوسپر ہے لعنت اللہ کی اور فرشتونکی
وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي
اور سب آدمیون کی نہین قبول کیے جاتے اوس سے فرض اور نہ نفل متفق علیہ اور بیچ
رِوَايَةٍ لَهُمَا مَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ أَوْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ
ایک روایت بخاری اور مسلم کی مین یہ بھی ہے کہ جو شخص کہ دعوی کرے طرف غیر باپ اپنے کے یا نسبت کرے اپنی طرف غیر مالکون اپنے کے
اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ وَعَنْ
خدا کی اور فرشتونکی اور سب آدمیون کی نہین قبول کیے جاتے اوس سے فرض اور نہ نفل ۔ اور روایت ہے
سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُحَرِّمُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ
سعد (بن ابی وقاص) سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق مین حرام کرتا ہون درمیان دونون کنارون سنگستان
أَنْ يُقْطَعَ عِضَاهُهَا أَوْ يُقْتَلَ صَيْدُهَا وَقَالَ الْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا
یہ کہ کاٹے جاوین درخت خاردار اوسکے یا مارا جاوے شکار اوسکا اور فرمایا مدینہ بہتر ہے واسطے اونکے اگر
يَعْلَمُونَ لَا يَدَعُهَا أَحَدٌ رَغْبَةً عَنْهَا إِلَّا أَبْدَلَ اللّٰهُ فِيهَا مَنْ هُوَ خَيْرٌ
جانین نہ چھوڑیگا اوسکو کوئی بے رغبتی سے مگر بدلے گا اللہ اوسمین اوس شخص کو کہ وہ بہتر ہوگا
مِنْهُ وَلَا يَثْبُتُ أَحَدٌ عَلَى لَأْوَائِهَا وَجَهْدِهَا إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا أَوْ
اوس سے اور نہین ثابت رہیگا کوئی اوسکی سختی اور اوسکی مشقت پر مگر ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنیوالا یا
شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ
کہ گواہ ہونگا مین دن قیامت کے نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ تحقیق رسول خدا
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَصْبِرُ عَلَى لَأْوَاءِ الْمَدِينَةِ وَشِدَّتِهَا أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِي
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین صبر کریگا سختی اور بھوک پر مدینہ کی اور اوسکی محنت پر کوئی امت

[Marginal handwritten notes, top:] واجب ہوتی جو اس امان کی رعایت ... اور جب ایک مسلمان برا عورت کسی کافر کو پناہ دے ... یعنی آزاد اسلام
[Right margin handwritten notes:] اور جب ایک قوم سے دوستی کی اور انہین ایک دوسرے کی مددگاری کا عہد کیا تو انکو بدون اجازت کے اور قوم سے راہ و رسم کرنا اور مددگاری کا قول و قرار کرنا درست نہین ... وعید ہے ان لوگون کو جو اپنی ذات بدل کر شرفا مین ... غلام قرار دیں ...
[Lower margin handwritten notes, partly illegible:] جماعت علما اور اہل مدینہ کا مذہب ... اور حنفیہ اور جمیع ... مدینہ کا حرم ... [illegible]

إِلَّا كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّاسُ

مگر کہ ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنیوالا دن قیامت کے نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا تھے لوگ

إِذَا رَأَوْا أَوَّلَ الثَّمَرَةِ جَاءُوا بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا أَخَذَهُ قَالَ اللّٰهُمَّ

جسوقت دیکھتے نیا پھل لاتے اوسکو طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس جسوقت کہ لیتے اوسکو حضرت ص کہتے یا الٰہی

بَارِكْ لَنَا فِي ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَبَارِكْ

برکت دے واسطے ہمارے بیچ میوے ہمارے کے اور برکت دے واسطے ہمارے بیچ گھر ہمارے کے اور برکت دے واسطے ہمارے بیچ صاع ہمارے اور برکت دے

لَنَا فِي مُدِّنَا اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ عَبْدُكَ وَخَلِيلُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنِّي

واسطے ہمارے بیچ مد ہمارے کے یا الٰہی تحقیق ابراہیم بندہ تیرا اور جانی دوست تیرا اور نبی تیرا تھا اور تحقیق مین

عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنَّهُ دَعَاكَ لِمَكَّةَ وَأَنَا أَدْعُوكَ لِلْمَدِينَةِ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ

بندہ تیرا اور نبی تیرا ہون اور تحقیق ابراہیم نے دعا کی تھی تجھسے واسطے مکہ کے اور مین دعا کرتا ہون تجھسے واسطے مدینہ کے مانند اوس چیز کی کہ دعا

لِمَكَّةَ وَمِثْلِهِ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ يَدْعُو أَصْغَرَ وَلِيدٍ لَهُ فَيُعْطِيهِ ذٰلِكَ الثَّمَرَ رَوَاهُ

واسطے مکے کے اور دوچند اوسکے کہ دعا کی ابراہیم نے پھر کہا ابوہریرہ نے بلاتے حضرت ص بہت چھوٹے لڑکے کو اپنے اہل بیت مین سے پس دیتے اوسکو وہ

مُسْلِمٌ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ حَرَّمَ مَكَّةَ

مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحقیق ابراہیم نے بزرگی دی مکے کو

فَجَعَلَهَا حَرَامًا وَإِنِّي حَرَّمْتُ الْمَدِينَةَ حَرَامًا مَا بَيْنَ مَأْزِمَيْهَا أَنْ لَا يُهْرَاقَ

پس گردانا اوسکو حرام اور تحقیق مینے بزرگی دی مدینہ کو بزرگی دینا درمیان دونو طرفون اوسکے ساتھ اسکے کہ نہ خونریزی کیجاوے

فِيهَا دَمٌ وَلَا يُحْمَلَ فِيهَا سِلَاحٌ لِقِتَالٍ وَلَا تُخْبَطَ فِيهَا شَجَرَةٌ إِلَّا لِعَلْفٍ

اوسمین اور نہ اوٹھایا جاوے اوسمین ہتھیار واسطے لڑائی کے اور نہ جھاڑا جاوے اوسمین درخت مگر واسطے کھانے جانورونکے

رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ سَعْدًا رَكِبَ إِلَى قَصْرِهِ بِالْعَقِيقِ

نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے عامر بن سعد سے یہ کہ سعد سوار ہوئے طرف محل اپنے کے کہ عقیق مین تھا

فَوَجَدَ عَبْدًا يَقْطَعُ شَجَرًا أَوْ يَخْبِطُهُ فَسَلَبَهُ فَلَمَّا رَجَعَ سَعْدٌ جَاءَهُ

پس پایا ایک غلام کو کہ کاٹتا تھا درخت یا جھاڑتا تھا پتے اوسکے تو پس چھین لیے سعد نے کپڑے اوس غلام کے پس جب پھر سعد آئے

أَهْلُ الْعَبْدِ فَكَلَّمُوهُ أَنْ يَرُدَّ عَلَى غُلَامِهِمْ أَوْ عَلَيْهِمْ مَا أَخَذَ مِنْ غُلَامِهِمْ

اہل غلام کے پس گفتگو کی اونسے یہ کہ پھیر دین اونکے غلام پر یا اونپر اوس چیز کو کہ لی ہے غلام اونکے سے

فَقَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ اَرُدَّ شَيْئًا نَفَّلَنِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَى اَنْ

پس کہا سعد نے پناہ خدا کی یہ کہ پہیر دونمین اوس چیز کو کہ دلوائی ہی مجکو پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ مانا یہ کہ

يَرُدَّ عَلَيْهِمْ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

پہیر دین اونپر نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سی کہ کہا جب آئے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم

الْمَدِينَةَ وُعِكَ اَبُو بَكْرٍ وَبِلَالٌ فَجِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ

مدینہ مین تپ مین ہوئی ابوبکر اور بلال پہر آئی مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی مینے اونکو

فَقَالَ اللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْمَدِينَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ اَوْ اَشَدَّ وَصَحِّحْهَا وَبَارِكْ

پس فرمایا الٰہی دوست کر تو طرف ہمارے مدینہ کو مانند دوستی ہماری مکہ کو بلکہ زیادہ تر اوس سے اور درست کر آب و ہوا مدینہ کو

لَنَا فِي صَاعِهَا وَمُدِّهَا وَانْقُلْ حُمَّاهَا فَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

واسطے ہمارے بیچ صاع اسکی کے اور مد اسکی کے اور نکال اسکے تپ کو اور رکہہ اوسکو جحفہ مین نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِي رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِينَةِ رَاَيْتُ امْرَاَةً

اور روایت ہی عبد اللہ بن عمر سے بیچ حدیث خواب دیکہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ مقدمہ مدینہ کے کہ دیکہی مینے ایک عورت

سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الرَّاْسِ خَرَجَتْ مِنَ الْمَدِينَةِ حَتّٰى نَزَلَتْ مَهْيَعَةَ فَتَاَوَّلْتُهَا

کالی پراگندہ بال نکلی مدینہ سے یہانتک کہ اوتری مہیعہ مین پس تعبیر ٹہرائی مینے اوسکی

اَنَّ وَبَاءَ الْمَدِينَةِ نُقِلَ اِلٰى مَهْيَعَةَ وَهِيَ الْجُحْفَةُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَعَنْ

یہ کہ تحقیق وبا مدینہ کی نقل کی گئی طرف مہیعہ کے کہ نام جحفہ کا ہے نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہی

سُفْيَانَ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يُفْتَحُ

سفیان بن ابی زہیر سے کہ کہا سنا مینے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے فتح کیا جاویگا

الْيَمَنُ فَيَاْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ

یمن پس آویگی ایک قوم چلین گے پس کوچ کرین گے ساتہ اہل اپنے کے اور تابعداروں اپنے کے اور مدینہ

خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ وَيُفْتَحُ الشَّامُ فَيَاْتِي قَوْمٌ يَبُسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ

بہتر ہوگا واسطے اونکے اگر جانین اور فتح کیجاویگی شام پہر آویگی ایک قوم چلین گے پس کوچ کرین گے

بِاَهْلِيهِمْ وَمَنْ اَطَاعَهُمْ وَالْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ وَ

ساتہ اہل اپنو کے اور تابعداروں اپنے کے اور مدینہ بہتر ہوگا واسطے اونکے اگر سمجہہ جانین اور

اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِكَاتِبِهٖ

يُفْتَحُ الْعِرَاقُ فَيَأْتِي قَوْمٌ يُبِسُّونَ فَيَتَحَمَّلُونَ بِأَهْلِيهِمْ وَمَنْ أَطَاعَهُمْ وَ

فتح کیا جاویگا عراق پس آویگی ایک قوم چلینگے پس کوچ کرینگے ساتھ اہل اپنے کے اور تابعداروں اپنے کے اور

الْمَدِينَةُ خَيْرٌ لَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

مدینہ بہتر ہوگا واسطے انکے اگر جانتے روایت کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَأْكُلُ الْقُرَى يَقُولُونَ

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے امر کیا گیا ہوں میں ساتھ ہجرت کرنیکے ایسی بستی میں کہ کھاویگی سب

يَثْرِبَ وَهِيَ الْمَدِينَةُ تَنْفِي النَّاسَ كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

یثرب اور وہ مدینہ ہے دور کرتا ہے مدینہ برے آدمیوں کو جیسے دور کرتی ہے بھٹی میل لوہیکا متفق علیہ ۔

وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى

اور روایت ہے جابر بن سمرہ سے کہ کہا سنا میں نے پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے تحقیق اللہ تعالیٰ نے

سَمَّى الْمَدِينَةَ طَابَةَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ أَعْرَابِيًّا

نام رکھا مدینہ کا طابہ نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے کہ تحقیق ایک اعرابی نے

بَايَعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَصَابَ الْأَعْرَابِيَّ وَعْكٌ بِالْمَدِينَةِ فَأَتَى النَّبِيَّ

بیعت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پس پہنچی اعرابی کو تپ مدینہ میں پس آیا نبی

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَقِلْنِي بَيْعَتِي فَأَبَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ جَاءَهُ

صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا اے محمد پھیر دو مجکو بیعت میری پس انکار کیا رسول خدا صلعم نے پھر آیا حضرت صلعم کے پاس

فَقَالَ أَقِلْنِي بَيْعَتِي فَأَبَى ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ أَقِلْنِي بَيْعَتِي فَأَبَى فَخَرَجَ

اور کہا پھیر دو مجکو بیعت میری پس انکار کیا حضرت نے پھر آیا حضرت صلعم کے پاس اور کہا کہ پھیر دو مجکو بیعت میری پس انکار کیا حضرت نے

الْأَعْرَابِيُّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْمَدِينَةُ كَالْكِيرِ تَنْفِي خَبَثَهَا

اعرابی پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے اسکے نہیں کہ مدینہ مانند بھٹی کے ہے دور کرتا ہے میل اپنی کو

وَتَنْصَعُ طَيِّبَهَا مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

اور خالص کرتا ہے ستھرا اچھی اپنی کو متفق علیہ ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَنْفِيَ الْمَدِينَةُ شِرَارَهَا كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ خَبَثَ

علیہ وسلم نے نہیں قائم ہوگی قیامت یہانتک کہ دور کریگا مدینہ شریروں اپنے کو جیسیکہ دور کرتی ہے بھٹی میل

الحدیث رواہ مسلم وعنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی انقاب

لوہے کا نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر راہون

المدینۃ ملائکۃ لا یدخلہا الطاعون ولا الدجال متفق علیہ وعن

مدینہ کے فرشتے نگہبان ہین نہ نہین داخل ہوگی اوسمین بیماری طاعون اور نہ دجال متفق علیہ ۔ اور روایت ہے

انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس من بلد الا سیطؤہ الدجال

انس سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین کوئی شہر مگر کہ پامال کریگا اوسکو دجال

الا مکۃ والمدینۃ لیس نقب من انقابہا الا علیہ الملائکۃ صافین

سوائے مکہ اور مدینہ کے نہین کوئی راہ راہون مدینہ کے سے مگر کہ اوسپر ہین فرشتے صف باندہے ہوئے

یحرسونہا فینزل السبخۃ فترجف المدینۃ باہلہا ثلث رجفات

نگہبانی کرتے ہین اوسکی پس اوتریگا دجال زمین شور مین پس ہلے گا مدینہ ساتھ رہنے والون اپنے کے تین بار ہلنا

فیخرج الیہ کل کافر ومنافق متفق علیہ وعن سعد قال قال رسول

پس نکلیگا طرف دجال کے ہر کافر ومنافق نقل کی یہ بخاری اور مسلم نے ۔ اور روایت ہے سعد سے کہ کہا فرمایا رسول

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یکید اہل المدینۃ احد الا انماع کما ینماع الملح فی

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین مکر کریگا مدینہ والون سے کوئی مگر کہ گھل جاویگا جیسا کہ گھلتا ہے نمک

الماء متفق علیہ وعن انس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا قدم من سفر

پانی مین متفق علیہ ۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جسوقت کہ آتے سفر سے

فنظر الی جدرات المدینۃ اوضع راحلتہ وان کان علی دابۃ حرکہا

پس دیکھتے طرف دیوارون مدینہ کے دوڑاتے اونٹ اپنے کو اور اگر ہوتے دابہ پر جلد چلاتے اوسکو

من حبہا رواہ البخاری وعنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم طلع لہ احد

بسبب محبت مدینہ کے روایت کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ظاہر ہوا پہاڑ احد

فقال ہذا جبل یحبنا ونحبہ اللہم ان ابراہیم حرم مکۃ وانی

پس فرمایا یہ پہاڑ ہے دوست رکہتا ہے ہمکو اور دوست رکہتے ہین ہم اسکو یا الٰہی تحقیق ابراہیم نے حرام کیا مکہ کو اور

احرم ما بین لابتیہا متفق علیہ وعن سہل بن سعد قال قال

حرام کرتا ہون اس جگہ کو کہ درمیان ہے دونو طرفون سنگستان مدینہ کے ہے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے سہل بن سعد سے کہ کہا فرمایا

اللہم اغفر لکاتبہ ولمن سعی فیہ

رسول الله صلى الله عليه وسلم احد جبل يحبنا ونحبه رواه البخاري الفصل

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ ہے کہ ہمکو دوست رکھتا ہے اور دوست رکھتے ہیں ہم اوسکو نقل کی یہ بخاری نے

الثاني عن سليمان بن ابي عبد الله قال رأيت سعد بن ابي وقاص

دوسری روایت ہے سلیمان بن ابی عبد اللہ سے کہ کہا دیکھا مینے سعد بیٹے ابی وقاص کے کو

اخذ رجلا يصيد في حرم المدينة الذي حرم رسول الله صلى الله عليه وسلم فسلبه

کہ پکڑا ایک شخص کو کہ شکار کرتا تہا بیچ حرم مدینہ کے وہ حرم کہ حرام ٹھیرایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے پس چھین لیے

ثيابه فجاء مواليه فكلموه فيه فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم هذا

کپڑے اوسکے پس آئے مالک اوسکے اور کلام کیا سعد سے بیچ مقدمہ اوسکے پس کہا سعد نے کہ تحقیق رسول خدا صلعم نے حرام ٹھیرایا ہے یہ

الحرم وقال من اخذ احدا يصيد فيه فليسلبه فلا ارد عليكم طعمة

حرم اور فرمایا ہے کہ جو شخص پکڑے اوس کو کہ شکار کرتا ہو اوسمین پس چاہیے کہ چھین لے اسباب اوسکا پس نہیں پہیر دونگا مین تمکو وہ

اطعمنيها رسول الله صلى الله عليه وسلم ولكن ان شئتم دفعت اليكم ثمنه رواه

کہ دلوائی ہے مجکو وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ولیکن اگر چاہو تم دونگا تمکو مول اوسکا نقل کی یہ

ابو داود وعن صالح مولى لسعد ان سعدا وجد عبيدا من عبيد

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے صالح سے کہ غلام آزاد تہا سعد کا یہ کہ تحقیق سعد نے پائے کتنے غلام غلامون

المدينة يقطعون من شجر المدينة فاخذ متاعهم وقال يعني لمواليهم

مدینہ کے سے کہ کاٹتے تھے درخت مدینہ کا پس لیا سعد نے اسباب اونکا اور کہا یعنے غلامونکے مالکون کو

سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى ان يقطع من شجر المدينة شئ وقال

کہ سنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ منع فرماتے تھے یہ کہ کاٹا جاوے درخت مدینہ کے سے کچھ اور فرمایا

من قطع منه شيئا فلمن اخذه سلبه رواه ابو داود وعن الزبير

جو کاٹے اوسمین سے کچھ تو پس اسباب اوسکا واسطے اوس شخص کے ہے کہ پکڑے اوسکو نقل کی یہ ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے زبیر سے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان صيد وج وعضاهه حرم محرم لله

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے شکار وج کا اور درخت خاردار اوسکے حرام ہین اور حرام کیے گئے

رواه ابو داود وقال محيي السنة وج ذكروا انها من ناحية الطائف

نقل کی یہ ابو داؤد نے اور کہا محیی السنہ نے کہ وج ذکر کیا علماء نے کہ تحقیق وہ ایک جانب ہے طائف کی اور

قال الخطابي انه بدل انها وعن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہا خطابی نے لفظ انه بدل انها کے ۔ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

من استطاع ان يموت بالمدينة فليمت بها فاني اشفع لمن يموت بها

جو شخص کہ طاقت رکھے یہ کہ مرے مدینہ میں پس چاہیے کہ مرے مدینہ میں پس تحقیق میں شفاعت کرونگا واسطے اوس شخص کے کہ مرے

رواه احمد والترمذي وقال هذا حديث حسن صحيح غريب اسنادا وعن

نقل کی یہ احمد اور ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے باعتبار سند کے ۔ اور روایت ہے

ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اخر قرية من قرى الاسلام خرابا

ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر بستی بستیوں اسلام کی سے خراب ہونیوالی

المدينة رواه الترمذي وقال هذا حديث حسن غريب وعن جرير بن

مدینہ ہوگا نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا یہ حدیث حسن غریب ہے ۔ اور روایت ہے جریر بیٹے

عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الله اوحى الي اى هؤلاء الثلثة

عبد اللہ کے سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا تحقیق اللہ تعالی نے وحی کی طرف میری کہ جونسی ان بستیوں تین میں سے

نزلت فهي دار هجرتك المدينة او البحرين او قنسرين رواه الترمذي

اوترو گے تم پس وہی ہے گھر ہجرت تمہارا یعنی مدینہ یا بحرین یا قنسرین نقل کی یہ ترمذی نے ۔

الفصل الثالث عن ابي بكرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يدخل

فصل تیسری روایت ہے ابی بکرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں داخل ہونیگا

المدينة رعب المسيح الدجال لها يومئذ سبعة ابواب على كل باب

مدینہ میں خوف کانے دجال کا اور مدینہ کے لئے اوس دن سات دروازے ہونگے ہر دروازے پر

ملكان رواه البخاري وعن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اللهم اجعل

دو دو فرشتے ہونگے نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے انس سے کہ نقل کی نبی صلعم سے فرمایا کہ یا الٰہی گردان

بالمدينة ضعفي ما جعلت بمكة من البركة متفق عليه وعن رجل

مدینہ میں دو چند اوس برکت سے کہ گردانی تو نے مکے میں متفق علیہ اور روایت ہے ایک شخص

من ال الخطاب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من زارني متعمدا كان في جواري

کہ اولاد خطاب کی سے تھا نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا جس شخص نے زیارت کی میری قصد کرکے ہوگا بیچ ہمسائیگی

يوم القيمة ومن سكن المدينة وصبر على بلائها كنت له شهيدا و

دن قیامت کی اور جو شخص کرے رہا مدینہ مین اور صبر کیا اوسکی سختیون پر ہونگا مین واسطے اوسکے گواہ اور

شفيعا يوم القيمة ومن مات في احد الحرمين بعثه الله من الامنين

شفاعت کرنیوالا دن قیامت کے اور جو شخص کہ مریگا بیچ ایک کے دونو حرمین سے اوٹھا دیگا اوسکو اللہ تعالی امن والون بیچ

يوم القيمة وعن ابن عمر مرفوعا من حج فزار قبري بعد موتي كان

دن قیامت کے - اور روایت ہی ابن عمر سے بطریق مرفوع کے کہ جس شخص نے حج کیا پہر زیارت کی میری قبر کی پیچھے مرنے میرے کے ہوگا

كمن زارني في حياتي رواهما البيهقي في شعب الايمان وعن يحيى بن

مانند اوس شخص کے زیارت کی میری بیچ زندگی میری کے نقل کی یہ دونو حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین ۔ اور روایت ہی یحیی بیٹے

سعيد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان جالسا وقبر يحفر بالمدينة فاطلع

سعید کے سے یہ کہ تحقیق پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے بیٹھے اور ایک قبر کھودی جاتی تھی مدینہ مین پس جہانکا

رجل في القبر فقال بئس مضجع المؤمن فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم

ایک شخص نے قبر مین اور کہا بری خوابگاہ ہے مومن کی ہے پس فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

بئسما قلت قال الرجل اني لم ارد هذا انما اردت القتل في سبيل الله

کہ بری ہے وہ چیز کہ کہی تو نے کہا اوس شخص نے کہ تحقیق مین نے نہین ارادہ کیا اسکا سوا اسکے نہیں کہ ارادہ کیا مین نے قتل فی سبیل اللہ کا

فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا مثل القتل في سبيل الله ما على الارض بقعة

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شک نہین ہے کوئی چیز مانند قتل فی سبیل اللہ کے نہین ہے زمین پر کوئی جگہ

احب الي ان يكون قبري بها منها ثلث مرات رواه مالك مرسلا

کہ محبوب تر ہو نزدیک میرے کہ ہو قبر میری اوسمین مدینہ سے تین بار فرمائی حضرت نے یہ بات روایت کی یہ مالک نے بطریق ارسال کے

وعن ابن عباس قال قال عمر بن الخطاب سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور روایت ہے ابن عباس سے کہ کہا کہا عمر بن خطاب نے سنا مین نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

وهو بوادي العقيق يقول اتاني الليلة ات من ربي فقال صل في هذا الوادي

اور وہ تھے بیچ وادی عقیق کے فرماتے آیا میرے پاس آجکی رات ایک آنیوالا پروردگار میرے کی طرف سے اور کہا نماز پڑھ اس جنگل

المبارك وقل عمرة في حجة وفي رواية وقل عمرة وحجة رواه البخاري

مبارک بیچ اور کہہ عمرہ حج بیچ ہے اور ایک روایت مین ہے کہ کہہ عمرہ اور حج نقل کی یہ بخاری نے ۔

حرم المدينة

کتاب البیوع باب الکسب وطلب الحلال

کتاب ہے بیچ بیان بیعون کے ۔ باب ہے بیچ بیان کسب کے اور طلب کرنے روزی حلال کے

الفصل الاول

الفصل الاول عن المقدام بن معدیکرب قال قال رسول
فصل پہلی روایت ہے مقدام بن معدیکرب سے کہا فرمایا رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل
خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کھایا کسی نے کوئی کھانا کبھی بہتر اس سے کہ کھاوے کسب
یدیه وان نبی اللہ داود کان یاکل من عمل یدیه رواہ البخاری
ہاتھ اپنے کے سے اور تحقیق نبی اللہ کے داؤد جو تھے کھاتے عمل سے ہاتھوں اپنے کے سے نقل کی یہ بخاری نے
وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ طیب لا
اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق اللہ تعالی پاک ہے نہیں
یقبل الا طیبا وان اللہ امر المومنین بما امر به المرسلین فقال یا
قبول کرتا مگر پاک کو اور تحقیق اللہ تعالی نے حکم کیا مومنوں کو ساتھ اوس چیز کے کہ حکم کیا ساتھ اوسکے رسولوں کو پس
ایها الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا وقال یا ایها الذین
رسولو کھاؤ رزقوں حلال سے اور عمل کرو اچھے اور فرمایا اے
امنوا کلوا من طیبات ما رزقنکم ثم ذکر الرجل یطیل السفر اشعث
مومنوں کھاؤ کھانوں حلال سے جو کچھ کہ دیا ہم نے تمکو پھر ذکر کیا حضرت نے حال ایک شخص کا کہ دراز کرتا ہے
اغبر یمد یدیه الی السماء یا رب یا رب ومطعمه حرام ومشربه حرام
اور غبار آلودہ دراز کرتا ہے دونوں ہاتھ اپنے طرف آسمان کی کہتا ہے اے رب میرے اے رب میرے اور کھانا اوسکا حرام اور پینا اوسکا
وملبسه حرام وغذی بالحرام فانی یستجاب لذلك رواہ مسلم و
اور پہنا اوسکا حرام اور پرورش کیا گیا ساتھ حرام کے پس کہاں سے قبول کیا جاوے دعا اوس شخص کی نقل کی یہ مسلم نے اور
عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یاتی علی الناس زمان لا یبالی
روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے آویگا لوگوں پر ایک زمانہ کہ نہیں پروا کریگا
المرء ما اخذ منه امن الحلال ام من الحرام رواہ البخاری وعن
آدمی ساتھ اوس چیز کے کہ لیویگا مال سے کہ آیا حلال سے لیا ہے یا حرام سے نقل کی یہ بخاری نے اور روایت ہے

النعمان بن بشير قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحلال بين والحرام بين

نعمان بیٹے بشیر کے سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ حلال ظاہر ہے اور حرام ظاہر ہے

وبينهما مشتبهات لا يعلمهن كثير من الناس فمن اتقى الشبهات

اور درمیان حلال اور حرام کے چیزیں ہیں مشتبہ نہیں جانتے انکو بہت آدمی پس جو شخص کہ بچا شبہ کی چیزوں سے

استبرأ لدينه وعرضه ومن وقع في الشبهات وقع في الحرام كالراعي

پاک کیا اوسنے اپنے دین کو اور اپنی آبرو کو اور جو پڑا شبہ کی چیزوں میں پڑے گا حرام میں مانند چرواہے کے

يرعى حول الحمى يوشك ان يرتع فيه الا وان لكل ملك حمى الا وان حمى

کہ چراتا ہے گرد روند کے قریب ہے کہ چریں اوسمیں جانور خبردار ہو کہ واسطے ہر بادشاہ کے روند ہے خبردار ہو کہ روند

الله محارمه الا وان في الجسد مضغة اذا صلحت صلح الجسد كله و

اللہ کی حرام چیزیں ہیں خبردار ہو تحقیق آدمی کے بدن میں ایک ٹکڑا ہے گوشت کا جسوقت کہ درست ہوتا ہے وہ تو درست

اذا فسدت فسد الجسد كله الا وهي القلب متفق عليه وعن رافع

اور جسوقت کہ بگڑتا ہے وہ ٹکڑا بگڑتا ہے سارا بدن اوسکا خبردار ہو کہ وہ ٹکڑا دل ہے متفق علیہ اور روایت ہے رافع

ابن خديج قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمن الكلب خبيث ومهر البغي

بیٹے خدیج سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے مول کتے کا پلید ہے اور خرچی عورت زناکار کی

خبيث وكسب الحجام خبيث رواه مسلم وعن ابي مسعود الانصاري

حرام ہے اور کمائی سینگی کھینچنے والی کی بہ زبون ہے نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الكلب ومهر البغي وحلوان الكاهن

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے منع کیا مول کتے کے سے اور خرچی عورت زانیہ کی سے اور اجرت کاہن کی سے

متفق عليه وعن ابي جحيفة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الدم

متفق علیہ اور روایت ہے ابی جحیفہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا مول خون کے سے

وثمن الكلب وكسب البغي ولعن آكل الربوا وموكله والواشمة والمستوشمة

اور مول کتے کے سے اور خرچی عورت زانیہ کی سے اور لعنت کی سود کے لینے والے پر اور سود کے دینے والے کو اور گودنے والی کو

والمصور رواه البخاري وعن جابر انه سمع رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول

اور مصور کو نقل کی یہ بخاری نے ۔ اور روایت ہے جابر سے یہ کہ اوسنے سنا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے

عام الفتح وهو بمكة ان الله ورسوله حرم بيع الخمر والميتة والخنزير

سال فتح کے کے اور حضرت ص تھے مکے میں یہ کہ اللہ نے اور رسول اوسکے نے حرام کیا بیچنا شراب کا اور مردار کا اور سور کا

والاصنام فقيل يا رسول الله ارأيت شحوم الميتة فانه تطلى بها

اور بتوں کا پس کہا گیا یا رسول اللہ خبر دو ہمکو مردار کی چربی کے حال سے پس تحقیق وہ طلے جاتے ہیں ساتھ اوسکے

السفن ويدهن بها الجلود ويستصبح بها الناس فقال لا هو حرام ثم

کشتیاں اور چکنے کیے جاتے ہیں ساتھ اوسکے چمڑے اور چراغ جلاتے ہیں ساتھ اوسکے لوگ پس فرمایا نہیں جائز یہ بیع پھر

قال عند ذلك قاتل الله اليهود ان الله لما حرم شحومها اجملوه ثم

فرمایا نزدیک اسکے کہ لعنت کرے اللہ یہود کو تحقیق اللہ نے جبکہ حرام کیں چربیاں جانوروں کی پگھلاتے چربی کو پھر

باعوه فاكلوا ثمنه متفق عليه وعن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال

بیچتے اوسکو پھر کھاتے مول اوسکا متفق علیہ۔ اور روایت ہے عمر سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

قاتل الله اليهود حرمت عليهم الشحوم فجملوها فباعوها متفق عليه وعن

مارے اللہ یہود کو حرام کی گئیں اونپر چربیاں پس پگھلایا اونکو اور بیچا اونکو متفق علیہ۔ اور روایت ہے

جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن ثمن الكلب والسنور رواه مسلم و

جابر سے کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا مول کتے کے سے اور بلی کے سے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور

عن انس قال حجم ابو طيبة رسول الله صلى الله عليه وسلم فامر له بصاع من تمر و

روایت ہے انس سے کہ کہا سینگی کھینچی ابو طیبہ نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی پھر حکم کیا حضرت صلعم نے اوسکے لیے ساتھ

امر اهله ان يخففوا عنه من خراجه متفق عليه الفصل الثاني

حکم فرمایا اوسکے مالکوں کو یہ کہ تخفیف کریں اوس سے کمائی اوسکی سے متفق علیہ فصل دوسری

عن عائشة قالت قال النبي صلى الله عليه وسلم ان اطيب ما اكلتم من كسبكم

روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق بہترین اوس چیز کے کہ کھاتے ہو تم وہ چیز ہے

وان اولادكم من كسبكم رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة وفي

اور تحقیق اولاد تمہاری کسب تمہارے سے ہے نقل کی یہ ترمذی اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور بیچ

رواية ابي داود والدارمي ان اطيب ما اكل الرجل من كسبه وان

ایک روایت ابو داؤد اور دارمی کی ہیں یہ ہے کہ بہترین اوس چیز کے کہ کھائی آدمی نے وہ چیز ہے کہ حاصل ہو کسب

وَلَدَهُ مِنْ كَسْبِهِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

اولاد اوسکی سے کسب اوسکے سے ہی ہے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ نقل کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا

لَا يَكْسِبُ عَبْدٌ مَالَ حَرَامٍ فَيَتَصَدَّقُ مِنْهُ فَيُقْبَلُ مِنْهُ وَلَا يُنْفِقُ مِنْهُ

نہیں کماتا بندہ مال حرام پھر صدقہ کرے اوس سے پھر قبول کیا جاوے اوس سے اور نہ نہیں خرچ کرتا مال

فَيُبَارَكُ لَهُ فِيْهِ وَلَا يَتْرُكُ خَلْفَ ظَهْرِهِ اِلَّا كَانَ زَادَهُ اِلَى النَّارِ اِنَّ اللّٰهَ

کہ پھر برکت دیجاوے واسطے اوسکے اوس مال میں اور نہیں چھوڑتا مال حرام پیچھے اپنے مگر کہ ہوتا ہے توشہ اوسکا طرف آگ کے تحقیق

لَا يَمْحُو السَّيِّئَ بِالسَّيِّئِ وَلٰكِنْ يَمْحُو السَّيِّئَ بِالْحَسَنِ اِنَّ الْخَبِيْثَ لَا يَمْحُو الْخَبِيْثَ

نہیں دور کرتا برائی کو ساتھ برائی کے ولیکن دور کرتا ہے برائی کو ساتھ بھلائی کے تحقیق پلید مال نہیں دور کرتا پلیدی کو

رَوَاهُ اَحْمَدُ وَكَذَا فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نقل کی یہ احمد نے اور اسیطرح ہے شرح السنۃ میں۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ وَكُلُّ لَحْمٍ نَبَتَ مِنَ السُّحْتِ كَانَتِ النَّارُ

نہیں داخل ہوگا بہشت میں وہ گوشت کہ اوگا ہے حرام کھانے سے اور جو گوشت کہ اوگا ہے حرام کھانے سے تو ہوگی

اَوْلٰى بِهِ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَعَنِ الْحَسَنِ بْنِ

نزدیک تر ساتھ اوسکے روایت کی یہ احمد اور دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے حسن بیٹے

عَلِيٍّ قَالَ حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَا لَا يَرِيْبُكَ

حضرت علی کے سے کہ کہا یاد رکھی میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے چھوڑ اوس چیز کو کہ شک میں ڈالے تجکو اور میل کر طرف

فَاِنَّ الصِّدْقَ طُمَاْنِيْنَةٌ وَاِنَّ الْكِذْبَ رِيْبَةٌ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَ

اسواسطے کہ حق باعث اطمینان دل کا ہے اور باطل باعث شک اور تردد کا ہے نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور

النَّسَائِيُّ وَرَوَى الدَّارِمِيُّ الْفَصْلَ الْاَوَّلَ وَعَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ اَنَّ

نسائی نے اور روایت کیا دارمی نے پہلا جملہ۔ اور روایت ہے وابصہ بن معبد سے یہ کہ

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا وَابِصَةُ جِئْتَ تَسْاَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ قُلْتُ

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے وابصہ آیا تو پوچھتا نیکی سے اور گناہ سے کہا میں نے

نَعَمْ قَالَ فَجَمَعَ اَصَابِعَهُ فَضَرَبَ بِهَا صَدْرَهُ وَقَالَ اسْتَفْتِ نَفْسَكَ اسْتَفْتِ قَلْبَكَ ثَلٰثًا

البتہ کہا راوی نے پس جمع کیں حضرت نے انگلیاں اپنی اور مارا ساتھ انگلیوں کے سینے مبارک اور فرمایا فتوی پوچھ اپنی نفس سے

البر ما اطمأنت اليه النفس واطمأن اليه القلب والاثم ما حاك في

فرمایا نیکی وہ چیز ہے کہ قرار پکڑے طرف اوسکی جی اور آرام پکڑے طرف اوسکی دل اور گناہ وہ چیز ہے کہ کھٹکے

النفس وتردد في الصدر وان افتاك الناس رواه احمد والدارمي وعن

دل میں اور تردد کرے سینہ میں اگرچہ فتوی دیں تجھکو لوگ نقل کی یہ احمد اور دارمی نے اور روایت ہے

عطية السعدي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يبلغ العبد ان يكون

عطیہ سعدی سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں پہنچتا بندہ

من المتقين حتى يدع ما لا بأس به حذرا لما به بأس رواه الترمذي و

متقیوں کے درجہ کو یہانتک کہ چھوڑدے ایسی چیزوں کو کہ نہیں قباحت اوسمیں واسطے بچنے اوس چیز کے کہ اوسمیں ہے

ابن ماجة وعن انس قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم في الخمر عشرة عاصرها

ابن ماجہ نے - اور روایت ہے انس سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے شراب کے مقدمہ میں دس شخصوں کو شراب کے نچوڑنے

ومعتصرها وشاربها وحاملها والمحمولة اليه وساقيها وبائعها وآكل

اور نچڑوانے والیکو اور پینے والیکو اور اوٹھانیوالیکو اور اوسکو کہ اوٹھائی گئی طرف اوسکی اور پلانیوالیکو اور بیچنے والیکو اور

ثمنها والمشتري لها والمشترى له رواه الترمذي وابن ماجة وعن

اوسکے مول کھانیوالیکو اور اوسکے مول لینے والیکو اور اوسکو کہ مول لئے گئے واسطے اوسکے نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے - اور روایت ہے

ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لعن الله الخمر وشاربها وساقيها

ابن عمر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت کی اللہ نے شراب کو اور اوسکے پینے والیکو اور اوسکے پلانیوالیکو

وبائعها ومبتاعها وعاصرها ومعتصرها وحاملها والمحمولة اليه رواه

اور اسکے بیچنے والیکو اور اسکے خریدنیوالیکو اور اسکے نچوڑنیوالیکو اور نچڑوانے والیکو اور اسکے اوٹھانیوالیکو اور اسکو کہ اوٹھائی گئی طرف اوسکی

ابوداود وابن ماجة وعن محيصة انه استأذن رسول الله صلى الله عليه وسلم

ابوداؤد اور ابن ماجہ نے - اور روایت ہے محیصہ سے کہ تحقیق اوسنے پروانگی مانگی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے

في اجرة الحجام فنهاه فلم يزل يستأذنه حتى قال اعلفه ناضحك واطعمه

بیچ مزدوری سینگی کھینچنیوالے کی پس منع کیا حضرت صنے اوسکو پس ہمیشہ پروانگی مانگتا رہا حضرت صسے یہانتک کہ فرمایا

رقيقك رواه مالك والترمذي وابوداود وابن ماجة وعن ابي هريرة

اپنے بردے کو روایت کی یہ مالک اور ترمذی اور ابوداؤد اور ابن ماجہ نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

اللهم اغفر لكاتبه ولمن سعى فيه



قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن ثمن الکلب وکسب الزمارة رواه فی

کہا منع کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کے مول سے اور کمائی گانیوالی کی سے نقل کی یہ

شرح السنة وعن ابی امامة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تبیعوا

شرح السنہ میں - اور روایت ہے ابی امامہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ بیچو

القینات ولا تشتروهن ولا تعلموهن وثمنهن حرام وفی مثل هذا

لونڈیوں گانیوالیوں کو اور نہ خریدو انکو اور نہ سکھاؤ لونڈیوں کو گانا اور مول انکا حرام ہے اور بیچ مانند اسکیکے

انزلت ومن الناس من یشتری لهو الحدیث رواه احمد والترمذی و

نازل کی گئی ہے یہ آیت اور بعضے آدمیوں میں سے وہ ہیں کہ مول لیتے ہیں کھیل کی بات نقل کی یہ احمد اور ترمذی اور

ابن ماجة وقال الترمذی هذا حدیث غریب وعلی بن یزید الراوی

ابن ماجہ نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور علی بن یزید راوی

یضعف فی الحدیث وسنذکر حدیث جابر نهی عن اکل الهر فی باب ما یحل اکله ان

ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں اور ذکر کرینگے ہم حدیث جابر کی کہ سلام اوسکا یہ ہے نہی عن اکل الہر بیچ باب ما یحل اکلہ کے اگر

شاء الله تعالی الفصل الثالث عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلی

چاہیگا اللہ تعالی فصل تیسری روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

علیه وسلم طلب کسب الحلال فریضة بعد الفریضة رواه البیهقی فی شعب الایمان وعن

علیہ وسلم نے طلب کرنا کمائی حلال کا فرض ہے بعد فرض کے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں - اور روایت ہے

ابن عباس انه سئل عن اجرة کتابة المصحف فقال لا بأس انما هم مصورون وانهم

ابن عباس سے کہ وہ پوچھے گئے مزدوری لکھنے قرآن کی سے پس فرمایا کچھ مضائقہ نہیں سوا اسکے نہیں کہ وہ نقش کھینچنے والے ہیں

انما یاکلون من عمل ایدیهم رواه رزین وعن رافع بن خدیج قال قیل یا رسول

نہیں کھاتے مگر اپنے ہاتھوں کے کام سے نقل کی یہ رزین نے - اور روایت ہے رافع بن خدیج سے کہ کہا گیا یا رسول اللہ

الله ای الکسب اطیب قال عمل الرجل بیده وکل بیع مبرور رواه احمد

کونسا کسب پاکیزہ ہے فرمایا کام کرنا آدمی کا اپنے ہاتھ سے اور ہر بیع جو بیچا ہو مقبول نقل کی یہ احمد نے

وعن ابی بکر بن ابی مریم قال کانت لمقدام بن معدیکرب

اور روایت ہے ابی بکر بن ابی مریم تابعی سے کہ کہا تھے مقدام بن معدیکرب صحابی کی

جَارِيَةً تَبِيعُ اللَّبَنَ وَيَقْبِضُ الْمِقْدَامُ ثَمَنَهُ فَقِيلَ لَهُ سُبْحَانَ اللهِ أَتَبِيعُ

ایک لونڈی بیچتی تھی دودھ اور قبض کرتا تھا مقدام مول اوسکا پس کہا گیا واسطے مقدام کے سبحان الله کیا بیچتی ہے

اللَّبَنَ وَتَقْبِضُ الثَّمَنَ فَقَالَ نَعَمْ وَمَا بَأْسٌ بِذَلِكَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ

دودھ اور لیتا ہے تو مول پس کہا مقدام نے کہ ہاں اور نہیں اسکا مضایقہ سنا میںنے رسول خدا صلے الله

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَا يَنْفَعُ فِيهِ إِلَّا الدِّينَارُ وَالدِّرْهَمُ

علیه وسلم سے کہ فرماتے تھے البتہ آویگا لوگوں پر زمانہ نہیں فائدہ دیگا اوسمیں ٥٢ مگر دینار و درہم

رَوَاهُ أَحْمَدُ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ أُجَهِّزُ إِلَى الشَّامِ وَإِلَى مِصْرَ فَجَهَّزْتُ

نقل کی یہ احمد نے۔ اور روایت ہے نافع سے کہ کہا تھا میں ٣ سامان درست کرتا طرف شام کے اور طرف مصر کے پھر سامان درست کیا میںنے

إِلَى الْعِرَاقِ فَأَتَيْتُ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ فَقُلْتُ لَهَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ كُنْتُ

طرف عراق کے پس آیا میں ام المومنین عائشہ کے پاس پس کہا میںنے اونکو اے ام المومنین سامان لیجاتا تھا میں

أُجَهِّزُ إِلَى الشَّامِ فَجَهَّزْتُ إِلَى الْعِرَاقِ فَقَالَتْ لَا تَفْعَلْ مَا لَكَ وَلِمَتْجَرِكَ

تجارت کا ٤ طرف شام کے پس ارادہ سامان لیجانیکا کرتا ہوں طرف عراق کے پس فرمایا کہ ٥ نہ کر کیا ہے واسطے تیرے اور

فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا سَبَّبَ اللهُ لِأَحَدِكُمْ رِزْقًا

پس تحقیق میںنے سنا رسول خدا صلے الله علیه وسلم سے کہ فرماتے تھے جسوقت کہ ایک سبب کرے الله واسطے کسیکے تم میں رزق

مِنْ وَجْهٍ فَلَا يَدَعْهُ حَتَّى يَتَغَيَّرَ لَهُ أَوْ يَتَنَكَّرَ لَهُ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ

ایک طرح ٦ پس نہ چھوڑے اوسکو یہاں تک کہ متغیر ہو واسطے اوسکے یا نقصان ہو واسطے اوسکے نقل کی یہ احمد اور ابن ماجہ نے

وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لِأَبِي بَكْرٍ غُلَامٌ يُخْرِجُ لَهُ الْخَرَاجَ فَكَانَ أَبُو بَكْرٍ

اور روایت ہے حضرت عائشہ رض سے کہ کہا تھا واسطے ابوبکر صدیق رض کے ایک غلام دیتا تھا واسطے ابی بکر کے ٧ خراج پس تھا ابی بکر

يَأْكُلُ مِنْ خَرَاجِهِ فَجَاءَ يَوْمًا بِشَيْءٍ فَأَكَلَ مِنْهُ أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ لَهُ الْغُلَامُ تَدْرِي

کھاتے کمائی اوسکی سے پس لایا غلام ایک دن ایک چیز پس کھایا اوسمیں سے ابوبکر نے پھر کہا واسطے اونکے غلام نے جانتے ہو

مَا هَذَا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ وَمَا هُوَ قَالَ كُنْتُ تَكَهَّنْتُ لِإِنْسَانٍ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

کیا ہے یہ پس کہا ابوبکر نے کیا ہے یہ کہا غلام نے تھا میں خبر غیب کی بتاتا واسطے ایک آدمی کے ٨ جاہلیت میں

وَمَا أُحْسِنُ الْكِهَانَةَ إِلَّا أَنِّي خَدَعْتُهُ فَلَقِيَنِي فَأَعْطَانِي بِذَلِكَ فَهَذَا

حالانکہ نہیں اچھی جانتا تھا میں یہ خبر دینی لیکن میں فریب دیتا تھا اوسکو پس ملا مجھسے ٩ وہ پس دی ١٠ مجھکو بدلے اوس خبر بتانیکے

الَّذِیْ اَکَلْتَ مِنْهُ قَالَتْ فَاَدْخَلَ اَبُوْبَکْرٍ یَدَهٗ فَقَاءَ کُلَّ شَیْءٍ فِیْ بَطْنِهٖ رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ

وہ چیز ہے کہ کہائی تمنے اسمین سے کہا حضرت عائشہ رضہ نے لہ پہر ڈالا ابو بکر نے ہاتہ اپنا پس قے کی اور باہر ڈال ہر چیز کو اونکے پیٹ مین تہی نقل کیا

وَعَنْ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ جَسَدٌ غُذِیَ بِالْحَرَامِ

اور روایت ہے ابی بکر سے یہ کہ تحقیق رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں داخل ہوگا بہشت مین وہ بدن کہ پرورش کیا گیا ساتہ مال

وَعَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ اَنَّهٗ قَالَ شَرِبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَبَنًا وَّاَعْجَبَهٗ قَالَ لِلَّذِیْ

اور روایت ہے زید بن اسلم سے کہ کہا تہا حضرت عمر کا یہ کلام سنو کہا کہ پیا عمر بن الخطاب رضہ نے دودہ اور اچہا لگا اونکو وہ کہا واسطے اوس شخص کے

سَقَاهُ مِنْ اَیْنَ لَکَ هٰذَا اللَّبَنُ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ وَرَدَ عَلٰی مَاءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَاِذَا نَعَمٌ

کہ پلایا تہا اوسنے کہا تجھکو یہ دودہ کہان سے ملا پس خبر دی اونکو کہ وہ گیا تہا ایک پانی پر پس ناگہان کتنے چارپائے تہے

مِنْ نَعَمِ الصَّدَقَةِ وَهُمْ یَسْقُوْنَ فَحَلَبُوْا لِیْ مِنْ اَلْبَانِهَا فَجَعَلْتُهٗ فِیْ سِقَائِیْ

چارپایوں زکوٰۃ کے سے اور وہ لوگ پلاتے تہے پس دوہا اونہوں نے میری لیے دودہ اونکے سے پس ڈال لیا مینے اوسکو بیچ مشک اپنی کے

وَهُوَ هٰذَا فَاَدْخَلَ عُمَرُ یَدَهٗ فَاسْتَقَاءَهٗ رَوَاهُمَا الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَ

اور یہ دودہ وہی ہے پس ڈالا حضرت عمر نے ہاتہ اپنا پس قے کی اوسکی نقل کین یہ دونو حدیثین بیہقی نے شعب الایمان مین۔ اور

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنِ اشْتَرٰی ثَوْبًا بِعَشَرَةِ دَرَاهِمَ وَفِیْهِ دِرْهَمٌ حَرَامٌ لَمْ یَقْبَلِ

روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا جو شخص کہ خریدے ایک کپڑا دس درہم کو اور اوسکے مول مین ہو ایک درہم حرام کا نہین قبول کرتا

اللّٰهُ تَعَالٰی لَهٗ صَلٰوةً مَّا دَامَ عَلَیْهِ ثُمَّ اَدْخَلَ اِصْبَعَیْهِ فِیْ اُذُنَیْهِ وَقَالَ

اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے نماز جب تک کہ ہو وہ کپڑا اوسپر پہر داخل کین ابن عمر نے دونو انگلیان اپنی اپنے کانو مین اور کہا

صُمَّتَا اِنْ لَّمْ یَکُنِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهٗ یَقُوْلُهٗ رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ

بہرے ہوجیو دونون کان اگر نہ سنا ہو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تہے اسکو نقل کی یہ احمد نے اور بیہقی نے

شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ ضَعِیْفٌ

شعب الایمان مین اور کہا اسناد اسکی ضعیف ہے

بَابُ الْمُسَاهَلَةِ فِی الْمُعَامَلَةِ

باب ہے بیچ بیان نرمی کرنے کے معاملات مین

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللّٰهُ

روایت ہے جابر سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے رحمت کرے اللہ

رَجُلًا سَمْحًا اِذَا بَاعَ وَاِذَا اشْتَرٰی وَاِذَا اقْتَضٰی رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ وَعَنْ حُذَیْفَةَ

اوس شخص کو کہ نرمی کرتا ہے جبکہ بیچتا ہے اور جبکہ خریدتا ہے اور جبکہ تقاضا کرتا ہے نقل کی یہ بخاری نے اور روایت ہے حذیفہ سے

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَجُلًا كَانَ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ أَتَاهُ الْمَلَكُ

کہا کہ فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے تحقیق ایک شخص تھا بیچ اون لوگوں کے کہ تھے پہلے تمسے آیا اوسکے پاس فرشتہ

لِيَقْبِضَ رُوحَهُ فَقِيلَ لَهُ هَلْ عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ قَالَ مَا أَعْلَمُ قِيلَ لَهُ انْظُرْ

تاکہ قبض کرے روح اوسکی پس کہا گیا واسطے اوسکے آیا کیا تونے کچھ عمل نیک کہا نہیں جانتا میں کہا گیا واسطے اوسکے سوچ

قَالَ مَا أَعْلَمُ شَيْئًا غَيْرَ أَنِّي كُنْتُ أُبَايِعُ النَّاسَ فِي الدُّنْيَا وَأُجَازِيهِمْ فَأُنْظِرُ

کہا نہیں جانتا میں کچھ سوا اسکے کہ تحقیق میں معاملات کرتا تھا لوگوں سے دنیا میں اور احسان کرتا تھا میں اور مہلت دیتا تقاضا کی

الْمُوسِرَ وَأَتَجَاوَزُ عَنِ الْمُعْسِرِ فَأَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ

غنی کو اور معاف کرتا تھا مفلس کو پس داخل کیا اوسکو اللہ تعالی نے بہشت میں متفق علیہ اور ایک روایت

لِمُسْلِمٍ نَحْوُهُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ وَأَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ فَقَالَ اللّٰهُ أَنَا أَحَقُّ

مسلم کی میں مانند اسکی ہے عقبہ بن عامر اور ابی مسعود انصاری سے پس فرمایا اللہ تعالی نے کہ میں

بِذَا مِنْكَ تَجَاوَزُوا عَنْ عَبْدِي وَعَنْ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

زیادہ لائق ہوں ساتھ اسکے تجہسے ☆ درگذر کرو میرے بندے سے۔ اور روایت ہے ابی قتادہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَلِفِ فِي الْبَيْعِ فَإِنَّهُ يُنَفِّقُ ثُمَّ يَمْحَقُ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

صلی اللہ علیہ وسلم نے بچو بہت قسم کہانے سے بیچنے کہو بیچنے میں اسلیے کہ تحقیق قسم کہانی بیچنے میں رواج دیتی ہے پہر کہو دیتی ہے برکت کو

وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ

اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا سنا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے قسم سبب ہے رواج کی واسطے اسباب کے

مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا

اور سبب ہے مٹنے برکت کے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا تین شخص ہیں کہ نہیں

يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ قَالَ

کلام کریگا اونسے اللہ تعالی دن قیامت کے اور نہ ☆ دیکھیگا اونکی طرف اور نہ پاک کریگا اونکو اور واسطے اونکے عذاب ہے درد دینے والا

أَبُو ذَرٍّ خَابُوا وَخَسِرُوا مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنَفِّقُ

ابوذر نے محروم ہوئے خیر سے اور ٹوٹا پایا کون ہیں وہ یا رسول اللہ فرمایا ایک تو پائنچے دراز کرنیوالا دوسرا احسان رکھنے والا

سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ رَوَاهُ مُسْلِمٌ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

اسباب کا ساتھ جھوٹی قسم کے نقل کی یہ مسلم نے فصل دوسری روایت ہے ابی سعید سے

☆ نہ دیکھیگا یعنی بنظر رحمت ١٢

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التاجر الصدوق الامين مع النبيين و

کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سوداگر بڑا سچا بڑا امانت دار ساتھ پیغمبروں اور

الصديقين والشهداء رواه الترمذي والدارمي والدارقطني ورواه ابن

صدیقوں اور شہداء کے ہوگا روایت کی یہ ترمذی اور دارمی اور دارقطنی نے اور روایت کی ابن

ماجة عن ابن عمر وقال الترمذي هذا حديث غريب وعن قيس بن

ماجہ نے ابن عمر سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے اور روایت ہے قیس بن

ابي غرزة قال كنا نسمى في عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم السماسرة فمر بنا رسول

ابی غرزہ سے کہ کہا تھے ہم نام رکھے جاتے تھے بیچ زمانہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے دلال سماسرہ پس گذرے ہم پر رسول

الله صلى الله عليه وسلم فسمانا باسم هو احسن منه فقال يا معشر التجار ان البيع

خدا صلی اللہ علیہ وسلم پس نام رکھا ہمارا ساتھ ایک نام کے کہ وہ بہتر ہے پہلے نام سے پس فرمایا اے معشر تجار تحقیق بیع

يحضره اللغو والحلف فشوبوه بالصدقة رواه ابوداود والترمذي

حاضر ہوتا ہے اوسکو لغو اور قسم پس ملاؤ بیع کو ساتھ صدقہ کے نقل کی یہ ابوداؤد اور ترمذی

والنسائي وابن ماجة وعن عبيد بن رفاعة عن ابيه عن النبي صلى الله

اور نسائی اور ابن ماجہ نے اور روایت ہے عبید بن رفاعہ سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے نقل کی نبی صلی اللہ

عليه وسلم قال التجار يحشرون يوم القيمة فجارا الا من اتقى وبر وصدق

علیہ وسلم سے فرمایا تاجر حشر کیے جاوینگے دن قیامت کے فاجر مگر جس شخص نے پرہیزگاری کی اور نیکی کی اور سچ بولا

رواه الترمذي وابن ماجة والدارمي وروى البيهقي في شعب الايمان

نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت کی بیہقی نے شعب الایمان میں

عن البراء وقال الترمذي هذا حديث حسن صحيح باب الخيار

براء سے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ باب ہے بیچ بیان خیار کے

الفصل الاول عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المتبايعان

فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچنے والا اور مول لینے والا

كل واحد منهما بالخيار على صاحبه ما لم يتفرقا الا بيع الخيار متفق عليه و

ہر ایک ان میں سے ساتھ اختیار کے ہے اوپر صاحب اپنے کے جبتک کہ جدا نہوں مگر بیع خیار میں متفق علیہ اور

فی روایۃ لمسلم اذا تبایع المتبایعان فکل واحد منہما بالخیار من بیعہ ما

بیچ ایک روایت مسلم کے یہ ہے کہ جسوقت خرید و فروخت کریں بائع اور مشتری پس ہر ایک ان دونوں میں سے خیار رکھتا ہے اپنی بیع میں جب تک کہ

لم یتفرقا او یکون بیعہما عن خیار فاذا کان بیعہما عن خیار فقد وجب

نہ جدی ہو دین یا ہو بیع انکی بشرط خیار کے پس جسوقت کہ ہوگی بیع انکی بشرط خیار کے پس تحقیق واجب ہوا اختیار

وفی روایۃ للترمذی البیعان بالخیار ما لم یتفرقا او یختارا وفی المتفق علیہ

اور بیچ ایک روایت ترمذی کے یوں ہے کہ بائع مشتری ساتھ خیار کے ہیں جب تک کہ نہ جدی ہوں مگر یہ کہ شرط کریں خیار کی اور بیچ روایت

او یقول احدہما لصاحبہ اختر بدل او یختارا وعن حکیم بن حزام قال

کہ کہے ایک انکا واسطے صاحب اپنے کے شرط کر خیار کی یہ عبارت بجائے او یختارا کے واقع ہوئی - اور روایت ہے حکیم بن حزام سے کہ کہا

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار ما لم یتفرقا فان صدقا و

فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بائع اور مشتری ساتھ خیار کے ہیں جب تک کہ نہ جدی ہوں اور اگر سچ بولے کہیں بائع اور مشتری

بینا بورک لہما فی بیعہما وان کتما وکذبا محقت برکۃ بیعہما متفق

اور بیان کیں برکت دیجاتی ہے واسطے ان دونوں کی بیچ معاملہ بیچنے کے انکے اور اگر چھپایا عیب اور جھوٹ بولے تو دور کیجاتی

علیہ وعن ابن عمر قال قال رجل لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انی اخدع

علیہ - اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا کہا ایک شخص نے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق میں فریب دیا جاتا ہوں

فی البیوع فقال اذا بایعت فقل لا خلابۃ فکان الرجل یقولہ متفق

بیچ معاملہ بیع کے پس فرمایا جسوقت کہ بیع کرے تو پس کہہ نہیں ہے فریب (اپنا دین) پس تھا وہ شخص کہتا اوسکو متفق

علیہ الفصل الثانی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان

علیہ - فصل دوسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اپنے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے یہ کہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال البیعان بالخیار ما لم یتفرقا الا ان یکون صفقۃ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیچنے والا اور مول لینے والا مختار ہیں جب تک کہ نہ جدی ہوں مگر یہ کہ ہو بیع خیار یعنی جس بیع کی

خیار ولا یحل لہ ان یفارق صاحبہ خشیۃ ان یستقیلہ رواہ الترمذی

خیار شرط ہو اور نہ روا نہیں بائع یا مشتری کو یہ کہ جدا ہو صاحب اپنے سے بخوف اسکے کہ طلب کرے اوس سے اقالہ کو نقل کی یہ ترمذی

وابو داود والنسائی وعن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یتفرقن

اور ابو داؤد اور نسائی نے - اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہ جدا ہو دین بائع

اثنان الا عن تراض رواه ابو داود الفصل الثالث عن جابر

آپسمین مگر لہ رضا سے نقل کی یہ ابوداؤد نے - فصل تیسری روایت ہے جابر سے

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خير اعرابيا بعد البيع رواه الترمذي وقال

بیہ کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار دیا ایک اعرابی کو بیچ بیچنے کے نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا

هذا حديث صحيح غريب باب الربوا الفصل الاول عن جابر

یہ حدیث صحیح غریب ہے - باب ہے بیچ بیان سود کے فصل پہلی روایت ہے جابر سے

قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم اكل الربوا وموكله وكاتبه وشاهديه و

کہا لعنت کی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیاج لینے والے کو اور دینے والے کو اور لکھنے والے کو اور گواہوں کو اور

قال هم سواء رواه مسلم وعن عبادة بن الصامت قال قال رسول

فرمایا وہ سب برابر ہیں نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے عبادہ بیٹے صامت کے سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلى الله عليه وسلم الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير

خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچا جاوے سونا بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو

بالشعير والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد فاذا

بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے اور نمک بدلے نمک کے درحالیکہ یہ مانند ہوں ساتھ مانند کے برابر ہوں ساتھ برابر کے دست بدست

اختلفت هذه الاصناف فبيعوا كيف شئتم اذا كان يدا بيد رواه

مختلف ہوں یہ قسمیں پس بیچو جسطرح چاہو بشرطیکہ بیچیں دست بدست نقل کی یہ

مسلم وعن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الذهب

مسلم نے - اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا

بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر

بدلے سونے کے اور چاندی بدلے چاندی کے اور گیہوں بدلے گیہوں کے اور جو بدلے جو کے اور کھجور بدلے کھجور کے

والملح بالملح مثلا بمثل يدا بيد فمن زاد او استزاد فقد اربى الاخذ و

اور نمک بدلے نمک کے مانند ساتھ مانند کے ہاتھ بہ ہاتھ بیچنا درست ہے پس جس نے کہ زیادہ دیا یا زیادہ طلب کیا پس اوسنے

المعطي فيه سواء رواه مسلم وعنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

دینے والا اوسمین برابر ہے نقل کی یہ مسلم نے - اور روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے

ڈالا ہو اسکی قیمت سے عمدہ قسم کو مول لیا اسی طرح سب تول ماپ کی چیزین جیسے گیہون اور جو اور نمک اور چنے ہین کرنا چاہیے

لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَ

نہ بیچو سونا بدلے سونے کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور

لَا تَبِيعُوا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا مِثْلًا بِمِثْلٍ وَلَا تُشِفُّوا بَعْضَهَا عَلَى بَعْضٍ وَلَا

نہ بیچو چاندی بدلے چاندی کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور نہ زیادہ کرو بعض کو بعض پر اور نہ

تَبِيعُوا مِنْهَا غَائِبًا بِنَاجِزٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِي رِوَايَةٍ لَا تَبِيعُوا الذَّهَبَ بِالذَّهَبِ

بیچو انمین سے غائب کو بدلے حاضر کے متفق علیہ۔ اور ایک روایت مین ہے کہ نہ بیچو سونے کو بدلے سونے کے

وَلَا الْوَرِقَ بِالْوَرِقِ إِلَّا وَزْنًا بِوَزْنٍ وَعَنْ مَعْمَرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ كُنْتُ أَسْمَعُ

اور نہ چاندی کو بدلے چاندی کے مگر کہ تلے برابر ہون تول مین۔ اور روایت ہے معمر بن عبد اللہ سے کہ کہا تھا مین سنتا

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الطَّعَامُ بِالطَّعَامِ مِثْلًا بِمِثْلٍ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَعَنْ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے بیچو طعام بدلے طعام کے برابر ساتھ برابر کے نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے

عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

عمر رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے سونا بدلے سونے کے بیاج ہے مگر دست بدست

وَالْوَرِقُ بِالْوَرِقِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالشَّعِيرُ

اور چاندی بدلے چاندی کے بیاج ہے مگر دست بدست۔ اور گیہون بدلے گیہون کے بیاج ہے مگر دست بدست اور جو

بِالشَّعِيرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ رِبًا إِلَّا هَاءَ وَهَاءَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ

بدلے جو کے بیاج ہے مگر دست بدست اور کھجور بدلے کھجور کے بیاج ہے مگر دست بدست متفق علیہ۔

وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ رَجُلًا

اور روایت ہے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے عامل کیا ایک شخص کو

عَلَى خَيْبَرَ فَجَاءَهُ بِتَمْرٍ جَنِيبٍ فَقَالَ أَكُلُّ تَمْرِ خَيْبَرَ هٰكَذَا قَالَ لَا وَاللهِ يَا رَسُولَ

خیبر پر پس لایا وہ حضرت صلعم کے پاس کھجور اچھی پس فرمایا حضرت نے کیا سب کھجورین خیبر کی ایسی ہی ہوتی ہین کہا کہ نہین قسم ہے

اللهِ إِنَّا لَنَأْخُذُ الصَّاعَ مِنْ هٰذَا بِالصَّاعَيْنِ وَالصَّاعَيْنِ بِالثَّلٰثِ فَقَالَ

تحقیق ہم البتہ لیتے ہین ایک صاع اچھی مین سے بدلے دو صاع کے اور دو صاع بدلے تین صاع کے پس فرمایا حضرت نے

لَا تَفْعَلْ بِعِ الْجَمْعَ بِالدَّرَاهِمِ ثُمَّ ابْتَعْ بِالدَّرَاهِمِ جَنِيبًا وَقَالَ فِي الْمِيزَانِ مِثْلَ

نہ کر ایسا بیچ جمع کو بدلے درہمونکے پھر خرید کر بدلے درہمونکے اچھی کھجورین اور فرمایا ترازو مین مانند

ذلک متفق علیہ وعن ابی سعید قال جاء بلال الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اسیطرح ہے متفق علیہ۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا لائے بلال رضی اللہ عنہ طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

بتمر برنی فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم من این ھذا قال کان عندنا تمر ردی

کھجور اچھے قسم کی پس فرمایا واسطے اوسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں سے لایا یہ کہا تھیں نزدیک ہمارے کھجوریں ناکارہ

فبعت منہ صاعین بصاع فقال اوہ عین الربوا عین الربوا لا تفعل ولکن اذا اردت

پس بیچیں میں نے اوس سے دو صاع بدلے ایک صاع کے پس فرمایا آہ عین سود ہے عین سود ہے نہ کر ولیکن جس وقت کہ ارادہ کرے تو

ان تشتری فبع التمر ببیع آخر ثم اشتر بہ متفق علیہ وعن جابر قال

خریدنے کا پس بیچ کھجور ساتھ اور بیع کے پھر خرید کر بدلے اوسکے اچھی کھجور متفق علیہ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ کہا

جاء عبد فبایع النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی الھجرۃ ولم یشعر انہ عبد فجاء سیدہ

آیا ایک غلام پس بیعت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر ہجرت کے اور نہ معلوم ہوا حضرت کو کہ یہ غلام ہے پھر آیا مالک اوسکا

یریدہ فقال لہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعنیہ فاشتراہ بعبدین اسودین ولم

ڈھونڈتا ہوا اوسکو پس فرمایا اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بیچ میرے ہاتھ اوسکو پس خریدا اوسکو بدلے دو غلاموں سیاہ رنگ

اللہ وہ غیرت ہے کہ ہووے مقام شک میں اور وہ غیرت کہ مکروہ رکہتا ہے اوسکو اللہ پس غیرت کرنی غیر مقام شبہ میں ہے

وَإِنَّ مِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُبْغِضُ اللّٰهُ وَمِنْهَا مَا يُحِبُّ اللّٰهُ فَأَمَّا الْخُيَلَاءُ الَّتِيْ

اور تحقیق بعضا تکبر وہ ہے کہ مکروہ رکہتا ہے اوسکو اللہ تعالی اور بعضا تکبر وہ ہے کہ دوست رکہتا ہے اوسکو اللہ پس وہ تکبر کہ

يحب الله فاختيال الرجل عند القتال واختياله عند الصدقة

دوست رکھتا ہے اوسکو اللہ پس تکبر کرنا آدمی کا ہے لڑائی کے وقت اور تکبر کرنا اوسکا نزدیک دینے صدقہ کے

وأما التي يبغض الله فاختياله في الفخر وفي رواية في البغي رواه أحمد

اور وہ تکبر کہ مکروہ رکھتا ہے اوسکو اللہ پس تکبر کرنا اوسکا بیچ فخر کرنے کے اور ایک روایت میں بجای فی الفخر کے فی البغی آیا ہے نقل کیا

وأبو داود والنسائي الفصل الثالث عن عمرو بن شعيب

اور ابو داؤد اور نسائی نے۔ فصل تیسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے

عن أبيه عن جده قال قام رجل فقال يا رسول الله إن فلانا

کہ نقل کی اینوں نے باپ سے اور شعیب نے نقل کی اپنے دادا سے کہ کہا کھڑا ہوا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ تحقیق فلانا

ابني عاهرت بأمه في الجاهلية فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا دعوة

بیٹا میرا ہے زنا کیا تھا میں نے اوسکی ماں سے زمانہ جاہلیت میں فرمایا رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہیں دعوی کرنا

في الإسلام ذهب أمر الجاهلية الولد للفراش وللعاهر الحجر رواه

اسلام میں سے گئی بات جاہلیت کی بچہ واسطے صاحب فراش کے ہے اور زنا کرنیوالے کیلیے ہے محرومی نقل کیا یہ

أبو داود وعنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال أربع من النساء لا

ابو داؤد نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار قسم کی عورتیں ہیں کہ نہیں

ملاعنة بينهن النصرانية تحت المسلم واليهودية تحت المسلم

لعان درمیان اونکے ایک تو عورت نصرانیہ کہ مسلمان کے نکاح میں ہو اور دوسرے عورت یہودیہ کہ مسلمان کے نکاح میں ہو

والحرة تحت المملوك والمملوكة تحت الحر رواه ابن ماجة

اور تیسری وہ عورت آزاد کہ غلام کے نکاح میں ہو اور چوتھی لونڈی کہ آزاد کے نکاح میں ہو نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔

وعن ابن عباس أن النبي صلى الله عليه وسلم أمر رجلا حين أمر

اور روایت ہے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ایک شخص کو اوس وقت کہ حکم فرمایا

المتلاعنين أن يتلاعنا أن يضع يده عند الخامسة على فيه

دو لعان کرنیوالوں کو لعان کرنے کا یہ کہ رکھدے ہاتھ اپنا نزدیک پانچویں گواہی کے اوسکے مونہ پر

وقال إنها موجبة رواه النسائي وعن عائشة أن رسول

اور فرمایا تحقیق پانچویں گواہی واجب کرنیوالی ہے نقل کی یہ نسائی نے۔ اور روایت ہے حضرت عائشہ سے یہ کہ رسول

باب اللعان

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِهَا لَيْلًا قَالَتْ فَغِرْتُ عَلَيْهِ فَجَاءَ فَرَأَى

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نکلے انکے پاس سے ایک رات کہا عائشہ نے پس غیرت کی میں نے حضرت پر پھر آئے حضرت اور دیکھا

مَا أَصْنَعُ فَقَالَ مَالَكِ يَا عَائِشَةُ أَغِرْتِ فَقُلْتُ وَمَالِي لَا يَغَارُ مِثْلِي

اوسکو جو کر رہی تھی میں پس فرمایا کیا ہوا تجھے اے عائشہ کیا غیرت کی تو نے پس کہا میں نے کیا ہوا مجھے کہ نہ غیرت کرے مجھ جیسی

عَلَى مِثْلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ جَاءَكِ شَيْطَانُكِ قَالَتْ

تم جیسے پر پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے البتہ تحقیق آیا تیرے پاس شیطان تیرا کہا عائشہ نے

يَا رَسُولَ اللهِ أَمَعِيَ شَيْطَانٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَمَعَكَ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ

یارسول اللہ کیا میرے ساتھ شیطان ہے فرمایا کہ ہاں کہا میں نے اور آپکے ساتھ بھی ہے یارسول اللہ فرمایا کہ

نَعَمْ وَلٰكِنْ أَعَانَنِي اللهُ عَلَيْهِ حَتّٰى أَسْلَمَ رَوَاهُ مُسْلِمٌ

ہاں ولیکن مدد دی ہے اللہ نے مجھکو اوسپر یہانتک کہ مسلمان ہوگیا یا سالم رہتا ہوں میں نقل کی مسلم نے

بَابُ الْعِدَّةِ

باب ہے بیچ بیان عدت کے

اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ

فصل پہلی

عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ

بروایت ہے ابی سلمہ سے کہ نقل کی فاطمہ بنت قیس سے بیشک

أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا وَكِيلُهُ

ابو عمرو بن حفص نے تین طلاقیں دیں فاطمہ بنت قیس کو اور ابو عمرو تھا غائب پس بھیجی طرف فاطمہ کے وکیل ابو عمرو نے

الشَّعِيرَ فَسَخِطَتْهُ فَقَالَ وَاللهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ فَجَاءَتْ رَسُولَ

جو تو ناراض ہوئی اوسسے پس کہا وکیل نے قسم ہے اللہ کی کہ نہیں تیرا ہم پر کچھ حق پھر آئی فاطمہ پاس رسول خدا

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ فَأَمَرَهَا

صلے اللہ علیہ وسلم کے اور ذکر کیا یہ ماجرا حضرت سے پس فرمایا حضرت نے کہ نہیں واسطے تیرے کچھ نفقہ اور حکم فرمایا

أَنْ تَعْتَدَّ فِي بَيْتِ أُمِّ شَرِيكٍ ثُمَّ قَالَ تِلْكِ امْرَأَةٌ يَغْشَاهَا أَصْحَابِي

یہ کہ عدت بیٹھے بیچ گھر ام شریک کے پھر فرمایا حضرت نے کہ وہ ایک عورت ہے کہ آمد و رفت رکھتے ہیں اوسکے پاس میرے اصحاب

اعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ رَجُلٌ أَعْمٰى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ فَإِذَا

عدت بیٹھ نزدیک ابن ام مکتوم کے اسلیے کہ تحقیق وہ شخص ہے اندھا رکھیگی تو کپڑے اپنے پس جسوقت

حَلَلْتِ فَآذِنِينِي قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ

نکلے تو عدت سے خبر کرنا مجھکو کہا فاطمہ نے پس جسوقت حلال ہوئی میں ذکر کیا میں نے حضرت سے کہ تحقیق معاویہ بن

ابو سفيان وابا جهم خطباني فقال اما ابو الجهم فلا يضع عصاه عن عاتقه واما معاوية

ابی سفیان اور ابو جہم نے پیغام نکاح کا بھیجا ہے مجھ کو پس فرمایا حضرت نے ابو جہم نہیں رکھتا لاٹھی اپنی کندھے پر اپنے سے اور معاویہ

فصعلوك لا مال له انكحي اسامة بن زيد فكرهته ثم قال انكحي اسامة فنكحته

پس مفلس ہے نہیں مال واسطے اوسکے نکاح کر اسامہ بن زید سے پس کہا فاطمہ نے کہ ناخوش ہوئی جاننا میں نے اوسکو پھر فرمایا حضرت نے

فجعل الله فيه خيرا واغتبطت وفي رواية عنها قال فاما ابو جهم

پس گردانی اللہ نے اوسمیں بھلائی اور رشک کی گئی میں اور ایک روایت میں فاطمہ سے یوں آیا ہے کہ فرمایا حضرت نے ابو جہم

فرجل ضراب للنساء رواه مسلم وفي رواية ان زوجها طلقها

مرد ہے بہت مارنیوالا عورتوں کو نقل کی یہ مسلم نے اور ایک روایت مسلم کی میں یوں آیا ہے کہ فاطمہ کے خاوند نے

ثلاثا فاتت النبي صلى الله عليه وسلم فقال لا نفقة لك الا ان تكوني

تین طلاقیں دیں تھیں اوسکو پس آئی وہ نبی صلعم کے پاس پس فرمایا حضرت نے نہیں نفقہ واسطے تیرے مگر یہ کہ ہو تو

حاملا وعن عائشة قالت ان فاطمة كانت في مكان وحش

حاملہ اور روایت ہے عائشہ رض سے کہ کہا تحقیق فاطمہ بنت قیس تھی بیچ مکان ویران کے

فخيف على ناحيتها فلذلك رخص لها النبي صلى الله عليه وسلم تعني في

پس خوف کیا گیا اوپر اوسکے پس اسلیئے رخصت دی اوسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے بیچ

النقلة وفي رواية قالت ما لفاطمة الا تتقي الله تعني في قولها

اوٹھ جانے کے اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا حضرت عائشہ رض نے کہ کیا ہے فاطمہ کو کہ نہیں ڈرتی اللہ سے مراد رکھتی تھیں عائشہ بیچ کہنے

لا سكنى ولا نفقة رواه البخاري وعن سعيد بن المسيب قال

کہ نہیں ہے سکنی اور نہ نفقہ نقل کی یہ بخاری نے اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہ کہا

انما نقلت فاطمة لطول لسانها على احمائها رواه في شرح

سوا اسکے نہیں کہ اوٹھائی گئی تھی فاطمہ بسبب زبان درازی اپنی کے اوپر خاوند کے قرابتیوں پر نقل کی یہ شرح

السنة وعن جابر قال طلقت خالتي ثلاثا فارادت ان تجد

السنہ میں اور روایت ہے جابر سے کہ کہا تین طلاقیں دی گئی خالہ میری پس ارادہ کیا یہ کہ جاوے واسطے کاٹنے

نخلها فزجرها رجل ان تخرج فاتت النبي صلى الله عليه وسلم فقال

میوہ کھجور کے درخت کے پس منع کیا اوسکو ایک شخص نے نکلنے سے پس آئی وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پس فرمایا حضرت نے

بلی فجدی نخلک فانہ عسی ان تصدقی او تفعلی معروفا رواہ

کر ہاں سو نکل اور کاٹ میوہ درخت کھجور اپنی کا پس تحقیق شاید کہ صدقہ دے تو یا کرے تو احسان نقل کی یہ

مسلم وعن المسور بن مخرمۃ ان سبیعۃ الاسلمیۃ نفست

مسلم نے۔ اور روایت ہے مسور بن مخرمہ سے یہ کہ سبیعہ اسلمیہ جنے

بعد وفاۃ زوجہا بلیال فجاءت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

پیچھے مرنے خاوند اپنے کے کتنے دنوں بعد پھر آئی وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس

فاستاذنتہ ان تنکح فاذن لہا فنکحت رواہ البخاری وعن

اور پروانگی طلب کی حضرت سے نکاح کرنے کی پس اذن دیا حضرت نے اوسکو پس نکاح کیا اوسنے نقل کی یہ بخاری نے۔ اور روایت ہے

ام سلمۃ قالت جاءت امرأۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا

ام سلمہ سے کہ کہا آئی ایک عورت پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا

رسول اللہ ان ابنتی توفی عنہا زوجہا وقد اشتکت عینہا

رسول اللہ تحقیق میری بیٹی کا مر گیا خاوند اور تحقیق دکھتی ہیں آنکھیں اوسکی

افنکحلہا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا مرتین او ثلاثا کل ذلک

کیا سرمہ لگاویں ہم اوسکے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ دو بار پوچھا یا تین بار ہر بار

یقول لا ثم قال انما ہی اربعۃ اشہر وعشر وقد کانت

فرماتے تھے نہ پھر فرمایا سوا اسکے نہیں کہ عدت چار مہینے اور دس دن ہے اور تحقیق تھی

احدٰکن فی الجاہلیۃ ترمی بالبعرۃ علی رأس الحول متفق

ایک تمہاری جاہلیت میں پھینکتی مینگنیاں برس روز پر متفق

علیہ وعن ام حبیبۃ وزینب بنت جحش عن رسول اللہ

علیہ۔ اور روایت ہے ام حبیبہ اور زینب بنت جحش سے کہ نقل کی پیغمبر خدا

صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تحد

صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا نہیں درست کسی عورت کو کہ ایمان رکھتی ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے یہ کہ سوگ رکھے

علی میت فوق ثلاث لیال الا علی زوج اربعۃ اشہر وعشرا

کسی مردہ پر زیادہ تین روز سے مگر اپنے خاوند پر چار مہینے اور دس دن سوگ کرنا چاہیے

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَعَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحِدُّ

متفق علیہ۔ اور روایت ام عطیہ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ سوگ رکھے

امْرَأَةٌ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

کوئی عورت کسی مردہ پر زیادہ تین دن سے مگر خاوند پر چار مہینے دس دن

وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمَسُّ طِيبًا

اور نہ پہنے کپڑا رنگین مگر رنگین بنا ہوا اور نہ سرمہ لگاوے اور نہ خوشبوئی لگاوے

إِلَّا إِذَا طَهُرَتْ نُبْذَةً مِنْ قُسْطٍ أَوْ أَظْفَارٍ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَزَادَ أَبُو دَاوُدَ

مگر جسوقت کہ پاک ہووے حیض سے کچھ استعمال کرنا قسط کا یا اظفار کا درست ہے متفق علیہ اور زیادہ کیا ابوداود نے

وَلَا تَخْتَضِبُ الْفَصْلُ الثَّانِي عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ أَنَّ

اور نہ مہندی لگاوے۔ فصل دوسری روایت ہے زینب بیٹی کعب کی سے یہ کہ

الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكِ بْنِ سِنَانٍ وَهِيَ أُخْتُ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ

فریعہ بیٹی مالک بن سنان کی نے اور وہ ہے بہن ابی سعید خدری کی

أَخْبَرَتْهَا أَنَّهَا جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْأَلُهُ أَنْ تَرْجِعَ

خبر دی اوسکو یہ کہ فریعہ آئی حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اسحال مین کہ پوچھتی تھی حضرت سے یہ کہ

إِلَى أَهْلِهَا فِي بَنِي خُدْرَةَ فَإِنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِي طَلَبِ أَعْبُدٍ لَهُ أَبَقُوا

طرف کنبہ اپنی کے کہ متعلقہ بنی خدرہ مین تھی اسواسطے کہ خاوند اوسکا نکلا تھا واسطے ڈھونڈنے غلاموں اپنے کے کہ بھاگ گئے تھے

فَقَتَلُوهُ قَالَتْ فَسَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَرْجِعَ إِلَى أَهْلِي

پس مار ڈالا غلاموں نے اوسکو کہا فریعہ نے پس پوچھا مینے رسول خدا صلعم سے یہ کہ پھر جاؤں مین طرف کنبے اپنے کے

فَإِنَّ زَوْجِي لَمْ يَتْرُكْنِي فِي مَنْزِلٍ يَمْلِكُهُ وَلَا نَفَقَةٍ فَقَالَتْ قَالَ رَسُولُ

اسواسطے کہ میرے خاوند نے نہین چھوڑا مجھکو مکان مین کہ مالک ہو وہ اوسکا اور نہ نفقہ دیکر پاس پس کہا فریعہ نے کہ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَانْصَرَفْتُ حَتَّى إِذَا كُنْتُ فِي الْحُجْرَةِ أَوْ فِي الْمَسْجِدِ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے ہان چلی جا اپنے کنبے مین پس پھرین یہانتک کہ جب پہنچی مین صحن مین یا مسجد مین

دَعَانِي فَقَالَ امْكُثِي فِي بَيْتِكِ حَتَّى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ قَالَتْ فَاعْتَدَدْتُ

بلایا مجھکو حضرت نے اور فرمایا ٹھیری رہ اپنے گھر مین یہانتک کہ پہنچے کتاب اپنی مدت تک کہا فریعہ نے پس عدت بیٹھی مین

فِيهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ

اوس گھر میں چار مہینے اور دس دن نقل کی یہ مالک اور ترمذی اور ابو داؤد اور

النَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ دَخَلَ

نسائی اور ابن ماجہ اور دارمی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہا آئے

عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُو سَلَمَةَ وَقَدْ جَعَلْتُ عَلَيَّ

میرے پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اوس وقت کہ وفات کیے گئے ابو سلمہ اس حال میں کہ لگایا تھا میں نے اپنے منہ پر

صَبِرًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا أُمَّ سَلَمَةَ قُلْتُ إِنَّمَا هُوَ صَبِرٌ لَيْسَ فِيهِ

ایلوا پس فرمایا حضرت نے یہ کیا ہے اے ام سلمہ کہا میں نے نہیں ہے یہ مگر ایلوا نہیں اس میں

طِيبٌ فَقَالَ إِنَّهُ يَشُبُّ الْوَجْهَ فَلَا تَجْعَلِيهِ إِلَّا بِاللَّيْلِ وَتَنْزِعِيهِ

خوشبو پس فرمایا حضرت نے کہ تحقیق یہ روشن کرتا ہے چہرہ کو پس نہ لگا اسکو مگر رات کو اور چھڑا ڈال اسکو

بِالنَّهَارِ وَلَا تَمْتَشِطِي بِالطِّيبِ وَلَا بِالْحِنَّاءِ فَإِنَّهُ خِضَابٌ قُلْتُ بِأَيِّ

دن کو اور نہ کنگھی کر ساتھ خوشبو کے اور نہ کنگھی کر ساتھ مہندی کے اسلیے کہ مہندی رنگ ہے کہا میں نے ساتھ کس

شَيْءٍ أَمْتَشِطُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ بِالسِّدْرِ تُغَلِّفِينَ بِهِ رَأْسَكِ رَوَاهُ

چیز کے کنگھی کروں میں یا رسول اللہ فرمایا کنگھی کر ساتھ بیری کے پتوں کے غلاف کر تو ساتھ اوسکے سر اپنے کو نقل کی یہ

أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَوَفَّى

ابو داؤد اور نسائی نے اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا جو عورت کہ مر جاوے

عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ وَلَا الْمُمَشَّقَةَ وَلَا الْحُلِيَّ

خاوند اوسکا نہ پہنے کپڑا کسنبہ کا رنگا ہوا اور نہ رنگا ہوا گیرو کا اور نہ پہنے زیور

وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ

اور نہ رنگے بال اور ہاتھ پاؤں مہندی سے اور نہ سرمہ لگاوے نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی نے

الْفَصْلُ الثَّالِثُ

فصل تیسری

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ الْأَحْوَصَ هَلَكَ بِالشَّامِ حِينَ دَخَلَتِ امْرَأَتُهُ فِي الدَّمِ مِنَ الْحَيْضَةِ الثَّالِثَةِ

روایت ہے سلیمان بن یسار سے کہ احوص مر گیا تھا شام میں اوس وقت کہ داخل ہوئی عورت اوسکی بیچ خون تیسرے حیض کے

وَقَدْ كَانَ طَلَّقَهَا فَكَتَبَ مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ إِلَى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ يَسْأَلُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ

اور تحقیق طلاق دی تھی اوسکو احوص نے پس لکھا معاویہ بن ابی سفیان نے طرف زید بن ثابت کے پوچھتے تھے زید سے مسئلہ پس لکھا طرف

اللهم اغفر لكاتبه

زيد لها اذا دخلت في الدم من الحيضة الثالثة فقد برئت منه وبرئ منها لا ترثه ولا يرثها رواه مالك

زید نے بیشک تحقیق وہ عورت جس وقت کہ داخل ہوئی بیچ خون کے تیسرے حیض کے پس تحقیق بری ہوگئی وہ اس سے اور اس سے

وعن سعيد بن المسيب قال قال عمر بن الخطاب ايما امرأة طلقت فحاضت حيضة

اور روایت ہے سعید بن مسیب سے کہا فرمایا عمر بن خطاب نے کہ جو عورت طلاق دی گئی پھر آیا اوسکو ایک حیض

او حيضتين ثم رفعتها حيضتها فانها تنتظر تسعة اشهر فان بان

یا دو حیض پھر موقوف ہو گیا حیض اوسکا پس تحقیق انتظار کرے وہ عورت نو مہینے پھر اگر ظاہر ہوا

بها حمل فذلك والا اعتدت بعد التسعة الاشهر ثلثة اشهر

اوسکو حمل پس حکم اوسکا ظاہر ہے اور اگر نہ ظاہر ہوا حمل عدت کھینچے بعد نو مہینے کے تین مہینے

ثم حلت رواه مالك

پھر حلال ہو نقل کی یہ مالک نے۔

باب الاستبراء

باب ہے بیچ بیان استبراء کے

الفصل الاول

فصل پہلی

عن ابي الدرداء قال مر النبي صلى الله عليه وسلم بامرأة مجح فسأل عنها

روایت ہے ابی درداء سے کہا گذرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک عورت پر کہ قریب تھی جننے کے پس پوچھا احوال اوسکا

فقالوا امة لفلان قال ايلم بها قالوا نعم قال لقد هممت ان

پس کہا اصحاب نے کہ لونڈی ہے فلانی کی فرمایا کیا صحبت کرتا ہے وہ اس سے عرض کیا صحابہ نے کہ ہاں فرمایا کہ تحقیق قصد کیا تھا میں نے

العنه لعنا يدخل معه في قبره كيف يستخدمه وهو لا يحل له

لعنت کروں میں اوسکو ایسی لعنت کہ داخل ہو ساتھ اوسکے اوسکی قبر میں کسطرح خدمت کرے گا فرزند اپنی سے حال آنکہ حلال نہیں

او كيف يورثه وهو لا يحل له رواه مسلم

یا کسطرح سے وارث کرے گا فرزند کو حالانکہ یہ حلال نہیں اوسکو نقل کی مسلم نے۔

الفصل الثاني

فصل دوسری

عن ابي سعيد الخدري رفعه الى النبي صلى الله عليه وسلم قال في سبايا

روایت ہے ابی سعید خدری سے کہ پہنچایا اوسکو طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ فرمایا بیچ حق بندی لڑکیوں کے

اوطاس لا توطأ حامل حتى تضع ولا غير ذات حمل حتى تحيض حيضة

اوطاس کے کہ نہ صحبت کیجائے کوئی عورت حاملہ یہانتک کہ جنے اور نہ صحبت کیجاوے بے حمل والی یہانتک کہ آجاوے ایک حیض

رواه احمد وابوداود والدارمي وعن رويفع بن ثابت الانصاري

نقل کی یہ احمد اور ابوداود اور دارمی نے۔ اور روایت ہے رویفع بیٹے ثابت انصاری کی سے

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ لَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے دن حنین کے کہ نہیں درست واسطے کسی شخص کے کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّسْقِيَ مَاءَهٗ زَرْعَ غَيْرِهٖ يَعْنِيْ اِتْيَانَ الْحُبَالٰى وَلَا يَحِلُّ

اور دن قیامت کے یہ کہ پلاوے اپنا پانی کھیتی غیر اپنی کے میں یعنی صحبت کرنی عورت حمل والی سے کہ حمل غیر کا ہو اور نہیں

لِامْرِئٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّقَعَ عَلَى امْرَاَةٍ مِّنَ السَّبْيِ حَتّٰى

واسطے اوس شخص کے کہ ایمان لایا ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کی یہ کہ صحبت کرے عورت بندی پکڑی ہوئی سے یہاں تک کہ

يَسْتَبْرِئَهَا وَلَا يَحِلُّ لِامْرِئٍ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يَّبِيْعَ مَغْنَمًا

استبرا کرے اوسکو اور نہیں درست واسطے اوس شخص کے کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرۃ کی یہ کہ بیچے غنیمت کی چیز کو

حَتّٰى يُقْسَمَ رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ اِلٰى قَوْلِهٖ زَرْعَ غَيْرِهٖ

یہاں تک کہ بٹ نہ لے نقل کی یہ ابو داؤد نے اور نقل کی ترمذی نے قول زرع غیرہ تک۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ عَنْ مَّالِكٍ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

فصل تیسری روایت ہے مالک سے کہ کہا پہنچا مجھکو یہ کہ رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُ بِاسْتِبْرَاءِ الْاِمَاءِ بِحَيْضَةٍ اِنْ كَانَتْ مِمَّنْ تَحِيْضُ وَثَلٰثَةِ

علیہ وسلم فرماتے تھے ساتھ پاک کرنے لونڈیوں کے ساتھ ایک حیض کے اگر ہو حیض والی اور تین ساتھ تین

اَشْهُرٍ اِنْ كَانَتْ مِمَّنْ لَّا تَحِيْضُ وَيَنْهٰى عَنْ سَقْيِ مَاءِ الْغَيْرِ وَعَنِ ابْنِ

مہینے کے اگر ہو ان عورتوں میں سے کہ نہیں حیض والیاں اور منع کیا پانی پلانے غیر کے سے اور روایت ہے ابن

عُمَرَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا وُهِبَتِ الْوَلِيْدَةُ الَّتِيْ تُوْطَاُ اَوْ بِيْعَتْ اَوْ اُعْتِقَتْ

عمر سے یہ کہ اونہوں نے کہا جسوقت کہ بخشش کیجاوی لونڈی کہ صحبت کیجاتی تھی یا بیچی جاوے یا آزاد کیجاوے

فَلْتَسْتَبْرِئْ رَحِمَهَا بِحَيْضَةٍ وَّلَا تُسْتَبْرَئُ الْعَذْرَاءُ رَوَاهُمَا رَزِيْنٌ بَابُ

پس چاہیے کہ پاک کرے رحم اپنے کو ساتھ ایک حیض کے اور نہ پاک کرے کواری نقل کیں یہ دو نو حدیثیں رزین نے۔ باب

النَّفَقَاتِ وَحَقِّ الْمَمْلُوْكِ اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ عَنْ عَائِشَةَ

بیچ بیان نفقوں کے اور لونڈی غلام کے حق میں فصل پہلی روایت ہے حضرت عائشہ سے

اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيْحٌ

یہ کہ ہند بیٹی عتبہ کی نے کہا یا رسول اللہ تحقیق ابو سفیان مرد بخیل حریص ہے

ولیس یعطینی ما یکفینی وولدی الا ما اخذت منه وهو لا یعلم

اور نہین دیتا مجھکو اسقدر کہ کفایت کرے مجھکو اور میری اولاد کو مگر وہ چیز کہ لون مین مال اوسکے سے اسحال مین کہ وہ نجانے

فقال خذی ما یکفیک وولدک بالمعروف متفق علیه وعن

پس آپ نے فرمایا لیلے اوسقدر کہ کفایت کرے تجکو اور تیری اولاد کو موجب شرع کے متفق علیہ ۔ اور روایت ہے

جابر بن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اعطی الله احدکم

جابر بن سمرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ دیوے اللہ تعالی ایک تمہارے کو

خیرا فلیبدأ بنفسه واهل بیته رواه مسلم وعن ابی هریرة

مال پس چاہیے کہ شروع کرے اول اپنے پر خرچ کرے اور اپنے گہر کے لوگون پر نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للمملوک طعامه وکسوته ولا یکلف

کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ واسطے بردی کے روٹی کپڑا اوسکا ہے اور نہ تکلیف دیا جاوے

من العمل الا ما یطیق رواه مسلم وعن ابی ذر قال قال رسول

کام سے مگر جسقدر کہ طاقت رکہی نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ذر سے کہ کہا فرمایا رسول

الله صلی الله علیه وسلم اخوانکم جعلهم الله تحت ایدیکم فمن جعل الله اخاه

خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بردی تمہارے بہائی تمہارے ہین اور مانند تمہارے کیا ہے اونکو اللہ تعالی نے زیردست تمہارا پس جو شخص کرے اللہ

تحت یدیه فلیطعمه مما یاکل ولیلبسه مما یلبس ولا یکلفه من العمل ما

زیردست اوسکا پس چاہیے کہ کہلاوے اوسکو اوس چیز سے کہ آپ کہاوے اور پہنا دے اوسکو اوس چیز سے کہ آپ پہنے اور نہ تکلیف دے اوس

یغلبه فان کلفه ما یغلبه فلیعنه علیه متفق علیه وعن عبد الله بن عمرو جاءه

ہوسکو اوس پر اگر تکلیف دی اوسکو اوس کام کی کہ نہین سکتا اوس تو چاہیے کہ مدد کرے اوسکی اوس کام پر متفق علیہ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے

قهرمان له فقال له اعطیت الرقیق قوتهم قال لا قال فانطلق

مختار اونکا پس کہا عبد اللہ نے اوسکو دیا تونے غلام لونڈیون کو قوت اونکا کہا اوس نے کہ نہین کہا عبد اللہ نے پس جا

فاعطهم فان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال کفی بالرجل اثما ان یحبس

اور دے اونکو قوت اونکا پس تحقیق رسول خدا صلعم نے فرمایا کفایت کرتا ہے آدمی کو گناہ ہونے مین یہ کہ ندے

عمن یملک قوته وفی روایة کفی بالمرء اثما ان یضیع من یقوت

اپنے مملوک کو قوت اوسکا اور ایک روایت مین ہے کہ فرمایا حضرت نے کفایت کرتا ہے آدمی کو گناہ ہونے مین یہ کہ ضائع کرے قوت

رواه مسلم وعن ابی ہریرۃ قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا
نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے جس وقت

صنع لاحدکم خادمه طعامه ثم جاءہ به وقد ولی حرہ ودخانه
کہ تیار کرے واسطے ایک تمہارے کے خادم اوسکا کہانا اوسکا پھر لاوے اوسکے پاس کہانا حال انکہ اوسنے ہی اوس کے گرمی اور دہوئیں

فلیقعدہ معه فلیاکل فان کان الطعام مشفوها قلیلا فلیضع
پس چاہیے کہ بٹھاوے اوسکو اپنے ساتھ اور کھاوے پس اگر ہو کہانا کہ اوسکے کھانے والے بہت ہون اور تھوڑا پس چاہیے کہ رکھے

فی یدہ منه اکلة او اکلتین رواه مسلم وعن عبدالله بن عمر
اوسکے ہاتھ مین اوس سے ایک لقمہ یا دو لقمہ نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے عبدالله بن عمر سے

ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان العبد اذا نصح لسیدہ واحسن
یہ کہ رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے فرمایا تحقیق غلام جسوقت کہ خیر خواہی کرتا ہے اپنے مالک کی اور اچھی کرتا ہے

عبادة الله فله اجرہ مرتین متفق علیه وعن ابی ہریرۃ قال
بندگی الله کی تو پس اوسکے لیے ہے ثواب اوسکا دوہرا متفق علیه ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعما للمملوك ان یتوفاہ الله بحسن
فرمایا رسول خدا صلے الله علیه وسلم نے اچھا ہے واسطے مملوک کے یہہ کہ وفات دے اوسکو الله ساتھ اچھی کرنے

عبادة ربه وطاعة سیدہ نعما له متفق علیه وعن جریر قال
عبادت پروردگار اپنے کے اور فرمانبرداری مالک اپنے کی تو اچھا ہے مملوک کے لیے یہ متفق علیه ۔ اور روایت ہے جریر سے کہا

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا ابق العبد لم تقبل له صلوۃ و
فرمایا رسول خدا صلی الله علیه وسلم نے جسوقت کہ بہاگتا ہے غلام نہین قبول کیجاتی واسطے اوسکے کوئی نماز اور

فی روایة عنه قال ایما عبد ابق فقد برئت منه الذمة وفی
ایک روایت مین جریر سے یون ہے کہ فرمایا حضرت نے جو غلام کہ بہاگا بری ہوا ہے اوس سے ذمہ اور ایک

روایة عنه قال ایما عبد ابق من موالیه فقد کفر حتی یرجع
روایت مین جریر سے یون آیا ہے کہ جو غلام کہ بہاگا اپنے مالکون سے پس تحقیق کافر ہوا یہانتک کہ پہر آوے

الیهم رواه مسلم وعن ابی ہریرۃ قال سمعت ابا القاسم
طرف اونکی نقل کی یہ مسلم نے ۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے کہ کہا سنا مینے نبی

صلی اللہ علیہ وسلم يقول من قذف مملوكه وهو بريء مما قال جلد يوم القيمة

صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو کوئی تہمت زنا کی کرے اپنے بردے پر اور وہ ہو پاک اور بیجز سے کہ کہا اس نے مارا جاویگا کوڑوں روز قیامت کے

إلا أن يكون كما قال متفق عليه وعن ابن عمر قال سمعت رسول

مگر یہ کہ ہو غلام جیسا کہ کہا مالک نے متفق علیہ اور روایت ہے ابن عمر سے کہ کہا سنا میں نے رسول

الله صلی اللہ علیہ وسلم يقول من ضرب غلاما له حدا لم يأته أو لطمه

خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے جو شخص کہ مارے اپنے غلام کو حد کہ نہیں کام کیا ہو اس کا یا طمانچہ مارا اسکو

فإن كفارته أن يعتقه رواه مسلم وعن أبي مسعود الأنصاري

پس تحقیق کفارہ اوسکا یہ ہے کہ آزاد کرے اوسکو نقل کی یہ مسلم نے۔ اور روایت ہے ابی مسعود انصاری سے

قال كنت أضرب غلاما لي فسمعت من خلفي صوتا اعلم

کہ کہا تھا میں مارتا اپنے غلام کو پس سنی میں نے اپنے پیچھے سے آواز خبردار ہو

أبا مسعود لله أقدر عليك منك عليه فالتفت فإذا هو

اے ابو مسعود سن البتہ اللہ تعالی زیادہ قادر ہے تجھپر بہ نسبت تجھ سے غلام پر پس دیکھا میں نے پیچھے اپنے پس ناگہاں وہ

رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فقلت يا رسول الله هو حر لوجه الله فقال

پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم تھے پس کہا میں نے یا رسول اللہ یہ آزاد ہے اللہ پس فرمایا

أما لو لم تفعل للفحتك النار أو لمستك النار رواه مسلم

آگاہ ہو اگر نہ آزاد کرتا تو البتہ جلاتی تجکو آگ دوزخ کی یا فرمایا لگتی تجھکو آگ نقل کی یہ مسلم نے۔

الفصل الثاني عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده

فصل دوسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی اونے باپ سے اوسنے اپنے دادا سے

أن رجلا أتى النبي صلی اللہ علیہ وسلم فقال إن لي مالا وإن والدي

یہ کہ ایک شخص آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا کہ تحقیق میرے پاس مال ہے اور تحقیق باپ میرا

يحتاج إلى مالي قال أنت ومالك لوالدك إن أولادكم من أطيب

محتاج ہے طرف مال میرے کے فرمایا تو اور مال تیرا واسطے باپ تیرے کے ہے سواسطے کہ اولاد تمہاری بہترین

كسبكم فكلوا من كسب أولادكم رواه أبو داود وابن ماجة

کمائی تمہاری سے ہے پس کھاؤ کمائی اولاد اپنی کے سے نقل کی یہ ابو داؤد اور ابن ماجہ نے

وعنه عن ابيه عن جده ان رجلا اتى النبى صلى الله عليه وسلم فقال

اور روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کی انہوں نے باپ سے اور انہوں نے اپنے دادا سے یہ کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ

انى فقير ليس لى شىء ولى يتيم فقال كل من مال يتيمك غير

تحقیق میں ہوں فقیر نہیں میرے پاس کچھ اور میری پرورش میں ہے ایک یتیم پس فرمایا کھا اپنے یتیم کے مال سے اسحالیکہ نہیں کرنے والا

مسرف ولا مبادر ولا متاثل رواه ابو داود والنسائى وابن ماجة

اسراف کرنیوالا ہو اور نہ برباد کرنیوالا اور نہ جمع کرنیوالا مال کا نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ نے

وعن ام سلمة عن النبى صلى الله عليه وسلم انه كان يقول فى مرضه

اور روایت ہے ام سلمہ سے کہ نقل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ تھے وہ فرماتے اپنی مرض الموت میں کہ لازم پکڑو

الصلوة وما ملكت ايمانكم رواه البيهقى فى شعب الايمان و

نماز کو اور ادا کرو حق ان کا کہ جن کے مالک ہیں ہاتھ تمہارے نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان میں اور

روى احمد وابو داود عن على نحوه وعن ابى بكر الصديق

نقل کی احمد اور ابو داؤد نے حضرت علی سے مانند اسکے۔ اور روایت ہے ابی بکر صدیق رضہ سے

عن النبى صلى الله عليه وسلم قال لا يدخل الجنة سيئ الملكة رواه الترمذى

کہ نقل کی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں داخل ہوگا بہشت میں برائی کرنیوالا اپنی مملوک سے نقل کی یہ ترمذی

وابن ماجة وعن رافع بن مكيث ان النبى صلى الله عليه وسلم قال حسن

اور ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے رافع بن مکیث سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خوش خلقی کرنی

الملكة يمن وسوء الخلق شؤم رواه ابو داود ولم ار فى غير

مملوکوں سے باعث برکت ہے اور بد خلقی مملوکوں سے کرنی سبب ہے بے برکتی کا نقل کی یہ ابو داؤد نے اور کہا مشکوۃ کے مصنف نے

المصابيح ما زاد عليه فيه من قوله والصدقة تمنع ميتة السوء

مصابیح میں وہ چیز کہ زیادتی کی صاحب مصابیح نے اس حدیث پر مصابیح میں یعنی یہ قول اور کہا اور صدقہ دینا باز رکھتا ہے

والبر زيادة فى العمر وعن ابى سعيد قال قال رسول الله صلى

اور نیکی کرنی سبب زیادتی کی ہے عمر میں۔ اور روایت ہے ابی سعید سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ

عليه وسلم اذا ضرب احدكم خادمه فذكر الله فارفعوا ايديكم رواه

علیہ وسلم نے جب مارے ایک تمہارا اپنے خادم کو پس وہ یاد کرے وہ اللہ کو پس اٹھا لو تم ہاتھ اپنے نقل کی یہ

التِّرْمِذِیُّ وَالْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ لٰکِنْ عِنْدَهٗ فَلْیُمْسِكْ

ترمذی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں لیکن نزدیک بیہقی کے لفظ فلیمسک ہے

بَدَلَ فَارْفَعُوْا اَیْدِیَکُمْ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

بدلے فارفعوا ایدیکم کے ۔ اور روایت ہے ابی ایوب سے کہ کہا سنا میں نے رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ وَالِدَةٍ وَّوَلَدِهَا فَرَّقَ اللّٰهُ بَیْنَهٗ

خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو شخص کہ جدائی ڈالے درمیان ماں اور بیٹے کے اسکے جدائی ڈالیگا اللہ درمیان اوسکے

وَبَیْنَ اَحِبَّتِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَعَنْ

اور درمیان محبوبوں اوسکے کے دن قیامت کے نقل کی یہ ترمذی اور دارمی نے ۔ اور روایت ہے

عَلِیٍّ قَالَ وَهَبَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غُلَامَیْنِ اَخَوَیْنِ فَبِعْتُ

حضرت علی رض سے کہ کہا بخشے مجھ کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے دو غلام کہ بھائی تھے آپس میں پس بیچا میں نے

اَحَدَهُمَا فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَلِیُّ مَا فَعَلَ غُلَامُكَ

ایک کو اونمیں سے پس فرمایا مجکو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے اے علی کیا ہوا غلام تیرا

فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ رُدَّهٗ رُدَّهٗ رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَعَنْهُ

لہ پس خبر دی میں نے حضرت م کو پس فرمایا پھیر لے اوسکو ۲ پھیر لے اوسکو نقل کی یہ ترمذی اور ابن ماجہ نے ۔ اور روایت ہے علی رض سے

اَنَّهٗ فَرَّقَ بَیْنَ جَارِیَةٍ وَّوَلَدِهَا فَنَهَاهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ

یہ کہ انہوں نے جدائی کی درمیان ایک لونڈی کے اور بیٹے اوسکے کے پس منع فرمایا اونکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے

فَرَدَّ الْبَیْعَ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ مُنْقَطِعًا وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى

سہ پس فسخ کیا انہوں نے بیع کو نقل کی یہ ابو داؤد نے بطریق انقطاع کے ۔ اور روایت ہے جابر سے کہ نقل کی نبی صلے اللہ

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ مَّنْ كُنَّ فِیْهِ یَسَّرَ اللّٰهُ حَتْفَهٗ وَاَدْخَلَهٗ

علیہ وسلم سے فرمایا تین چیزیں ہیں جس شخص میں ہوں وہ آسان کرتا ہے اللہ تعالی مرنے اوسکے کو اور داخل کریگا اوسکو

جَنَّتَهٗ رِفْقٌ بِالضَّعِیْفِ وَشَفَقَةٌ عَلَى الْوَالِدَیْنِ وَاِحْسَانٌ اِلَى الْمَمْلُوْكِ

بہشت اپنی میں نرمی کرنی سہ ساتھ ضعیف کے اور شفقت کرنی ماں باپ پر اور ہ احسان کرنا طرف مملوک کے

رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ

نقل کی یہ ترمذی نے اور کہا ترمذی نے یہ حدیث غریب ہے ۔ اور روایت ہے ابی امامہ سے

لہ یعنی خبر دی پیغمبر کو کہ بیچ ڈالا ہے ۱۲ ۲ یعنی فرمایا کہ پھیر لے اوسکو پھیر لے اور پھیر لے ۱۲ تا جدائی کا دونو بھائیوں میں نہ ہو ۱۲ سہ یعنی فسخ کیا انہوں نے بیع کو ان حدیثوں سے معلوم ہوا کہ جائز نہیں جدا کرنا ... ایک دوسرے سے کی جدائی ۔ سبحان اللہ قربان ایسے رحم کرنیوالے کے ۱۲ سہ نرمی کرنی ساتھ ضعیف کے از راہ جسم کے ہو یا عقل کے یا حال کے ۔ ہ اور احسان کرنا طرف مملوک کے یعنے نصاب واجب سے زیادہ سلوک کرنا ۱۲

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَبَ لِعَلِيٍّ غُلَامًا فَقَالَ لَا تَضْرِبْهُ فَإِنِّي

یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بخشا واسطے علیؓ کے ایک غلام اور فرمایا کہ نہ مارنا اسکو اسواسطے کہ میں

نُهِيتُ عَنْ ضَرْبِ أَهْلِ الصَّلٰوةِ وَقَدْ رَأَيْتُهُ يُصَلِّي هٰذَا لَفْظُ الْمَصَابِيحِ

منع کیا گیا ہوں مارنے نمازیوں کے سے اور دیکھا ہے میں نے اسکو نماز پڑھتے یہ لفظ مصابیح کے ہیں

وَفِي الْمُجْتَبٰى لِلدَّارَقُطْنِيِّ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ نَهَانَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

اور کتاب مجتبی میں کہ تصنیف دارقطنی کی ہے یہ ہے کہ عمر بن الخطابؓ نے کہا کہ منع کیا ہمکو رسول خدا صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضَرْبِ الْمُصَلِّينَ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ

علیہ وسلم نے مارنے نمازیوں کے سے ۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن عمرؓ سے کہا آیا ایک شخص

إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ كَمْ تَعْفُوا عَنِ الْخَادِمِ

طرف نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا یا رسول اللہ کتنی بار درگذر کریں ہم تقصیرات لونڈی غلام اپنی سے

فَسَكَتَ ثُمَّ أَعَادَ عَلَيْهِ الْكَلَامَ فَصَمَتَ فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ قَالَ

پس چپکے رہے حضرتؐ پھر عرض کیا حضرتؐ سے کلام مذکور پس چپ رہے پھر جب تیسری بار پوچھا تو فرمایا

اعْفُوا عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

معاف کرو اس سے ہر روز ستر بار نقل کی یہ ابو داؤد نے اور نقل کی یہ ترمذی نے

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

عبد اللہ بن عمرو سے ۔ اور روایت ہے ابی ذرؓ سے کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

مَنْ لَاءَمَكُمْ مِنْ مَمْلُوكِيكُمْ فَأَطْعِمُوهُ مِمَّا تَأْكُلُونَ وَاكْسُوهُ مِمَّا تَكْسُونَ

جو کوئی اطاعت کرے تمہاری لونڈی غلاموں تمہارے سے پس کھلاؤ اسکو اس میں سے جو آپ کھاتے ہو اور پہناؤ اسکو اس میں سے

وَمَنْ لَا يُلَائِمُكُمْ فَبِيعُوهُ وَلَا تُعَذِّبُوا خَلْقَ اللهِ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَ

اور جو کوئی نہ موافق ہو تمہاری لونڈی غلاموں میں سے پس بیچ ڈالو اسکو اور نہ عذاب دو مخلوق خدا کو نقل کی یہ احمد اور

أَبُو دَاوُدَ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ الْحَنْظَلِيَّةِ قَالَ مَرَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابو داؤد نے ۔ اور روایت ہے سہل بن حنظلیہ سے کہا گذرے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم

بِبَعِيرٍ قَدْ لَحِقَ ظَهْرُهُ بِبَطْنِهِ فَقَالَ اتَّقُوا اللهَ فِي هٰذِهِ الْبَهَائِمِ

ایک اونٹ پر کہ تحقیق لگ گئی تھی پیٹھ اسکی پیٹ اسکے سے پس فرمایا ڈرو اللہ سے بیچ حق ان چارپایوں

الْمُعْجَمَةِ فَارْكَبُوهَا صَالِحَةً وَاتْرُكُوهَا صَالِحَةً رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ الْفَصْلُ

بے زبان کے پس سوار ہوا و اوپر اونکے اسحال مین کر قابل سواری کے ہون اور چہوڑ دو انکو بحالیکہ اچہی ہون نقل کی یہ ابوداود نے

الثَّالِثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَ قَوْلُهُ تَعَالَى وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ

تیسری روایت ہے ابن عباس سے کہا جب اترا قول اللہ تعالی کا اور نہ نزدیک ہو مال

الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ وَقَوْلُهُ تَعَالَى إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ

یتیم کے مگر ساتھ اوس خصلت کے کہ وہ نیک تر ہے اور اترا قول اللہ تعالی کا تحقیق وہ لوگ کہ کہاتے ہین مال

الْيَتَامَى ظُلْمًا الْآيَةَ انْطَلَقَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ يَتِيمٌ فَعَزَلَ طَعَامَهُ

یتیمون کا از راہ ظلم کے آخر آیۃ تک شروع کیا اون لوگون نے کہ تھے نزدیک اونکے یتیم پس الگ کردیا کہانا اونکا

مِنْ طَعَامِهِ وَشَرَابَهُ مِنْ شَرَابِهِ فَإِذَا فَضَلَ مِنْ طَعَامِ الْيَتِيمِ

کہانے اپنے سے اور پینا اونکا پینے اپنے سے پس جب بچ رہتا کہانے یتیم کے سے

وَشَرَابِهِ شَيْءٌ حُبِسَ لَهُ حَتَّى يَأْكُلَهُ أَوْ يَفْسُدَ فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ

اور پینے اوسکے سے کچھ رکھ چہوڑتے واسطے اوسکے یہانتک کہ کہاتا اوسکو یتیم یا بگڑ جاتا پس دشوار ہوا یہ یتیم کے

فَذَكَرُوا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى وَيَسْأَلُونَكَ

پہر ذکر کیا اونہون نے یہ روبرو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس اتاری اللہ تعالی نے یہ آیت اور پوچہتے ہین تجہسے

عَنِ الْيَتَامَى قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ

حال یتیمون کے سے کہہ درستی کرنی واسطے یتیمونکے بہتر ہے اور اگر ملا لو اونکا مال کو اپنے مال مین پس بہائی تمہارے ہین

فَخَلَطُوا طَعَامَهُمْ بِطَعَامِهِمْ وَشَرَابَهُمْ بِشَرَابِهِمْ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ

پس ملا دیا پرورش کرنیوالون نے کہانا اونکا ساتھ کہانے اپنے کے اور پینا اونکا ساتھ پینے اپنے کے نقل کی یہ ابوداود

وَالنَّسَائِيُّ وَعَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ

اور نسائی نے۔ اور روایت ہے ابی موسی سے کہ کہا لعنت کی رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اوسکو

فَرَّقَ بَيْنَ الْوَالِدِ وَوَلَدِهِ وَبَيْنَ الْأَخِ وَبَيْنَ أَخِيهِ رَوَاهُ ابْنُ

جدائی ڈالے درمیان باپ اور اوسکے بیٹے کے اور درمیان دو بہائیون کے نقل کی یہ ابن

مَاجَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ

ماجہ اور دارقطنی نے۔ اور روایت ہے عبد اللہ بن مسعود سے کہ کہا تہے نبی

اور اگر ملا لو اپنے مال سے اونکا مال بہ نیت اوسکے کہ اگر خرچ پہلے اوسکے نفع ہو اور اوسکا لالچ نہیں تو اوسکے وقت

نہیں کرو گے خرچ تم کچھ زیادہ اپنی اوسمین عوض کفالت اپنی

اور سے ہو اونکے کام بنانے نہ پیشہ نیت سے بچائے اوسکی حفاظت

اور کے اسکے نیت سے بہائی کے درمیان اپنی اور ایکے ساتھ

اور یہ ماجہ نیت اچہی ہے کرنا عمل اوس کے حق یتیمون سے

اور یہ کہ کہا علاوہ جدا رکہنا نہین کہ دو سگے سے

اسکے کہ مخالطۃ اور تفریق

(لمعات)

کیونکہ اسمین انکو تکلیف ہوگی ایک دوسرے کی جدائی سے اور حنفیہ نے کہا کہ صغیر کو اسکے محرم سے جدا کرنا مکروہ ہے اور کبیر کو جدا کرنا جائز ہے اور شافعی کے نزدیک صغیر کو حد سات آٹھ برس تک جدا کرنا ناجائز ہے اور حنفیہ کے نزدیک احتلام تک اور امام احمد نے حدیث کے موافق کہا کہ بچہ اور اسکی ماؤں مین کبہی تفریق جائز نہیں ہے اگرچہ بڑا ہو اور بالغ ہو جائے

(لمعات) ۱۲

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُتِيَ بِالسَّبْيِ أَعْطَى أَهْلَ الْبَيْتِ جَمِيعًا كَرَاهِيَةَ أَنْ يُفَرِّقَ
صلے اللہ علیہ وسلم جب لائے جاتے قیدی تو دیتے آپ ہمارے کو سارا گہر کا گہر واسطے مکروہ رکہنے اسکے کہ جدائی ڈالیں

بَيْنَهُمْ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
درمیان اونکے نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ اور روایت ہے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے

قَالَ أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِشِرَارِكُمُ الَّذِي يَأْكُلُ وَحْدَهُ وَيَجْلِدُ عَبْدَهُ وَيَمْنَعُ
فرمایا کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ بُروں کے تم میں سے وہ ہے کہ کہاوے تنہا اور مارے اپنے غلام کو اور نہ دے

رِفْدَهُ رَوَاهُ رَزِينٌ وَعَنْ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ
بخشش اپنی نقل کی یہ رزین نے۔ اور روایت ہے ابی بکر صدیق رض سے کہ کہا فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَيِّئُ الْمَلَكَةِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَيْسَ أَخْبَرْتَنَا
صلے اللہ علیہ وسلم نے نہیں داخل ہوگا بہشت میں بُرائی کرنیوالا اپنے غلام لونڈیوں سے کہا صحابہ نے یا رسول اللہ کیا نہیں خبر دی

أَنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ أَكْثَرُ الْأُمَمِ مَمْلُوكِينَ وَيَتَامٰى قَالَ نَعَمْ فَأَكْرِمُوهُمْ
یہہ کہ یہ امت اگلی امتوں سے باعتبار لونڈی غلام اور یتیموں کے فرمایا ہاں پس عزیز رکہو اونکو

كَكَرَامَةِ أَوْلَادِكُمْ وَأَطْعِمُوهُمْ مِمَّا تَأْكُلُونَ قَالُوا فَمَا تَنْفَعُنَا الدُّنْيَا
مانند عزیز رکہنے اولاد اپنی کے اور کہلاؤ اونکو اوس چیز سے کہ کہاتے ہو تم کہا صحابہ نے پس کونسی چیز نفع کرتی ہے ہمکو

قَالَ فَرَسٌ تَرْتَبِطُهُ تُقَاتِلُ عَلَيْهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَمَمْلُوكٌ يَكْفِيكَ
فرمایا ایک گہوڑا کہ باندہ رکہو تو اوسکو لڑا کرے تو اوسپر اللہ کی راہ میں اور ایک مملوک کہ کفایت کرے تجہکو

فَإِذَا صَلَّى فَهُوَ أَخُوكَ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ بَابُ بُلُوغِ الصَّغِيرِ وَ
پس جب نماز پڑہے مملوک سو پس وہ بہائی تیرا ہے نقل کی یہ ابن ماجہ نے۔ باب ہے بیچ بیان بالغ ہونے چہوٹے لڑکے اور

حَضَانَتِهِ فِي الصِّغَرِ اَلْفَصْلُ الْأَوَّلُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ
بیچ بیان پرورش اوسکی کے صغر سنی میں۔ فصل پہلی روایت ہے ابن عمر سے کہا

عُرِضْتُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ أُحُدٍ وَأَنَا ابْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً
روبرو کیا گیا میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے سال جنگ احد کے اور تہا میں چودہ برس کا

فَرَدَّنِي ثُمَّ عُرِضْتُ عَلَيْهِ عَامَ الْخَنْدَقِ وَأَنَا ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً
پس لے گئے مجہکو پہر روبرو کیا گیا میں حضرت ص کے سال جنگ خندق کے اور میں پندرہ برس کا تہا

فاجازنی فقال عمر بن عبد العزیز ھذا فرق ما بین المقاتلۃ و

پس اجازت دی مجھکو پس کہا عمر بن عبد العزیز نے کہ یہ عمر فرق کرنیوالی ہے درمیان لڑنے والوں کے اور

الذریۃ متفق علیہ وعن البراء بن عازب قال صالح النبی صلی

لڑکوں کے متفق علیہ اور روایت ہے براء بن عازب سے کہا صلح کی نبی صلے اللہ

اللہ علیہ وسلم یوم الحدیبیۃ علی ثلثۃ اشیاء علی ان من اتاہ من المشرکین

علیہ وسلم نے دن حدیبیہ کے تین چیزوں پر اسپر کہ جو آجاوے حضرت کے پاس مشرکوں میں سے

ردہ الیھم ومن اتاھم من المسلمین لم یردوہ وعلی ان یدخلھا

پھیر دیں اوسکو اونکی طرف اور جو آدمی جاوے پاس مشرکوں کے مسلمانوں میں سے نہ پھیر دیں مشرک اوسکو اور صلح کی اسپر کہ داخل ہوں حضرت

من قابل ویقیم بھا ثلثۃ ایام فلما دخلھا ومضی الاجل خرج

مکہ میں اگلے سال اور ٹھیریں اوسمیں تین دن پس جب داخل ہوئے حضرت مکہ میں اور ہو چکی مدت معینہ ارادہ

فتبعتہ ابنۃ حمزۃ تنادی یا عم یا عم فتناولھا علی فاخذ بیدھا

پس لگے اونکے پیچھے بیٹی حمزہ کی پکارتے ہوئے اے چچا میرے اے چچا میرے پس ارادہ کیا پکڑنے اوسکی کا حضرت علی نے پس پکڑ لیا ہاتھ اوسکا

فاختصم فیھا علی وزید وجعفر فقال علی انا اخذتھا وھی بنت عمی وقال

پس جھگڑے بیچ پرورش کرنے بیٹی حمزہ کے علی اور زید اور جعفر پس کہا حضرت علی نے میں نے پہلے لیا ہے اسکو اور وہ بیٹی ہے میرے چچا کی

جعفر بنت عمی وخالتھا تحتی وقال زید بنت اخی فقضی بھا النبی

حضرت جعفر نے کہ یہ بیٹی ہے میرے چچا کی اور خالا اسکی میرے نکاح میں ہے اور کہا زید نے بھتیجی میری ہے پس حکم فرمایا ساتھ اوسکے نبی

صلی اللہ علیہ وسلم لخالتھا وقال الخالۃ بمنزلۃ الام وقال لعلی انت منی

صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے خالا اوسکی کے اور فرمایا کہ خالا بمنزلہ ماں کے ہے اور فرمایا واسطے حضرت علی کے کہ تو مجھ سے ہے

وانا منک وقال لجعفر اشبھت خلقی وخلقی وقال لزید انت اخونا

اور میں تجھسے ہوں اور فرمایا واسطے جعفر کے کہ مشابہ ہے تو پیدائش میری میں اور خلق میری میں اور فرمایا زید کو کہ تو بھائی ہمارا ہے

ومولانا متفق علیہ الفصل الثانی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ

اور محب ہمارا ہے متفق علیہ فصل دوسری روایت ہے عمرو بن شعیب سے کہ نقل کرتا ہے وہ اپنے باپ سے

عن جدہ عبد اللہ بن عمرو ان امرأۃ قالت یا رسول اللہ ان ابنی

اور شعیب نقل کرتا ہے اپنے دادا سے یعنی عبد اللہ بن عمرو سے یہ کہ ایک عورت نے کہا یا رسول اللہ تحقیق بیٹا میرا

هٰذا كَانَ بَطْنِي لَهُ وِعَاءً وَثَدْيِي لَهُ سِقَاءً وَحِجْرِي لَهُ حِوَاءً وَإِنَّ

یہ تھا بیٹا میرا واسطے اوسکے باسن اور تھی چھاتی میری واسطے اوسکی مشک اور گود میری اوسکے لیے رسی ہو گئی اور

أَبَاهُ طَلَّقَنِي وَأَرَادَ أَنْ يَنْتَزِعَهُ مِنِّي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتِ

باپ اوسکے نے طلاق دی مجکو اور ارادہ رکھتا ہو چھین لینے اوسکا مجسے پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے تو

أَحَقُّ بِهِ مَا لَمْ تَنْكِحِي رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ

لائق تر ہر ساتھ پرورش کرنے اوسکے کے جبتک کہ نہ نکاح کرے کسی سی نقل کی یہ احمد اور ابو داؤد نے اور روایت ہی ابی ہریرہ سے یہ کہ

رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ غُلَامًا بَيْنَ أَبِيهِ وَأُمِّهِ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے اختیار دیا لڑکے کو درمیان اوسکے باپ کے اور ماں اوسکی کے نقل کی یہ ترمذی نے

وَعَنْهُ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ

اور روایت ہی ابی ہریرہ سے کہا آئی ایک عورت پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق

زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي وَقَدْ سَقَانِي وَنَفَعَنِي فَقَالَ النَّبِيُّ

خاوند میرا ارادہ رکھتا ہے کہ لیجاوے بیٹے میرے کو اور حال یہ ہے کہ پانی پلاتا ہے مجکو اور نفع دیتا ہے مجکو پس فرمایا نبی

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوكَ وَهٰذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ أَيِّهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ باپ تیرا ہی اور یہ ماں تیری ہے پس پکڑلے ہاتھ ان دونوں میں سے جسکا چاہے پس پکڑا ہاتھ

أُمِّهِ فَانْطَلَقَتْ بِهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ اَلْفَصْلُ

ماں اپنی کا پس لے گئی اوسکو نقل کی یہ ابو داؤد اور نسائی اور دارمی نے فصل

الثَّالِثُ عَنْ هِلَالِ بْنِ أُسَامَةَ عَنْ أَبِي مَيْمُونَةَ سُلَيْمَانَ مَوْلًى

تیسری روایت ہی ہلال بن اسامہ سے کہ نقل کی اوسنے ابی میمونہ سے کہ نام اوسکا سلیمان آزاد کیا ہوا

لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا جَالِسٌ مَعَ أَبِي هُرَيْرَةَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ

کسیکا مدینہ والوں میں سے کہا اوسوقت کہ میں بیٹھا ہوا تھا ساتھ ابی ہریرہ کے آئی اونکے پاس ایک عورت

فَارِسِيَّةٌ مَعَهَا ابْنٌ لَهَا وَقَدْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا فَادَّعَيَاهُ فَرَطَنَتْ لَهُ

فارس کے رہنے والی اوسکے ساتھ تھا بیٹا اوسکا حال یہ کہ طلاق دی تھی اوسکو اوسکے خاوند نے پس دعوی کیا خاوند بیوی نے

تَقُولُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ

کہتی تھی اے ابو ہریرہ خاوند میرا ارادہ رکھتا ہے کہ لیجاوے میرے بیٹے کو پس کہا ابو ہریرہ نے

اسْتَهِمَا عَلَيْهِ رَطَنَ لَهَا بِذٰلِكَ فَجَاءَ زَوْجُهَا وَقَالَ مَنْ يُحَاقُّنِي

قرعہ ڈالو اسپر فارسی میں کلام کیا ابوہریرہ نے اس عورت سے ساتہ اس بات کے پھر آیا خاوند اوسکا اور کہا کون جھگڑتا ہے مجھسے

فِي ابْنِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اللّٰهُمَّ إِنِّي لَا أَقُولُ هٰذَا إِلَّا أَنِّي كُنْتُ

بیچ مقدمہ بیٹے میرے کے پس کہا ابوہریرہ نے یا الٰہی تحقیق میں نہیں کہتا یہہ مگر کہ تحقیق تھا میں

قَاعِدًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

بیٹھا پاس رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے پس آئی حضرتؐ کے پاس ایک عورت اور کہا یا رسول اللہ

إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِابْنِي وَقَدْ نَفَعَنِي وَسَقَانِي مِنْ بِئْرِ

تحقیق خاوند میرا ارادہ رکھتا ہے کہ لیجاوے بیٹے میرے کو حالانکہ نفع دیتا ہے وہ مجکو اور پلاتا ہے مجکو پانی

أَبِي عِنَبَةَ وَعِنْدَ النَّسَائِيِّ مِنْ عَذْبِ الْمَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

ابو عنبہ کے کنوئیں سے اور کتاب نسائی میں یوں ہے کہ پلاتا ہے مجکو میٹھا پانی پس فرمایا رسول خدا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا عَلَيْهِ فَقَالَ زَوْجُهَا مَنْ يُحَاقُّنِي فِي وَلَدِي

صلے اللہ علیہ وسلم نے قرعہ ڈالو اسپر پس کہا خاوند اوسکے نے کون ہے جھگڑتا مجھسے میرے لڑکے کی مقدمہ میں

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا أَبُوكَ وَهٰذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ

پس فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے یہہ ہے باپ تیرا اور یہہ ہے ماں تیری سو پس پکڑلے ہاتہ

أَيِّهِمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ

اُن دونوں میں سے جسکا چاہے پس پکڑا اوسنے ہاتہ اپنی ماں کا نقل کی یہ ابوداؤد اور نسائی اور دارمی نے

كِتَابُ الْعِتْقِ

الْفَصْلُ الْأَوَّلُ

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

کتاب ہے بیچ بیان آزاد کرنے غلام کے فصل پہلی روایت ہے ابی ہریرہ سے کہا فرمایا

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُسْلِمَةً أَعْتَقَ اللّٰهُ بِكُلِّ

رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ آزاد کرے بردہ مسلمان آزاد کرے گا اللہ بدلے ہر

عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنَ النَّارِ حَتّٰى فَرْجَهُ بِفَرْجِهِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ

عضو بردے کے عضو آزاد کرنیوالے کو آگ دوزخ سے یہانتک کہ بدلے ستر اوسکیکو بدلے ستر اوسکے متفق علیہ ۔ اور

عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ أَفْضَلُ قَالَ إِيمَانٌ

روایت ہے ابی ذر رضہ سے کہ کہا پوچھا میں نے رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم سے کونسا عمل بہتر ہے فرمایا ایمان لانا

بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِهِ قَالَ قُلْتُ فَأَيُّ الرِّقَابِ أَفْضَلُ قَالَ أَغْلَاهَا

ساتھ اللہ کے اور جہاد کرنا اوسکی راہ میں کہا ابوذر نے کہا میں نے کونسا بردہ آزاد کرنا بہتر ہے فرمایا کہ مہنگا ہو

ثَمَنًا وَأَنْفَسُهَا عِنْدَ أَهْلِهَا قُلْتُ فَإِنْ لَمْ أَفْعَلْ قَالَ تُعِينُ صَانِعًا

مول میں اور بہت پیارا ہو نزدیک مالک اوسکے کے کہا میں نے اگر نہ کرسکوں میں فرمایا مدد کر کام کرنیوالے کی

أَوْ تَصْنَعُ لِأَخْرَقَ قُلْتُ فَإِنْ لَمْ أَفْعَلْ قَالَ تَدَعُ النَّاسَ مِنَ الشَّرِّ

یا بنادے واسطے اوسکے کہ نہیں بنانا جانتا کہا میں نے پس اگر نہ کرسکوں میں فرمایا چھوڑ دے لوگوں کو برائی سے

فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ تَصَدَّقُ بِهَا عَلَى نَفْسِكَ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ الْفَصْلُ الثَّانِي

کہ پس تحقیق یہ خصلت خیر ہے کہ خیرات کرتا ہے تو ساتھ اوسکے اپنی نفس پر متفق علیہ۔ فصل دوسری

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

روایت ہے براء بن عازب سے کہ کہا آیا ایک گنوار پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے

فَقَالَ عَلِّمْنِي عَمَلًا يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ قَالَ لَئِنْ كُنْتَ أَقْصَرْتَ الْخُطْبَةَ

اور کہا سکھلائیے مجکو کوئی عمل کہ داخل کرے مجکو بہشت میں فرمایا اگر کوتاہی کی تونے بیان کرنے میں

لَقَدْ أَعْرَضْتَ الْمَسْأَلَةَ أَعْتِقِ النَّسَمَةَ وَفُكَّ الرَّقَبَةَ قَالَ أَوَلَيْسَا

تحقیق پھیلاؤ کیا تونے سوال کو آزاد کر جان کو اور خلاص کر بردے کو کہا اعرابی نے کیا نہیں دونوں

وَاحِدًا قَالَ لَا عِتْقُ النَّسَمَةِ أَنْ تَفَرَّدَ بِعِتْقِهَا وَفَكُّ الرَّقَبَةِ أَنْ

ایک فرمایا نہیں آزاد کرنا جان کا یہ ہے کہ تنہا ہووے تو ساتھ آزاد کرنے اوسکے کے اور خلاص کرنا بردے کا یہ ہے کہ

تُعِينَ فِي ثَمَنِهَا وَالْمِنْحَةَ الْوَكُوفَ وَالْفَيْءَ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الظَّالِمِ فَإِنْ

مدد کرے تو اوسکی مول میں اور دے منحہ شیر دار اور احسان کر ناتے دار ظالم پر پس اگر

لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَأَطْعِمِ الْجَائِعَ وَاسْقِ الظَّمْآنَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ

نہ کرسکے تو یہ پس کہلا بھوکے کو اور پلا پیاسے کو اور حکم کر ساتھ اچھی چیز کے اور منع کر

عَنِ الْمُنْكَرِ فَإِنْ لَمْ تُطِقْ ذٰلِكَ فَكُفَّ لِسَانَكَ إِلَّا مِنْ خَيْرٍ رَوَاهُ

بری چیز سے پھر اگر نہ کرسکے تو یہ پس بند کر اپنی زبان کو سوائے بھلائی کے نقل کی یہ

الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

بیہقی نے شعب الایمان میں۔ اور روایت ہے عمرو بن عبسہ سے کہ یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے

قال من بنى مسجدا ليذكر الله فيه بنى له بيت في الجنة ومن اعتق

فرمایا جو شخص کہ بناوے مسجد تاکہ ذکر کیا جاوے اللہ کا اوسمین بنایا جاتا ہے اوسکے لیے محل بڑا بہشت مین اور جو شخص کہ آزاد کرے

نفسا مسلمة كانت فديته من جهنم ومن شاب شيبة في سبيل

ایک نفس مسلمان کو سکے ہوگا وہ نفس بدلا اوسکا آگ دوزخ سے اور جو شخص کہ بوڑھا ہو بوڑھا ہونا تک اللہ کی راہ مین

الله كانت له نورا يوم القيمة رواه في شرح السنة الفصل

شے ہوگا وہ بڑھاپا اوسکے لیے نور دن قیامت کے نقل کی یہ صاحب مصابیح نے شرح السنۃ مین فصل

الثالث عن الغريف بن الديلمي قال اتينا واثلة بن الاسقع

تیسری روایت ہے غریف بیٹے دیلمی کے سے کہ کہا آیا مین واثلہ بیٹے اسقع کے پاس

فقلنا حدثنا حديثا ليس فيه زيادة ولا نقصان فغضب وقال

اور کہا مینے کہ بیان کر ہمسے ایک حدیث کہ نہو اوسمین زیادتی اور نہ کمی پس غصے ہوئے واثلہ اور کہا

ان احدكم ليقرأ ومصحفه معلق في بيته فيزيد وينقص فقلنا

کہ تحقیق ایک تمہارا پڑھتا ہے قرآن اور قرآن اوسکا لٹکا ہوا ہوتا ہے اوسکے گھر مین اور باوجود اسکے زیادتی کمی ہو جاتی ہے

انما اردنا حديثا سمعته من النبي صلى الله عليه وسلم فقال اتينا رسول الله

سوا اسکے نہین کہ ارادہ کیا تھا ہمنے حدیث کا کہ سنا ہو تمنے اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس کہا واثلہ نے کہ آئے ہم رسول خدا

صلى الله عليه وسلم في صاحب لنا اوجب يعني النار بالقتل فقال اعتقوا عنه

صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیچ مقدمہ ایک یار اپنے کے کہ واجب کیا تھا اپنے نفس پر یعنی آگ دوزخ کی اوسنے بسبب قتل کرنیکے پس فرمایا حضرت

يعتق الله بكل عضو منه عضوا منه من النار رواه ابوداود وعن

آزاد کریگا اللہ تعالی بدلے ہر عضو غلام کے عضو اوس قاتل کا آگ سے نقل کی یہ ابوداود نے اور روایت ہے

سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل الصدقة

سمرہ بن جندب سے کہ کہا فرمایا رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بہترین صدقہ کا

الشفاعة بها تفك الرقبة رواه البيهقي في شعب الايمان باب

سفارش کرنی ہے کہ بسبب اوسکی خلاص کی جاوے گردن نقل کی یہ بیہقی نے شعب الایمان مین ۔ باب ہے بیچ بیان

اعتاق العبد المشترك وشرى القريب والعتق في

